Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس (اہلِ سنت)، پاکستان کے جدید نصاب کے عین مطابق

سوالیہ پرچہ کے ساتھ

برائے طلباء

نورانی گائیڈ

حل شدہ پرچہ جات

درجہ عالمیہ

2

مفتی محمد احمد نورانی دامت برکاتہم عالیہ

H_M_Hasnain_Asadi

شبیر برادرز
اردو بازار ۰ لاہور

Madaris News Official

الشهادة العالمية فى العلوم العربية والاسلامية

"السنة الثانية" للطلاب الموافق سنة ۱۴۴۰ھ 2019ء

الورقة الأولى: لصحيح البخارى

الوقت المحدد: ثلث ساعات مجموع الأرقام: ۱۰۰

الملاحظة: السؤال الاول اجبارى ولك الخيار فى البواقى ان تجيب عن اثنين

السؤال الاول: عن ابى هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من يقم ليلة القدر ايمانا واحتسابا غفرله ماتقدم من الذنب

(الف) ترجم الحديث الشريف الى الاردية واشرح الكلمة المخطوط عليها؟ ۴+۶=۱۰

(ب) ان غفر الذنب من قيام الليلة الواحدة فقط فلم نكلف بالتوبة وسائر الاحكام الشريعة؟ بين موقفك بالتفصيل ۱۰

(ج) اكتب الحديث الاول من البخارى مع وجه تقديمه وبين معنى الوحى واقسامه؟ ۱۰+۱۰=۲۰

السؤال الثانى: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان من اشراط الساعة ان يرفع العلم ويثبت الجهل ويشرب الخمر ويظهر الزنا

(الف) ترجم الحديث الشريف الى الاردية واشرحه شافيا؟ ۷+۸=۱۵

قال النبى صلى الله عليه وسلم لاحسد الافى اثنتين رجل اتاه الله مالا فسلط على هلكته فى الحق......

(ب) ترجم الحديث الى الاردية مع تشكيلاً، واكتب الثانية التى يجوز فيها الحسد ۷+۸=۱۵

السؤال الثالث: عن ابى هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لو يعلم الناس مافى النداء والصف الاول ثم لم يجدوا الا ان يستهموا عليه لا ستهموا ولو يعلمون مافى التهجير لاستبقوا اليه ولو يعلمون مافى العتمة والصبح لا توها ولوحبوا

(الف) ترجم الحديث الى الاردية واشرح النص المخطوط عليه؟ ۷+۸=۱۵

H-M-HASNAIN-ASADI

(ب) اکتب الدعاء الذی یرغب الیها عند الاذان مع ترجمته الی الاردیة وانقل حدیثاً فی فضیلة الاذان؟ ۷+۸=۱۵

السؤال الرابع: ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم نعی النجاشی فی الیوم الذی مات فیه خرج الی المصلی فصف بهم وکبر اربعا .

(الف) ترجم الحدیث الشریف الی اللغة الاردیة وابن مات النجاشی؟ ۱۰+۵=۱۵

(ب) هل تجوز صلوٰة الغائب ام لا؟ بین مؤقفك بالدلائل القاطعة؟ ۱۵

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

درجہ عالیہ (برائے طلباء) سال دوم 2019ء

پہلا پرچہ: صحیح بخاری

سوال نمبر 1: عن ابی هریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم من یقم لیلة القدر ایمانا واحتسابا غفرله ماتقدم من الذنب

(الف) ترجم الحدیث الشریف الی الاردیة واشرح الکلمة المخطوط علیها؟

(حدیث کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ الفاظ کی وضاحت کریں؟)

(ب) ان غفر الذنب من قیام اللیلة الواحدة فقط فلم نکلف بالتوبة وسائر الاحکام الشریعة؟ بین موقفك بالتفصیل

(اگر ایک رات کے قیام سے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں تو پھر ہم توبہ اور باقی احکام شریعہ کے مکلف کیوں بنائے گئے ہیں؟ اپنا مؤقف تفصیل سے بیان کریں)

(ج) اکتب الحدیث الاول من البخاری مع وجه تقدیمه وبین معنی الوحی واقسامه؟

(صحیح بخاری کی پہلی حدیث لکھیں، اس کے مقدم کرنے کی وجہ تحریر کریں، وحی کا معنی اور اس کی اقسام بیان کریں؟)۔

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایمان کی حالت اور ثواب کی نیت سے شب قدر میں قیام کیا، تو اس کے پہلے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔

H-M-HASNAIN-ASADI

خط کشیدہ الفاظ کی وضاحت:

ایماناً: فعل ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء از باب افعال کا مصدر ہے اور حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ اس کا معنی ہے: یقین، ایمان۔ مطلب ہے کہ حالت ایمان میں قیام کرنے سے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔

احتساباً: یہ فعل ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افتعال کا مصدر ہے، اس کا مطلب ہے: ثواب کی نیت سے یعنی قیام کرنے کا مقصد ریا کاری نہ ہو بلکہ اجر و ثواب کا حصول ہو۔

(ب) مغفرت گناہوں سے مراد:

گناہوں کی دو اقسام ہیں: (i) گناہ صغیرہ: یعنی چھوٹے گناہ جو نیک اعمال کی برکت سے معاف کر دیے جاتے ہیں، جس طرح روایات کے مطابق ایک نماز سے دوسری نماز تک، ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک اور ایک رمضان سے لے کر دوسرے رمضان تک نماز، جمعہ اور ماہ رمضان کے روزوں کی برکت سے یہ گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔

(ii) کبیرہ گناہ: وہ گناہ ہیں جو بار ہا توبہ کیے بغیر معاف نہیں کیے جاتے۔

یہاں حدیث سے مراد بھی یہی ہے کہ شب قدر میں ایمان کی حالت و ثواب کی نیت سے قیام کرنے کی برکت سے صغیرہ گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں جبکہ کبیرہ گناہ توبہ کے بغیر معاف نہیں ہوتے۔

(ج) بخاری کی پہلی حدیث:

سمعت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ علی المنبر یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول (یاایھا الناس) انما الاعمال بالنیات ولکل امرای مانوی، ولمن کانت ھجرتہ الی اللہ ورسولہ فھجرتہ الی اللہ ورسولہ ومن کانت ھجرتہ الی دنیا یصیبھا اوالی امرأۃ ینکحھا فھجرتہ الی ماھاجر الیہ۔

حضرت علقمہ بن وقاص لیثی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو برسر منبر فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے: اے لوگو! بیشک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ بیشک ہر شخص کے لیے وہی ہے، جس کی اس نے نیت کی۔ پس جس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کی تو اس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے۔ اور جس کی ہجرت حصول دنیا کے لیے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کے لیے ہو تو اس کی ہجرت اس کی طرف ہے، جس کی طرف اس نے ہجرت کی۔

H-M-HASNAIN-ASADI

تقدیم حدیث کی وجہ:

ہر کام کا ثواب چونکہ حسن نیت پر مبنی ہے، اور نیت بد سے اچھے سے اچھا کام بے کار ہو جاتا ہے، اس لیے امام بخاری نے اس حدیث سے کتاب کا آغاز کیا کہ قاری و مقری، شیخ و تلمیذ، تعلیم و تعلم بہت غور کریں کسی فاسد نیت سے نہ کریں ورنہ سب محنت اکارت اور رائیگاں ہے۔

وحی کا معنیٰ اور اس کی اقسام:

وحی کا معنیٰ: وحی کا لغوی معنیٰ ہے: اشارہ کرنا، لکھنا، پیغام بھیجنا، دل میں بات ڈالنا، خفیہ بات کرنا، ذبح میں جلدی کرنا۔ اصطلاحی معنیٰ ہے: وہ کلام جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبی پر اتارا جائے۔

اقسام وحی: حضرات انبیاء علیہم السلام پر اتاری جانے والی وحی کی تین اقسام ہیں:

(۱) بلا واسطہ ملک بنفس نفیس باری عز اسمہ کا کلام قدیم سننا جیسے شب معراج میں ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کوہ طور پر سنا۔

(۲) فرشتہ کی وساطت سے کلام ربانی نازل ہو۔

(۳) حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کے قلوب میں معانی کا القاء کیا جائے جیسا کہ حضور انور نے فرمایا: إِنَّ رُوْحَ الْأَمِيْنِ نَفَثَ فِيْ رُوْعِيْ یعنی جبرئیل نے میرے دل پر القاء کیا۔

سوال نمبر 2: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ وَيَثْبُتَ الْجَهْلُ وَيُشْرَبَ الْخَمْرُ وَ يَظْهَرَ الزِّنَا

(الف) ترجم الحديث الشريف الى الاردية واشرحه شاملا؟

(حدیث کا ترجمہ کریں اور اس کی شرح وافی کریں؟)

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَسَدَ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَسُلِّطَ عَلٰى هَلَكَتِهٖ فِي الْحَقِّ......

(ب) ترجم الحديث الى الاردية مع تشكيله، واكتب الثانية التي يجوز فيها الحسد؟

(حدیث پر اعراب لگا کر اردو میں ترجمہ کریں، اور دوسری چیز لکھیں جس میں حسد جائز ہے؟)

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علامات قیامت میں سے ایک یہ بھی ہے کہ علم اٹھ جائے گا، جہالت قائم ہو جائے گی، شراب نوشی عام ہو جائے گی اور زنا کاری اعلانیہ ہو گی۔

H-M-HASNAIN-ASADI

حدیث کی تشریح:

اس حدیث میں چند مشہور علامات قیامت بیان کی گئی ہیں:

۱-علم اٹھ جائے گا: اس کے کئی مطالب ہیں: (i) علماء اٹھا لیے جائیں گے۔ (ii) باعمل علماء اٹھا لیے جائیں گے۔ (iii) علم دین کی طرف لوگوں کا رجحان ختم ہو جائے گا۔

۲-جہالت چھا جائے گی: علم کے اٹھ جانے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہر طرف جہالت اور بے عملی کا دور دورہ ہوگا۔ اسلامی احکام کی پرواہ کیے بغیر لوگ اپنے نفس کی پیروی کریں گے۔

۳-شراب نوشی عام ہونا: جب جہالت چھا جائے گی تو اس کا ایک نتیجہ یہ سامنے آئے گا کہ بے عملی، احکام اسلامی کی خلاف ورزی اور شراب نوشی عام ہو جائے گی۔ عصر حاضر میں شراب نوشی کوئی گناہ نہیں سمجھا جاتا، یہی وجہ ہے کہ اکثر وزراء، امراء اور اہل ثروت حضرات اس مرض میں مبتلا ہیں۔

۴-زنا کا عام ہونا: جہالت کے تسلط کے باعث جہاں دوسری خرابیاں ظاہر ہوں گی وہاں زنا کاری بھی عام ہو جائے گی، اخبارات کے واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ عصر حاضر ہی وہ دور ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے امن و حفاظت میں رکھے۔

(ب) اعراب و ترجمہ حدیث:

نوٹ: اعراب اوپر حدیث پر لگا دیے گئے ہیں جبکہ ترجمہ درج ذیل ہے:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسد صرف دو آدمیوں کے لیے جائز ہے: (۱) جس کو اللہ تعالیٰ نے دولت عطا کی ہو وہ اسے اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے۔

دوسرا شخص: دوسرا شخص جس کے لیے حسد جائز ہے وہ ہے؛ جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کی دولت سے نوازا اور وہ ہمہ وقت اس کی تدریس و اشاعت میں مصروف رہتا ہے۔

اس روایت کا مطلب یہ ہے کہ حسد ناجائز ہے، اگر بالفرض جائز ہوتا تو ان دو شخصوں کے لیے، ان کی خدمت کے اعتراف میں جائز ہوتا یا یہاں حسد سے مراد اس کا مجازی معنی یعنی غبطہ ہے، غبطہ سے مراد ہے کہ کسی کے پاس کوئی مرغوب و پسندیدہ چیز دیکھ کر یہ خواہش کرنا کہ یہ چیز اس کے پاس رہے اور اس کی مثل اللہ تعالیٰ مجھے بھی عطا کرے۔ حسد ناجائز ہے اور غبطہ جائز ہے۔

سوال نمبر 3: عن ابی هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لو يعلم الناس مافى النداء والصف الاول ثم لم يجدوا الا ان يستهموا عليه لا ستهموا ولو يعلمون مافى التهجير لاستبقوا اليه ولو يعلمون مافى العتمة والصبح لا توها ولو حبوا

(الف) ترجم الحديث الى الاردية واشرح النص المخطوط عليه؟

(حدیث کا اردو میں ترجمہ کریں، اور خط کشیدہ نص کی تشریح کریں؟)

(ب) اکتب الدعاء الذی یرغب الیھا عند الاذان مع ترجمتہ الی الاردیۃ وانقل حدیثاً فی فضیلۃ الاذان؟

(اذان کے وقت پڑھی جانے والی دعاء مع ترجمہ لکھیں؟ اذان کی فضیلت میں ایک حدیث نقل کریں؟)

جواب: (الف) حدیث کا ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ اذان کہنے اور صف اول میں شامل ہونے میں کتنا ثواب ہے، پھر قرعہ ڈالے کے بغیر نہ حاصل ہو تو وہ ضرور قرعہ ڈالیں۔ اگر یہ معلوم ہو جائے کہ اول وقت میں نماز ادا کرنے کا کتنا ثواب ہے تو بڑی کوشش سے آئیں۔ اگر جان لیں کہ نماز عشاء اور نماز فجر با جماعت ادا کرنے کا کتنا ثواب ہے، تو وہ ضرور ان دونوں جماعتوں میں آئیں خواہ گھٹنوں کے بل چل کر آنا پڑے۔

خط کشیدہ نص کی وضاحت:

اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہر نماز کی جماعت میں شمولیت کی بڑی فضیلت ہے مگر نماز عشاء اور نماز فجر کی جماعت میں شامل ہونے کا بہت ثواب ہے۔ ایک روایت کے مطابق ان دو نمازوں میں شامل ہونے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ رات بھر کی عبادت کے اجر وثواب سے نوازتا ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ یہ دونوں نمازیں صرف منافق پر بھاری ہیں۔ ان دونوں کی خصوصی فضیلت کی وجہ یہ ہے کہ دن بھر کے کام کاج سے انسان تھک جاتا ہے اور رات کی نماز اس کے لیے دشوار ہو جاتی ہے، شیطان بھی اسی کی ترغیب دیتا ہے۔ صبح کی نماز کی فضیلت اس لیے زیادہ ہے کہ مسلمان غفلت اور نیند کو دور کر کے محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے مسجد میں آتا ہے اور نماز با جماعت ادا کرتا ہے۔

(ب) اذان کے وقت پڑھی جانے والی دعا:

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔

اے اللہ! تو اس دعوت تامہ (اذان) کا مالک ہے، نماز فرض کرنے والا ہے، تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ و بلند مقام عطا کر، تو اسے اس عالی مقام پر فائز کر جس کا تو نے وعدہ کر رکھا ہے، قیامت کے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا ہمیں حقدار بنانا۔ بیشک تو اپنے لیے ہوئے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔

HM-HASNAIN-ACADEMY

فضیلت اذان پر حدیث:

فضیلت اذان کے حوالے سے کثیر احادیث مبارکہ ہیں جن میں سے ایک حسب ذیل ہے:

عن ابی هريرة رضی الله تعالٰی عنه قال ان المؤذن يغفر له مدی صوته ويصدقه كل رطب ويابس سمع صوته .

سوال نمبر 4: ان رسول الله صلی الله عليه وسلم نعی النجاشی فی اليوم الذی مات فيه خرج الی المصلی فصف بهم و كبر اربعا .

(الف) ترجم الحديث الشريف الی اللغة الاردية واين مات النجاشی؟

(حدیث کا اردو زبان میں ترجمہ کریں، اور نجاشی کی وفات کہاں ہوئی؟)

(ب) هل تجوز صلوٰة الغائب ام لا؟ بين مؤقفك بالدلائل القاطعة؟

(کیا غائبانہ نماز جنازہ جائز ہے یا نہیں؟ اپنا مؤقف مضبوط دلائل سے بیان کریں؟)

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

بیشک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کی وفات کی خبر اسی دن سنی جس دن وہ فوت ہوا، آپ جنازگاہ کی طرف تشریف لے گئے، لوگوں کی صف بندی کی اور (نماز جنازہ میں) چار تکبیریں کہیں۔

نجاشی کی وفات کا مقام:

نجاشی "حبشہ" کا حکمران تھا، وہ غائبانہ طور پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے متعارف تھا اور وہ مسلمان ہو چکا تھا۔ اس کی وفات "حبشہ" میں ہوئی۔ اس کی وفات کی اطلاع بذریعہ وحی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دی گئی اور اپنے صحابہ کو ساتھ لے کر آپ نے اس کی نماز جنازہ پڑھی۔

(ب) غائبانہ نماز جنازہ کا مسئلہ:

کیا غائبانہ نماز جنازہ جائز ہے یا نہیں؟ اس بارے میں آئمہ اربعہ کا اختلاف ہے اور اس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ اور حضرت امام مالک رحمہما اللہ تعالٰی کا مؤقف ہے کہ غائبانہ نماز جنازہ منع ہے۔ ان کی دلیل یہ حدیث پاک ہے:

لا يموتن احد منكم الا اذنتمونی فان صلوٰتی عليه رحمة له ۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے صحابہ کرام کو اعلان و حکم تھا کہ جب تم میں سے کسی کی وفات ہو جائے تو تم اس بارے میں مجھے ضرور بتانا، کیونکہ میری نماز جنازہ اس کے لیے رحمت ثابت ہوگی۔

نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس زمانہ میں دور دراز علاقہ جات میں کثیر صحابہ نے وفات پائی لیکن

H-M-HASNAIN-ASADI

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے کسی پر بھی نماز جنازہ نہیں پڑھی۔

۲۔حضرت امام شافعی اور حضرت امام احمد بن حنبل رحمہما اللہ تعالیٰ کے نزدیک غائبانہ نماز جنازہ جائز ہے۔انہوں نے زیر بحث حدیث کے علاوہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی اس روایت سے استدلال کیا ہے:

قال قال لنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اخاکم النجاشی قدمات فقوموا فصلوا علیہ قال فقمنا فصففنا کما یصف علی المیت وصلینا علیہ کما یصلی علی المیت (جامع ترمذی)

راوی کا کہنا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں فرمایا: بیشک تمہارا "نجاشی" بھائی وفات پا گیا ہے، پس تم کھڑے ہو جاؤ اور اس پر نماز جنازہ پڑھو، پس ہم کھڑے ہوئے، ہم نے ایسے صف بندی کی جس طرح میت پر کی جاتی ہے، ہم نے اس کی نماز جنازہ اس طرح پڑھی جس طرح میت پر پڑھی جاتی ہے۔

احناف کی طرف سے حضرت امام شافعی اور حضرت امام احمد بن حنبل رحمہما اللہ تعالیٰ کی اس دلیل کے کئی جوابات دیے جاتے ہیں:

(i) نجاشی پر غائبانہ نماز جنازہ پڑھنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات میں سے ہے۔(ii) اللہ تعالیٰ نے زمینی بعد ختم کر کے نجاشی کی میت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے رکھ دی تھی۔(iii) شب معراج کی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قرب و بعد کی منازل ختم کر کے یکسانیت کا روپ بھر دیا گیا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

الشهادة العالمية فی العلوم العربية والاسلامية

"السنة الثانية" للطلاب الموافق سنة ۱۴۴۰ھ 2019ء

الورقة الثانية: لصحيح مسلم

الوقت المحدد: ثلث ساعات مجموع الأرقام: ۱۰۰

الملاحظة: السؤال الأول اجباری ولك الخيار فی البواقی أن تجيب عن اثنين فقط

السؤال الاول: حدثنا يحيى بن يحيى و محمد بن رمح قال اخبرنا الليث، وحدثنا قتيبة بن سعيد حدثنا ليث عن نافع عن عبدالله عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه نهى عن بيع حبل الحبلة.

(الف) شكل الحديث مع سنده وترجمه الى الأردية؟ ۵+۵=۱۰

(ب) عرف بيع حبل الحبلة وزين التحقيق الصرفی عن المخطوط عليها؟ ۸+۷=۱۵

(ج) بين معنى البيوع الآتية مع حكمها وعلتها؟ ۳×۵=۱۵

بيع العرايا، تلقىَ الجلب، بيع الحصاة

السؤال الثانی: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كانت له ارض فليزرعها او فليحرثها اخاه والا فليدعها

(الف) ترجم الحديث واشرحه شرحا بسيطا؟ ۵+۵=۱۰

(ب) هل يجوز كراء الارض ام لا؟ بين مذهب الاحناف مع دلائلهم. ۲۰

السؤال الثالث: عن ابن عباس ان النبی صلى الله عليه وسلم قال مثل الذی يرجع فی صدقته كمثل الكلب يقیء ثم يعود فی قيئه فيأكله

(الف) ترجم الحديث الى الأردية واكتب معنى الهبة لغة واصطلاحا؟ ۵+۵=۱۰

(ب) بين الحكم مع الدليل عن تفضيل بعض الاولاد فی الهبة وعن شراء الانسان ما تصدق به ممن تصدق عليه؟ ۲۰

H-M-HASNAIN-ASADI

السؤال الرابع: عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم رأی شیخا یھادی بین ابنیہ فقال مابال ھذا؟ قالوا نذر ان یمشی قال ان اللہ عن تعذیب ھذا نفسہ لغنی وامرہ ان یرکب

(الف) ترجم الحدیث الی اللغة الأردیة وبین حکم النذر الذی فیہ معصیة وایضا اکتب کفارة النذر؟ ۵+۵+۵=۱۵

(ب) القرآن یامرنا ایفاء النذور (ولیوفوا نذورھم) ولکن امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم شیخاً بترکہ، علیك التطبیق بین القرآن والحدیث؟ ۱۵

درجہ عالمیہ (برائے طلباء) سال دوم 2019ء

دوسرا پرچہ: صحیح مسلم

سوال نمبر1: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ یَحْیَی وَ مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَا أَخْبَرَنَا اللَّیْثُ، وَحَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا لَیْثٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أَنَّہُ نَھٰی عَنْ بَیْعِ حَبَلِ الْحَبَلَةِ.

(الف) شکل الحدیث مع سندہ وترجمہ الی الأردیة؟

(حدیث مع سند پر اعراب لگائیں اور اس کا اردو میں ترجمہ کریں؟)

(ب) عرف بیع حبل الحبلة وزین التحقیق الصرفی عن المخطوط علیھا

("بیع حبلہ" کی تعریف کریں، اور خط کشیدہ کی صرفی تحقیق کریں؟)

(ج) بین معنی البیوع الاٰتیة مع حکمھا وعلتھا؟ بیع العرایا، تلقی الجلب، بیع الحصاة

(درج ذیل بیوع کے معنی، ان کا حکم اور ان کی علت بیان کریں؟)

جواب: (الف) حدیث پر اعراب اور اس کا ترجمہ:

نوٹ: اوپر حدیث مع سند پر اعراب لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ درج ذیل ہے:

حضرت لیث، حضرت نافع اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حاملہ کے حمل کی بیع سے منع کیا ہے۔

(ب) بیع حبل الحبلة کی تعریف:

صورت مسئلہ یہ ہے کہ جانور وغیرہ کے پیٹ میں موجود حمل کی بیع وشراء، اسی طرح حمل کے حمل یعنی

H-M-HASNAIN-ASADI

موجودہ حمل سے جو مادہ پیدا ہوگا، اس کے حمل کی بیع وشراء دونوں ناجائز ہیں۔ اس لیے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حمل اور حمل کے حمل کی بیع سے منع فرمایا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: "ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نھی عن بیع حبل الحبلة" یعنی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حاملہ کے حمل کی بیع سے منع فرمایا۔"

اس پر عقلی دلیل یہ ہے کہ حمل وغیرہ کی بیع میں دھوکہ ہے، کیونکہ بسا اوقات جانور وغیرہ کا صرف پیٹ پھول جاتا ہے اور اندر سے خالی ہوتا ہے، اس صورت میں بائع کا فائدہ ہے کہ وہ لڑ جھگڑ کر ثمن وصول کر لے گا مگر مشتری کے لیے دھوکہ ہے، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دھوکہ سے منع فرمایا ہے۔

الحبلة: یہ فعل ثلاثی مجرد از باب سمع یسمع کا مصدر ہے۔ اس کا صلہ "المرأة" (عورت) آجائے تو اس کا معنیٰ ہوگا: حاملہ ہونا۔ اس کا اسم فاعل "حابلة" ہے جس کی جمع ہے: حبلة، حبلیٰ، حبالیٰ، حبلیات۔ اس کا معنیٰ ہے: حاملہ ہونا۔

(ج) اصطلاحات کی تعریف:

۱-بیع العرایا: لفظ "عرایا" کی جمع ہے جس کا معنیٰ خالی ہونا ہے، کیونکہ اس کا حکم باغ کے باقی احکام سے خالی ہوتا ہے، اس لیے اس کو عریہ کہتے ہیں۔ دوسرا معنیٰ ہے: بار بار آنا جانا ہے۔ یہ عری یعرو سے ماخوذ ہے۔ حضرت امام مالک اور حضرت امام احمد رحمہما اللہ تعالیٰ کے ہاں "عرایا" ایک قسم کا ہدیہ ہے، صورتاً اسے بیع کہا جاتا ہے۔ حضرت امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ اسے حقیقتاً بیع قرار دیتے ہیں، گویا یہ بیع مزابنہ ہے جو پانچ وسق یا اس سے کم مقدار میں جائز ہے۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کی بیع جائز نہیں ہے اور ہبہ کی شکل میں جائز ہے۔

۲-تلقی الجلب: تلقی کا معنیٰ ملنا اور جلب کا معنیٰ ہے: کسی کو ہانک کر لانا۔ جلب، جلبہ کی جمع ہے یعنی وہ لوگ جو دیہاتوں سے سودا لے کر شہر میں فروخت کرنے کے لیے آتے ہیں۔ تلقی جلب کی صورت یہ ہے کہ کوئی شخص شہر سے باہر نکل کر ان تاجروں کا استقبال کرے جو شہر میں غلہ وغیرہ فروخت کرنے کے لیے آتے ہیں تو وہ ان سے غلہ وغیرہ خریدے، چونکہ ان لوگوں کو شہر میں بھاؤ کا علم نہیں ہوتا ہے اور ہوسکتا ہے کہ یہ شخص ان سے شہر کے نرخ سے کم پر خریدے اور یوں ان کو نقصان ہوگا، اس لیے اس سے منع کیا گیا ہے۔ دھوکہ کی صورت ہونے کی وجہ سے یہ بیع منع ہے۔

۳-بیع الحصاة: زمانہ جاہلیت کی بیوع میں سے ایک "بیع الحصاۃ" ہے، اس کی صورت یہ ہے کہ مشتری کنکری پھینکتا ہے، جس چیز پر وہ کنکری گر جائے وہ اس کی ہو جاتی ہے۔ اس بیع میں بائع اور مشتری دونوں یا دونوں میں سے ایک کو دھوکہ ہوسکتا ہے، اس وجہ سے اس سے منع کیا گیا ہے۔ گویا اس کی ممانعت کی علت دھوکہ ہے اور دھوکہ کے باعث یہ ممنوع ہے۔

H-M-HASNAIN-ASADI

سوال نمبر 2: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كانت له ارض فليزرعها او فليحرثها اخاه والا فليدعها

(الف) ترجم الحديث واشرحه شرحا بسيطا؟

(حدیث کا ترجمہ کریں اوراس کی جامع تشریح کریں؟)

(ب) هل يجوز كراء الارض ام لا؟ بين مذهب الاحناف مع دلائلهم؟

(کیا زمین کرائے پر لینا جائز ہے یا نہیں؟ احناف کا مذہب تفصیلاً بیان کریں؟)

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کی زمین ہوتو اسے چاہیے کہ وہ اسے کاشت کرے یا اپنے بھائی کو کاشت کرنے کے لیے دے ورنہ اسے چھوڑ دے۔

تشریح:

انسان پر اللہ تعالیٰ کے بے شمار انعامات ہیں جو احاطہ حصر میں نہیں آ سکتے، ان میں سے ایک زمین ہے، مالک زمین اس سے استفادہ کے لیے خود اسے کاشت کرے، اگر خود کاشت نہیں کر سکتا تو اپنے دوست یا کسی بھائی کو کاشت کاری کا موقع فراہم کرے جو معاونت ہوگی اور اگر ایسی صورت بھی ممکن نہ ہو تو وہ زمین سے دست بردار ہو جائے تا کہ کوئی حقدار آدمی اسے اپنے استعمال میں لائے یعنی کسی کو ہدیہ کر دے۔ زمین سے استفادہ نہ کرنا ناشکری ہے جو اللہ تعالیٰ کو ہرگز پسند نہیں ہے۔ اسی طرح زمین کی بنیاد پر اترانا، تکبر وغرور سے کام لینا بھی اللہ تعالیٰ کو نہایت ناپسند ہے اور اس سے مکمل احتراز کرنا چاہیے۔

(ب) زمین کو کرائے پر دینے کا مسئلہ:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے زمین کو کرائے پر دینے سے منع کیا ہے، اس سلسلہ میں "ولا تبیعوا" کے الفاظ بھی آئے ہیں، اس سے مراد بھی کرائے پر دینا ہے۔ اس سلسلہ میں وارد تمام روایات سے دو امور سامنے آتے ہیں: (i) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کسی مسلمان بھائی کو بطور عطیہ یا ہبہ دینے کی ترغیب دی ہے۔ (ii) مالک زمین اپنے لیے نالیوں یا نہروں کے پاس والی جگہوں کی فصل خود رکھ لیتے تھے جبکہ باقی زمینوں کی فصل مزارع کو دے دیتے تھے اور اس طرح مزارع کا استحصال ہوتا تھا جس سے منع کیا گیا ہے، کیونکہ یہ بات باہم نفرت کی صورت پیدا کرتی ہے۔

حضرت علامہ غلام رسول سعیدی رحمہ اللہ تعالیٰ مالک زمین اور مزارع کے مابین چار صورتیں کرتے ہیں:

(i) مالک زمین مزارع سے کہے کہ میں تمہیں اس شرط پر دیتا ہوں کہ تم زمین کے فلاں حصہ (نہر

H-M-HASNAIN-ASADI

کے پاس والی) کی پیداوار مجھے دو گے، فلاں حصہ کی فصل تم رکھو گے، تو یہ بالا جماع باطل ہے کہ اس میں دھوکہ کی صورت موجود ہے، اس لیے کہ ممکن ہے کہ اس حصہ میں فصل ہو یا نہ ہو۔

(ii) مالک زمین مزارع سے کہے کہ میں یہ زمین اس شرط پر دیتا ہوں کہ تم زمین کی فصل میں سے مقرر مقدار مثلاً ایک سو کلو مجھے دو گے، یہ معاوضہ بالا جماع باطل ہے، کیونکہ اس میں دھوکہ ہے۔

(iii) مالک زمین مزارع کو زمین کرائے پر دے اور کرائے میں سونا، چاندی یا کوئی اور چیز غلہ وغیرہ رکھے اور متعین کرے اور زمین کی فصل اجرت میں نہ دی جائے تو اس میں فقہاء کا اختلاف ہے۔

(iv) مالک زمین مزارع کو زمین بٹائی پر دے اور اس کے عوض زمین کی فصل کا نصف یا تہائی وغیرہ بطور معاوضہ دیا جائے تو اس میں بھی فقہاء کا اختلاف ہے۔

حضرت امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے ہاں غلہ کے علاوہ سونا، چاندی اور دیگر اشیاء کے عوض زمین کرائے پر دی جا سکتی ہے۔ آئمہ ثلاثہ کے ہاں سونا اور چاندی کی طرح اناج کے عوض میں بھی کرائے پر دی جا سکتی ہے۔

سوال نمبر 3: عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال مثل الذی یرجع فی صدقتہ کمثل الکلب یقیء ثم یعود فی قیئہ فیاکلہ

(الف) ترجم الحدیث الی الأردیة واکتب معنی الھبة لغة واصطلاحا؟

(حدیث کا اردو میں ترجمہ کریں، اور "ھبہ" کا لغوی واصطلاحی معنیٰ لکھیں؟)

(ب) بین الحکم مع الدلیل عن تفضیل بعض الاولاد فی الھبة وعن شراء الانسان ماتصدق بہ ممن تصدق علیہ؟

(ہبہ میں بعض اولاد کو ترجیح دینے کا حکم مع الدلیل بیان کریں، اور صدقہ شدہ چیز یا وہ بطور عطیہ دی گئی ہو، کو فروخت کرنے کا حکم کیا ہے؟)

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے صدقہ کو لوٹاتا ہے، اس کی مثال اس کتے کی ہے جو قے کرتا ہے پھر اپنی قے کو لوٹائے اور اسے کھا لے۔

"ہبہ" کا لغوی واصطلاحی معنیٰ:

لفظ "ھبہ" کا لغوی معنیٰ ہے: عطیہ، بلا معاوضہ چیز دینا۔ اس کا شرعی واصطلاحی معنیٰ ہے: کسی کو اپنی طرف سے بلا معاوضہ کوئی چیز فراہم کرنا۔ اس کی تین شرائط ہیں:

H-M-HASNAIN-ASADI

(i) مقبوض ہو، (ii) غیر منقسم ہو، (iii) غیر مشغول ہو۔ "هبــــه" کے ارکان دو ہیں: (۱) ایجاب، (۲) قبول۔

(ب) ''ہبہ'' میں بعض اولاد کو بعض پر ترجیح دینا:

والدین کی طرف سے اولاد کو کوئی چیز ہبہ کرنے میں مساوات واجب ہے یا نہیں؟ اس بارے میں فقہاء کا اختلاف ہے اور اس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱- حضرت امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے دو اقوال ہیں:

(i) لڑکے کا لڑکی سے دوگنا حصہ ہے۔ (ii) دونوں کا برابر برابر حصہ ہے۔

۲- حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ کے تین اقوال ہیں:

(i) عدم مساوات حرام ہے۔ (ii) عدم مساوات سے ہبہ درست ہو جائے گا مگر اس سے رجوع کرنا واجب ہے۔ (iii) اولاد میں سے جو مفلس ہے، اسے زیادہ دینا جائز ہے۔

۳- حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ اگر عدم مساوات سے کسی کا نقصان ہوتا ہو تو مساوات واجب ہے ورنہ نہیں۔

۴- جمہور فقہاءِ کرام کا نظریہ ہے کہ مساوات مستحب ہے اور عدم مساوات مکروہ تنزیہی ہے۔

۵- حضرت امام اعظم ابوحنیفہ اور حضرت امام مالک رحمہما اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ عدم مساوات مکروہ تنزیہی ہے حرام نہیں ہے۔

جو لوگ عدم مساوات کو حرام قرار دیتے ہیں ان کی دلیل یہ روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: **لا اشهد علٰی جور** یعنی میں ظلم پر گواہ نہیں بن سکتا۔

عدم مساوات کے قائلین لوگوں کی دلیل یہ روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: **فاشهد علٰی هذا غیری** یعنی اس پر تم میرے علاوہ کسی کو گواہ بنالو۔

ہبہ میں رجوع اور عدم رجوع کی صورت:

جب موہوب لہ، ہبہ کے عوض کوئی چیز فراہم کر دے یا ہبہ میں زیادتی کر دی مثلاً زمین ہبہ کی تو اس میں مکان بنالیا یا اس میں درخت لگا لیے یا فریقین میں سے کوئی فوت ہو جائے یا وہ چیز موہوب لہ کی ملک سے خارج ہو جائے، تو ہبہ واجب ہو جاتا ہے اور واہب کی طرف سے رجوع باطل ہو جاتا ہے۔

سوال نمبر 4: **عن انس ان النبی صلی اللہ علیه وسلم رای شیخا یهادی بین ابنیه فقال ما بال هذا؟ قالوا نذر ان یمشی قال ان اللہ عن تعذیب هذا نفسه لغنی و امره ان یرکب**

(الف) ترجم الحديث الى اللغة الأردية وبين حكم النذر الذى فيه معصية وايضا اكتب كفارة النذر؟

(حدیث کا اُردو میں ترجمہ کریں، نذر معصیت کا حکم بیان کریں اور نذر کا کفارہ لکھیں؟)

(ب) القرآن يأمرنا ايفاء النذور (وليوفوا نذورهم) ولكن امر النبى صلى الله عليه وسلم شيخاً بتركه، عليك التطبيق بين القرآن والحديث؟

(قرآن ہمیں نذریں پوری کرنے کا حکم دیتا ہے (اور انہیں چاہیے کہ وہ اپنی نذریں پوری کریں) لیکن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بوڑھے شخص کو اس کے ترک کا حکم دیا، قرآن وحدیث میں تطبیق پیدا کریں؟)

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بوڑھے شخص کو اپنے دونوں بیٹوں کے درمیان چلتے ہوئے سہارے سے دیکھا تو فرمایا: اس کا کیا حال ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کیا: اس نے پیدل چلنے کی نذر مانی ہے، آپ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ اس کے نفس کو عذاب دینے سے بے پرواہ ہے اور اسے سوار ہونے کا حکم دیا۔

نذر معصیت کا حکم اور اس کا کفارہ:

عدم معصیت کی نذر کا پورا کرنا واجب ہے اور معصیت کی نذر کا پورا کرنا واجب نہیں ہے بلکہ وہ کالعدم ہوتی ہے۔ زیر بحث حدیث کی نذر معصیت اور تکلیف مالا یطاق پر مبنی تھی اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ترک کرنے اور سواری پر سوار ہونے کا حکم دیا تھا۔

نذر معصیت کا پورا کرنا ضروری نہیں ہوتا، اس کا کفارہ دینا واجب ہوتا ہے۔ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ اور حضرت امام ثوری رحمہما اللہ تعالیٰ کا یہ مؤقف ہے، ان کی دلیل یہ روایت ہے: لا نذر فی معصية وكفارته كفارة يمين یعنی نذر معصیت کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور اس کا کفارہ، کفارہ یمین ہے۔

قرآن کریم میں کفارہ یمین کی صورتیں درج ذیل بیان کی گئی ہیں:

(۱) دس مسکینوں کو صبح وشام کھانا کھلانا ہے۔

(۲) یا دس مسکینوں کو کپڑے فراہم کرنا ہے۔

(۳) یا ایک غلام آزاد کرنا ہے۔

(۴) اگر ان تینوں صورتوں میں سے کسی کی بھی طاقت نہ ہو تو تین دن کے روزے رکھنا ہے۔

H-M-HASNAIN-ASADI

(ب) نذر کے مسئلہ میں قرآن وحدیث میں تطبیق:

قرآن کریم اپنی نذروں کو پورا کرنے کا حکم دیتا ہے جبکہ زیر بحث حدیث سے اس کے ترک کا درس ملتا ہے، اس طرح قرآن وحدیث میں تعارض ہوا؟ اس کی تطبیق کی صورت یہ ہے کہ قرآن کریم میں عدم معصیت پر مبنی نذروں کو پورا کرنے کا حکم دیا گیا ہے جبکہ حدیث شریف میں معصیت پر مبنی نذروں کے ترک کا حکم ہے۔ لہٰذا تعارض باقی نہ رہا۔

☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

الشهادة العالمية فى العلوم العربية و الاسلامية

"السنة الثانية" للطلاب الموافق سنة ۱۴۴۰ھ 2019ء

الورقة الثالثة: لجامع الترمذی

الوقت المحدد: ثلث ساعات مجموع الأرقام:۱۰۰

الملاحظة: السؤال الاول اجباری ولك الخيار فی البواقی أن تجيب عن اثنين فقط.

السؤال الاول: عن حذيفة ان النبی صلى الله عليه وسلم اتى سباطة قوم فبال عليها قائما فأتيته بوضوء فذهبت لاتأخر عنه فدعانی حتى كنت عند عقبيه فتوضا ومسح على خفيه

(الف)شكل الحديث وانقله الى اللغة الأردية؟ ۵+۵=۱۰

(ب)فعل النبی صلى الله عليه وسلم معارض لتعليمه عمر فی قوله "يا عمر لاتبل قائما" عليك التوفيق بين فعله وتعليمه؟ ۱۵

(ج)ما يقول الانسان اذا دخل الخلاء؟ واكتب الحكم عن استقبال القبلة واستدبارها بغائط او بول؟ ۷+۸=۱۵

السؤال الثانی: (i)عن عائشة قالت ان كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ليصلی الصبح فينصرف النسآء قال الانصاری فيمر النسآء متلففات بمروطهن ما يعرفن من الغلس

(ii)عن ابن رافع ابن خديج قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اسفروا بالفجر فانه اعظم للاجر

(الف)ترجم الروايتين الى الأردية وزين القرطاس بتطبيق بينهما؟ ۸+۷=۱۵

(ب)اذكر المذاهب عن الاسفار بالفجر والتغليس به فی ضوء الترمذی؟ ۱۵

السؤال الثالث: كان النبی صلى الله عليه وسلم يصلی من الليل مثنی مثنی ويوتر بركعة وكان يصلی الركعتين والاذان فی اذنه

(الف)انقل الحديث الى الأردية بعد تشكيله واذكر حديثا فی فضل الوتر؟

H-M-HASNAIN-ASADI

۸+۷=۱۵

(ب) کم رکعة فی الوتر؟ فصل اختلاف الائمة مع دلائلهم ورجح مذهب الاحناف؟ ۱۵

السؤال الرابع: عن عائشة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعلنوا هذا النكاح واجعلوه فی المساجد واضربوا علیه بالدفوف

(الف) ترجم الحديث الى الاردية وبين ان الأمر فی الحديث للوجوب أو للاستحباب؟ ۷+۸=۱۵

(ب) هل الوليمة قبل النكاح مسنونة ام بعده؟ بين بالدليل وبين الحكم فيمن يحضر الوليمة بغير دعوة؟ ۷+۸=۱۵

☆☆☆☆☆☆☆☆

درجہ عالیہ (برائے طلباء) سال دوم 2019ء

تیسرا پرچہ: جامع ترمذی

سوال نمبر1: عَنْ حُذَیْفَةَ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتٰی سُبَاطَةَ قَوْمٍ فَبَالَ عَلَیْهَا قَائِمًا فَاَتَیْتُ بِوُضُوْءٍ فَذَهَبْتُ لِاَ تَاَخَّرَ عَنْهُ فَدَعَانِیْ حَتّٰی کُنْتُ عِنْدَ عَقِبَیْهِ فَتَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلٰی خُفَّیْهِ.

(الف) شكل الحديث وانقله الى اللغة الأردية؟

(حدیث پر اعراب لگائیں اور اس کا اردو میں ترجمہ کریں؟)

(ب) فعل النبی صلی اللہ علیہ وسلم معارض لتعليمه عمر فی قوله "يا عمر لاتبل قائما" عليك التوفيق بين فعله وتعليمه؟

(رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل آپ کی تعلیم سے معارض ہے، کیونکہ آپ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: "اے عمر تم کھڑے ہو کر پیشاب نہ کرنا" آپ کے فعل اور تعلیم میں تطبیق کی صورت پیدا کریں؟)

(ج) ما يقول الانسان اذا دخل الخلاء؟ واكتب الحكم عن استقبال القبلة واستدبارها بغائط او بول؟

(جب آدمی بیت الخلاء میں داخل ہو تو کیا پڑھے؟ قبلہ کی طرف منہ کرنے اور پشت کرنے کا بڑے

H-M-HASHAIR-ASADI

اور چھوٹے پیشاب کے وقت کا حکم بیان کریں؟)

جواب: (الف) حدیث پر اعراب اور اردو میں ترجمہ:

نوٹ: اوپر حدیث پر اعراب لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ درج ذیل ہے:

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم قوم کی روڑی کی طرف تشریف لے گئے تو آپ نے اس پر کھڑے ہو کر پیشاب کیا، پس میں پانی لیے ہوئے تھا کہ میں علیحدہ ہو گیا، آپ نے مجھے بلایا میں قریب ہو گیا حتیٰ کہ میں آپ کی ایڑیوں کے پاس کھڑا ہو گیا، پھر آپ نے وضو کیا اور اپنے موزوں پر مسح کیا۔

(ب) فعل و تعلیم میں تعارض کا جواب:

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے خود کھڑے ہو کر پیشاب کیا جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کھڑے ہو کر پیشاب کرنے سے منع کیا۔ اس طرح دونوں روایات یعنی فعل اور قول میں تعارض ہوا؟

اس کے جواب یا تطبیق کی متعدد صورتیں ہیں:

۱- آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل عذر پر محمول ہے۔

۲- اہل عرب میں کھڑے ہو کر پیشاب کرنا درد کمر کا علاج بھی تھا، شاید اس وقت آپ کو درد کمر کا عارضہ لاحق ہو۔

۳- وہ جگہ نہایت گندی تھی، جہاں بیٹھنا ممکن نہیں تھا۔

۴- یہ فعلی روایت بیان جواز پر محمول ہو۔

۵- حدیث قولی کو حدیث فعلی پر فوقیت حاصل ہوتی ہے۔

۶- حرام کی صورت راجح ہوتی ہے۔

۷- فعلی حدیث قولی احادیث سے منسوخ ہے۔

(ج) بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت کی دعا:

بیت الخلاء میں داخل ہونے سے قبل یہ دعا پڑھی جاتی ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

بیت الخلاء سے باہر آنے کی دعا درج ذیل ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ ۔

قضائے حاجت کے وقت استدبار و استقبال قبلہ کا مسئلہ:

جنگل میں یا چار دیواری میں قضائے حاجت کے استقبال اور استدبار قبلہ کے مسئلہ میں فقہاء کا

H-M-HASNAIN-ASADI

اختلاف ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱- حضرات طرفین رحمہما اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ استقبال واستدبار مطلقاً ناجائز ہے خواہ قضائے حاجت کرنے والا جنگل میں ہو یا چار دیوار میں۔ انہوں نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث سے استدلال کیا ہے جس کے الفاظ یہ ہیں: اذا اتیتم الغائط فلا تستقبلوا القبلة ولا تستدبرها ببول او غائط ۔

۲- حضرت امام داؤد ظاہری رحمہ اللہ تعالیٰ مطلقاً جائز قرار دیتے ہیں، انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے جس کے الفاظ یہ ہیں: قال نهى نبى الله صلى الله عليه وسلم ان نستقبل القبلة ببول فرأيته قبل ان يقبض بعام يستقبلها ۔

۳- حضرت امام شافعی اور حضرت امام مالک رحمہما اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ صحراء میں دونوں ناجائز اور چار دیواری میں دونوں جائز ہیں۔ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت سے استدلال کیا ہے جو یہ ہے: رقيت يوما على بيت حفصه رضى الله عنها فرأيت النبى صلى الله عليه وسلم على حاجته مستقبل الشام مستدبر الكعبة ۔ یعنی میں ایک دن اپنی بہن حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے مکان پر چڑھا تو میں نے دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم شام کی جانب رخ، اور کعبہ کی طرف پشت لیے ہوئے قضاء حاجت فرما رہے تھے۔

۴- حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ کے ہاں استقبال مطلقاً ناجائز اور استدبار مطلقاً جائز ہے۔ انہوں نے بھی حضرت امام شافعی اور حضرت امام مالک رحمہما اللہ تعالیٰ کی روایت سے استدلال کیا ہے۔

۵- حضرت امام ابویوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ استقبال مطلقاً ناجائز ہے جبکہ استدبار صحراء میں ناجائز اور چار دیواری میں جائز ہے، انہوں نے بھی حضرت امام شافعی اور حضرت امام مالک رحمہما اللہ تعالیٰ کی روایت سے استدلال کیا ہے۔

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی بوجوہ روایت کو ترجیح حاصل ہے۔

(۱) بطور سند تمام روایات سے اصح ہے۔ (۲) یہ روایت قولی ہے باقی تمام فعلی ہیں۔ (۳) یہ روایت محرم ہونے کی وجہ سے مرجح ہے۔ (۴) یہ روایت اوفق بالقرآن ہے۔ (۵) یہ روایت مؤید بالقرآن ہے۔

سوال نمبر 2: (i) عن عائشة قالت ان كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ليصلى الصبح فينصرف النسآء قال الانصارى فيمر النسآء متلففات بمروطهن ما يعرفن من الغلس

(ii) عن ابن رافع ابن خديج قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول

H-M-HASNAIN-ASADI

اسفروا بالفجر فانه اعظم للاجر

(الف) ترجم الروايتين الى الأردية وزين القرطاس بتطبيق بينهما؟

(دونوں روایات کا اردو میں ترجمہ کریں اور دونوں کے درمیان تطبیق زینت قرطاس کریں؟)

(ب) اذكر المذاهب عن الاسفار بالفجر والتغليس به في ضوء الترمذي؟

(فجر کی نماز اندھیرے یا اجالے میں پڑھنے کے حوالے سے مذاہب آئمہ جامع ترمذی کی روشنی میں بیان کریں؟)

جواب: روایات کا اردو میں ترجمہ:

(i) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز اس وقت پڑھتے تھے جبکہ عورتیں اپنی چادروں میں لپٹی ہوئی واپس آتی تھیں اور وہ اندھیرے کی وجہ سے پہچانی نہیں جاتی تھیں۔

(ii) حضرت ابن رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتے ہوئے سنا: تم فجر کی نماز اجالے میں پڑھو، کیونکہ اس کا ثواب زیادہ ہے۔

دونوں روایات میں تطبیق کی صورت:

پہلی روایت سے فجر کی نماز اندھیرے میں پڑھنا ثابت ہوتا ہے اور دوسری روایت میں اجالے میں پڑھنے کی فضیلت ثابت ہوتی ہے، اس طرح دونوں روایات میں تعارض ہوا۔ دونوں روایات میں تطبیق کی متعدد صورتیں:

(۱) پہلی روایت فعلی اور دوسری قولی ہے جبکہ تقابل کے وقت قولی کو ترجیح حاصل ہوتی ہے۔

(۲) پہلی روایت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا پہلے سالوں کا عمل ہے جو منسوخ ہے اور دوسری روایت ناسخ ہے۔

(۳) دوسری روایت کو معمول بہ بنانے سے فوائد زیادہ ہیں مثلاً نمازیوں میں اضافہ ہوگا اور لوگوں کے لیے سہولت کا بھی پہلو نکلتا ہے۔

(ب) فجر کی نماز اندھیرے میں یا اجالے میں پڑھنے کے حوالے سے مذاہب آئمہ:

کیا فجر کی نماز اندھیرے میں پڑھنا افضل ہے یا اجالے میں؟ اس بارے میں آئمہ فقہ کا اختلاف ہے، جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱۔ حضرت امام شافعی اور حضرت امام احمد رحمہما اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ فجر کی نماز تاریکی میں پڑھنا افضل ہے۔ انہوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت سے استدلال کیا ہے جو زیر بحث

H-M-HASNAIN-ASADI

ہے۔

۲۔حضرت امام اعظم ابوحنیفہ اور حضرت امام مالک رحمہما اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ فجر کی نماز اجالے میں پڑھنا افضل ہے، انہوں نے جامع ترمذی کی اس حدیث سے استدلال کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسفروا بالفجر فانه اعظم للاجر یعنی تم فجر کی نماز اجالے میں ادا کرو، اس کا ثواب زیادہ ہے۔

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ اور حضرت امام مالک رحمہما اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضرت امام شافعی اور حضرت امام احمد بن حنبل رحمہما اللہ تعالیٰ کی دلیل کا جواب یوں دیا جاتا ہے:

(۱) زیر بحث حدیث میں الفاظ "من الغلس" حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نہیں ہیں بلکہ ان کا قول "ما یعرفن" پر ختم ہو گیا، ان کا مقصد یہ تھا کہ عورتیں اپنی چادروں میں لپٹی ہوئی آتی تھیں، اس لیے انہیں کوئی پہچان نہیں سکتا تھا۔ کسی راوی نے یہ مفہوم نہ سمجھا تو اس نے "من الغلس" کے الفاظ کا اضافہ کر دیا۔

(۲) یہ عمل آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص تھا جبکہ امت کے لیے اسفار یعنی فجر کی نماز اجالے میں پڑھنا افضل ہے اور اس کی تائید دیگر روایات سے بھی ہوتی ہے۔

سوال نمبر 3: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ مَثْنٰى مَثْنٰى وَيُوْتِرُ بِرَكْعَةٍ وَّكَانَ يُصَلِّي الرَّكْعَتَيْنِ وَالْاَذَانُ فِيْ اُذُنِهٖ

(الف) انقل الحديث الى الأردية بعد تشكيله واذكر حديثا في فضل الوتر؟

(حدیث پر اعراب لگائیں، اس کا اردو میں ترجمہ کریں اور وتر کی فضیلت میں ایک حدیث نقل کریں؟)

(ب) كم ركعة في الوتر؟ فصل اختلاف الائمة مع دلائلهم ورجح مذهب الاحناف؟

(وتر میں کتنی رکعات ہیں؟ اس بارے میں مذاہب آئمہ مع دلائل بیان کریں اور احناف کے مذہب کو ترجیح دیں؟)

جواب: (الف) حدیث پر اعراب اور اس کا ترجمہ:

نوٹ: اوپر حدیث پر اعراب لگا دیے گئے ہیں اور اس کا ترجمہ درج ذیل ہے:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت دو دو رکعت کر کے نماز پڑھتے، پھر آخر میں ایک رکعت وتر پڑھتے اور فجر کی دو رکعت اس وقت پڑھتے جب فجر کی اذان سنتے تھے۔

H-M-HASNAIN-ASADI

وتر کی فضیلت میں ایک حدیث:

وتر کی فضیلت پر حدیث درج ذیل ہے:

عن بريدة رضى الله عنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: الوتر حق فمن لم يوتر فليس منا، الوتر حق فمن لم يوتر فليس منا، الوتر حق فمن لم يوتر فليس منا (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث:۱۴۱۹)

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وتر حق ہیں، جس نے وتر نہیں پڑھے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ وتر حق ہیں، جس نے وتر نہیں پڑھے، وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ وتر حق ہیں، جس نے وتر نہیں پڑھے، وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

(ب) وتر کی تعداد رکعات میں مذاہب آئمہ:

نماز وتر کی تعداد کے حوالے سے آئمہ فقہ کا اختلاف ہے، اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱- حضرت امام شافعی اور حضرت امام احمد بن حنبل رحمہما اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ نماز وتر ایک رکعت سے لے کر گیارہ رکعات تک ہیں یعنی ایک رکعت، تین رکعات، پانچ رکعات، سات رکعات، نو رکعات اور گیارہ رکعات۔

انہوں نے مشہور روایت کے ان الفاظ سے استدلال کیا ہے: **الوتر ركعة من آخر الليل** (الصحیح للمسلم) یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے آخری حصہ میں ایک رکعت نماز وتر پڑھتے تھے۔

۲- حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ نماز وتر تین رکعات ہیں، اس سے زائد یا کم درست نہیں ہیں۔ آپ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت سے استدلال کیا ہے، چنانچہ وہ روایت یہ ہے: **كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرأ في الوتر بسبح اسم ربك الاعلى وقل يايها الكافرون وقل هو الله احد في ركعة ركعة**۔ یعنی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی نماز میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى٥، قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ٥ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ٥ تین سورتیں تین رکعات میں پڑھتے تھے۔

معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات نماز وتر پڑھتے تھے اور ہر رکعت میں الگ سورت کی قرأت کرتے تھے یعنی پہلی رکعت میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى٥، دوسری رکعت میں قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ٥ اور تیسری رکعت میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ٥

۳- حضرت امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے نماز وتر تین رکعات ہیں۔ تاہم ان کے نزدیک ادائیگی کا طریقہ مختلف ہے۔

H-M-HASNAIN-ASADI

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی دلیل قوی ہے، جس وجہ سے وہ ارجح ہے، کیونکہ دوسرے دلائل غیر قوی یا ضعیف ہیں۔

سوال نمبر 4: عن عائشة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعلنوا هذا النكاح واجعلوه في المساجد واضربوا عليه بالدفوف

(الف) ترجم الحديث الى الاردية وبين ان الأمر في الحديث للوجوب او للاستحباب؟

(حدیث کا اردو میں ترجمہ کریں، اور بتائیں کہ حدیث میں مذکور امر وجوب کے لیے ہے یا استحباب کے لیے ہے؟)

(ب) هل الوليمة قبل النكاح مسنونة ام بعده؟ بين بالدليل وبين الحكم فيمن يحضر الوليمة بغير دعوة؟

(کیا ولیمہ نکاح سے پہلے مسنون ہے یا اس کے بعد؟ دلیل سے جواب دیں، نیز اس شخص کا حکم بیان کریں جو ولیمہ میں بغیر دعوت کے شامل ہوا ہو؟)

جواب: (الف) حدیث کا اردو میں ترجمہ:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ نکاح کی تشہیر کرو، اسے مسجد میں منعقد کیا کرو اور نکاح کے وقت دف بجایا کرو۔

حدیث میں مذکور امر کی حیثیت:

نکاح کا لغوی معنیٰ "وطی" ہے جبکہ اس کا مجازی معنیٰ "تزوج" ہے، چونکہ "تزوج" وطی کا سبب بنتا ہے اور نکاح تزوج و وطی میں مشترک ہے۔ نکاح کی شرعی حیثیات متعدد ہیں:

۱- فرض: کسی شخص میں اشتهاء الى النساء اس قدر ہو کہ اگر وہ نکاح نہیں کرے گا تو یقینی طور پر زنا کا مرتکب ہوگا، جبکہ اس میں نان و نفقہ اور مہر دینے کی استطاعت بھی موجود ہو، تو نکاح فرض ہے۔

۲- واجب: اگر کسی میں اشتياق الى النساء ہو مگر زنا کے مرتکب ہونے کا اندیشہ نہ ہو جبکہ اس میں نان و نفقہ اور مہر ادا کرنے کی طاقت بھی ہو، تو نکاح واجب ہے۔

۳- مسنون: اگر کسی میں اشتهاء الى النساء اعتدال پر ہو جبکہ نان و نفقہ اور مہر ادا کرنے کی استطاعت رکھتا ہو، تو اس کے لیے نکاح کرنا مسنون ہے۔

۴- حرام: اگر کسی شخص میں اشتهاء الى النساء بالکل نہ ہو، اس میں وطی کرنے، نان و نفقہ اور حق مہر کی ادائیگی کی طاقت بھی نہ ہو، تو نکاح کرنا حرام ہے۔

H-M-HASNAIN-ASADI

اس حدیث میں امر کی دونوں حیثیتیں ہو سکتی ہیں، پہلی اور دوسری قسم کے شخص کے حق میں فرض و وجوب کے لیے جبکہ تیسری قسم کے شخص کے حق میں استحباب وسنت کے لیے ہے۔

(ب) ولیمہ بعد النکاح مسنون ہے:

نکاح کے بعد بلکہ شب زفاف کے اگلے روز ولیمہ کرنا سنت ہے' کیونکہ یہ ایک طرح کا شکرانہ ہے جو حصول نعمت کے بعد ہوتا ہے۔ صحیح بخاری شریف میں ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے زفاف کے بعد جو ولیمہ کیا تھا، اس میں لوگوں کو پیٹ بھر روٹی گوشت کھلایا تھا۔
ولیمہ یہ ہے کہ شب زفاف کی صبح کو اپنے دوست احباب، عزیز واقارب اور محلہ کے لوگوں کی حسب استطاعت ضیافت کرے اور اس کے لیے جانور ذبح کرنا اور کھانا تیار کرانا جائز ہے۔

دعوت ولیمہ سے مقصود ادائے سنت ہو، اگر مقصود تفاخر ہو یا یہ ہو کہ میری واہ واہ ہوگی جیسا کہ اس زمانہ میں اکثر یہی دیکھا جاتا ہے، تو ایسی دعوتوں میں نہ جانا بہتر ہے بالخصوص اہل علم کو ایسی دعوت پر نہیں جانا چاہیے۔

دعوت میں جانا اس وقت سنت ہے جب معلوم ہو کہ وہاں گانا بجانا، لہو ولعب نہ ہوگا، اگر معلوم ہو کہ وہاں یہ خرافات ہوں گی، تو وہاں نہ جائے۔ اگر مقتداء و مذہبی پیشوا ہو مثلاً علماء و مشائخ، یہ اگر نہ روک سکتے ہوں تو وہاں سے چلے آئیں، نہ وہاں بیٹھیں اور نہ کھانا کھائیں۔ اگر پیشگی معلوم ہو تو ایسی دعوت پر جانا ہی نہیں چاہیے۔

بلا دعوت ولیمہ میں شامل ہونے کا حکم:

جسے دعوت ولیمہ دی جائے صرف وہ جائے، کیونکہ دعوت دینے والے کو اس کی آمد پر مسرت ہوگی۔ بلا دعوت ولیمہ پر نہیں جانا چاہیے، اگر کوئی شخص دعوت کے بغیر ولیمہ میں جائے تو صاحب خانہ کو اختیار حاصل ہے کہ اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسے کھانے کی اجازت دے دے ورنہ واپس کرنے کا حق بھی محفوظ رکھتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

الشهادة العالمية فى العلوم العربية والاسلامية

"السنة الثانية" للطلاب الموافق سنة ۱۴۴۰ھ 2019ء

الورقة الرابعة: لسنن ابى دائود و آثار السنن

الوقت المحدد: ثلث ساعات مجموع الأرقام:۱۰۰

الملاحظة: عليك أن تجيب عن اثنين من كل قسم .

القسم الأول...... لسنن أبى داوٗد

السؤال الأول: عن مروان بن الحكم انه سأل اباهريرة هل صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوة الخوف؟ قال ابوهريرة نعم قال مروان متى؟ فقال ابوهريرة عام غزوة نجد

(الف)ترجم الى اللغة الأردية واكتب اسماء اخرى لغزوة نجد؟ ۵+۵=۱۰

(ب)لم شرعت صلوة الخوف؟ بين فى ضوء الحديث وايضا اكتب كيفية صلوته اى طريقة ادائها؟ ۵+۱۰=۱۵

السؤال الثاني: عن عائشة قالت رسول الله صلى الله عليه وسلم ايما امرأة نكحت بغير اذن وليها فنكاحها باطل ثلاث مرات فان دخل بها فالمهر لها بما اصاب منها فان تشاجروا فالسلطان ولى من لا ولى له

(الف)ترجم الحديث الى الأردية واوضح المخطوط عليها؟ ۵+۵=۱۰

(ب)اكتب مذهب الأحناف ومخالفيهم بالدلائل عن نكاح العاقلة البالغة بغير اذن وليها فى كفو او غير كفو؟ ۱۵

السؤال الثالث: عن حنش قال رأيت عليا يضحى بكبشين فقلت له ما هذا؟ فقال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اوصانى ان اضحى عنه فانا اضحى عنه

(الف)ترجم الحديث الى الأردية بعد تشكيله؟ ۵+۵=۱۰

(ب)اكتب مقالة وجيزة على جواز ايصال الثواب للميت مدللا؟ ۱۵

القسم الثاني...... لآثار السنن

السؤال الرابع: سئل النبى صلى الله عليه وسلم عن الماء وما ينوبه من الدواب

H-M-HASNAIN-ASADI

والسباع فقال اذا كان الماء قلتين لم يحمل الخبث

(الف) ترجم الحديث الى الأردية وبين مقدار الماء الكثير عند الاحناف؟
۵+۵=۱۰

(ب) الحديث المذكور دليل للشافعي فعليك ان تكتب ثلاثة من الاجوبة عن الاحناف؟ ۳×۵=۱۵

السؤال الخامس: قال رجل مسست ذكرى او قال: الرجل يمس ذكره فى الصلوة اعليه وضوء؟ فقال النبى صلى الله عليه وسلم: لا 'انما هو بضعة منك

(الف) ترجم الحديث الى الأردية بعد تشكيله؟ ۵+۵=۱۰

(ب) بين هذا الحديث وقوله "اذا مس احدكم ذكره فليتوضا" تعارض فعليك الرفع بالدليل؟ ۱۵

السؤال السادس: عن جرير الضبى قال رأيت عليا يمسك شماله بيمينه على الرسغ فوق السرة

(الف) ترجم الرواية الى الأردية وهذه الرواية مخالفة لمذهب الاحناف فاجب عن الاحناف؟ ۱۰

(ب) اذكر روايتين فى اثبات وضع اليدين فى الصلوة تحت السرة؟ ۱۵

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

درجہ عالمیہ (برائے طلباء) سال دوم 2019ء

چوتھا پرچہ: سنن ابی داؤد وآثار السنن

قسم اول: سنن ابی داؤد

سوال نمبر 1: عن مروان بن الحكم انه سأل اباهريرة هل صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوة الخوف؟ قال ابوهريرة نعم قال مروان متى؟ فقال ابوهريرة عام غزوة نجد

(الف) ترجم الى اللغة الأردية واكتب اسماء اخرى لغزوة نجد؟
(اردو میں ترجمہ کریں، اور غزوہ نجد کے دوسرے نام لکھیں؟)

(ب) لم شرعت صلوة الخوف؟ بين فى ضوء الحديث وايضا اكتب كيفية

صلوته ای طریقة ادائها؟
(نماز خوف کیوں مشروع ہوئی؟ حدیث کی روشنی میں بیان کریں، اور اس کے ادا کرنے کا طریقہ بیان کریں؟)

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

حضرت مروان بن حکم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا آپ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز خوف پڑھی تھی؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: ہاں۔ حضرت مروان رضی اللہ عنہ نے پھر سوال کیا: کب؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: غزوہ نجد کے سال۔

غزوہ نجد کا دوسرا نام:

غزوہ نجد کے دوسرے نام درج ذیل ہیں:

(۱) ذات الرقاع، لفظ ''رقاع'' کا مطلب ہے کہ پاؤں پر کپڑے باندھنا، چونکہ اس غزوہ کے موقع پر مجاہدین کا قیام نہایت پتھریلے مقام پر تھا، انہوں نے اپنے پاؤں کو زخمی ہونے سے محفوظ کرنے کے لیے ان پر کپڑوں کے ٹکڑے باندھ لیے تھے۔ اس لیے اس غزوہ کو ''ذات الرقاع'' کہا جاتا ہے۔

(۲) اس موقع پر صحابہ کرام نے اپنے جھنڈے اٹھائے ہوئے تھے۔

(۳) میدانِ جنگ میں ایک درخت تھا جس کا نام ذات الرقاع تھا۔

(۴) وہاں ایک پہاڑ تھا جس کی زمین کئی رنگوں کی تھی۔

(ب) نماز خوف کی مشروعیت حدیث پاک کی روشنی میں:

امام مقیم اور مقتدیوں کے مسافر ہونے کی صورت میں نماز خوف ادا کرنے کا طریقہ یوں ہے: اگر صلوٰۃ خوف پڑھنے کی نوبت آجائے تو امام لوگوں کو دو حصوں میں تقسیم کرے کہ وہ پہلی اور دوسری دونوں جماعتوں کو دو، دو رکعت پڑھائے، اس لیے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز ظہر کے سلسلے میں یہی طریقہ منقول ہے۔ چنانچہ صحیح مسلم میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے: اقبلنا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی اذا کنا بذات الرقاع الحدیث وفیہ نودی بالصلوٰۃ فصلی بطائفۃ رکعتین ثم تاخروا وصلی بالطائفۃ الاخری رکعتین الخ کہ مقام ذات الرقاع میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو الگ الگ جماعتوں کو دو دو رکعت نماز پڑھائی ہے، جو اس امر کا بین ثبوت ہے کہ اگر امام مقیم ہو تو وہ اسی طریقہ سے عمل کرے، جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

H-M-HASNAIN-ASADI

صلوٰۃ خوف کی ادائیگی کا طریقہ جبکہ امام مسافر ہو:

صورت مسئلہ یہ ہے کہ اگر مسلمان کافروں سے نبرد آزما ہونے کے لیے برسرِ پیکار ہوں اور میدان جنگ میں کمر بستہ ہوں اور اسی حالت میں نماز کا وقت آ جائے تو ادائیگی نماز کا طریقہ یہ ہے کہ امام لوگوں کو دو حصوں میں تقسیم کرے گا اور پھر ایک گروپ کو دشمن سے لڑنے اور نمٹنے کے لیے محاذ پر کھڑا کر دے جبکہ دوسرے گروپ کو اپنے ساتھ لے کر ایک رکعت نماز پڑھائے اور دونوں سجدے کرے، جب امام دوسرے سجدہ سے فارغ ہو جائے تو یہ گروپ خاموشی سے کھڑا اور محاذ پر چلا جائے، پھر دوسرا گروپ آئے اور امام انہیں بھی دو سجدوں کے ساتھ ایک رکعت پڑھائے۔ جب امام دو سجدے کر لے تشہد پڑھ کر اپنا سلام پھیر دے، مقتدی نہ تو تشہد پڑھیں اور نہ سلام پھیریں، بلکہ یہ لوگ خاموشی سے محاذ پر چلے جائیں۔ اب امام کی نماز تو پوری ہو چکی ہے، تاہم دونوں گروپوں کی ایک ایک رکعت باقی ہے۔ اس لیے جب دوسرا گروپ محاذ پر چلا جائے تو پہلا گروپ نماز کے لیے واپس آ جائے اور بغیر قرأت کے سب لوگ اپنی اپنی نماز پوری کریں، کیونکہ یہ لوگ لاحق ہیں اور لاحقین پر قرأت واجب نہیں ہے، اس لیے یہ لوگ بغیر قرأت کے اپنی نماز پوری کریں، تشہد وغیرہ پڑھ کر سلام پھیر دیں، پھر یہ محاذ پر چلے جائیں۔ اس کے بعد دوسرا گروپ آئے اور قرأت کے ساتھ اپنی جماعت پوری کرے، کیونکہ یہ لوگ مسبوق ہیں اور مسبوق لوگوں پر قرأت واجب ہوتی ہے، کیونکہ مسبوق کی باقی ماندہ نماز مفرد کے حکم میں ہوتا ہے اور مفرد پر قرأت واجب ہے۔

سوال نمبر 2: عن عائشة قالت رسول الله صلى الله عليه وسلم ايما امراة نكحت بغير اذن وليها فنكاحها باطل ثلاث مرات فان دخل بها فالمهر لها بما اصاب منها فان تشاجروا فالسلطان ولي من لا ولي له

(الف) ترجم الحديث الى الأردية واوضح المخطوط عليها

(حدیث کا اردو میں ترجمہ کریں، خط کشیدہ عبارت کا مفہوم واضح کریں؟)

(ب) اكتب مذهب الاحناف ومخالفيهم بالدلائل عن نكاح العاقلة البالغة بغير اذن وليها في كفو او غير كفو؟

(احناف اور ان کے مخالفین کا مذہب مع دلائل بیان کریں کہ عاقلہ بالغہ خاتون اگر اپنے ولی کی اجازت کے بغیر کفو یا غیر کفو میں نکاح کرے تو کیا وہ جائز ہوگا یا نہیں؟)

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے تو اس کا نکاح باطل ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات تین بار

H-M-HASNAIN-ASADI

فرمائی، اگر شوہر نے اس سے صحبت کر لی تو اس کو اس فائدے کے عوض مہر دینا پڑے گا جو اس نے اس سے حاصل کیا ہے۔ اگر ولی آپس میں اختلاف کریں تو جس کا کوئی ولی نہ ہو تو اس کا ولی بادشاہ ہے۔

خط کشیدہ عبارت کی وضاحت:

خط کشیدہ عبارت میں یہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے کہ جس عاقلہ بالغہ عورت نے اپنی مرضی سے یعنی اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کر لیا، پھر شوہر نے اس سے وطی کر لی تو شوہر پر انتفاع بضعہ کے عوض مہر دینا واجب ہوگا، کیونکہ اس کا نکاح صحیح منعقد ہوا ہے، وہ باقاعدہ اپنے شوہر کی بیوی ہے اور نکاح صحیح کی صورت میں شوہر کے وطی کرنے پر اس پر حق مہر کی ادائیگی واجب ہو جاتی ہے۔

(ب) ولی کی اجازت کے بغیر عاقلہ بالغہ کے نکاح میں مذاہب آئمہ:

کیا عاقلہ بالغہ خاتون اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کر لے، تو وہ صحیح ہوگا یا نہیں؟ اس مسئلہ میں آئمہ فقہ کا اختلاف ہے، جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱- حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ یہ نکاح درست ہے مگر ولی کو ایسا نکاح فسخ کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ آپ کے دلائل درج ذیل ہیں:

(i) ارشاد ربانی ہے: وامراۃ وھبت نفسھا للنبی (الآیۃ)

(ii) ارشاد قرآن ہے: فلا تعضلوھن ان ینکحن ازواجھن (بقرہ)

(iii) حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک عورت نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا: اس کے والد گرامی نے اس کا نکاح کر دیا ہے جو اسے منظور نہیں ہے تو آپ نے اس عورت کو اختیار فراہم کر دیا تھا۔

(iv) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اپنی بھتیجی حفصہ بنت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہما کا نکاح کر دیا تھا جبکہ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ ملک شام گئے ہوئے تھے۔

۲- آئمہ ثلاثہ کا مؤقف ہے کہ ایسا نکاح صحیح نہیں ہے، انہوں نے قرآن کریم کی اس آیت سے استدلال کیا ہے: فلا تعضلوھن ان ینکحن ازواجھن (البقرہ) اس آیت میں اولیاء کو خطاب ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ نکاح میں ولی کا عمل دخل ہے ورنہ ممنوع ہوگا۔

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ سیاق وسباق کو مدنظر رکھا جائے تو یہ امر سامنے آتا ہے کہ یہ خطاب اولیاء کو نہیں ہے بلکہ سابقہ ازواج کو ہے۔ لہٰذا یہ دلیل درست نہ ہوئی۔

سوال نمبر 3: عَنْ حَنَشٍ قَالَ رَأَيْتُ عَلِيًّا يُضَحِّي بِكَبْشَيْنِ فَقُلْتُ لَهُ مَا هٰذَا؟ فَقَالَ إِنَّ

FE-M-HASNAIN-ASADI

رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوْصَانِیْ اَنْ اُضَحِّیَ عَنْہُ فَاَنَا اُضَحِّیْ عَنْہُ

(الف) ترجم الحدیث الی الأردیة بعد تشکیلہ؟

(اعراب لگانے کے بعد حدیث کا اردو میں ترجمہ کریں؟)

(ب) اکتب مقالة وجیزة علی جواز ایصال الثواب للمیت مدللا؟

(میت کو ایصال ثواب کے حوالے سے ایک جامع مضمون سپرد قلم کریں؟)

جواب: (الف) حدیث پر اعراب اور اردو میں ترجمہ:

نوٹ: اوپر حدیث پر اعراب لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ حسب ذیل ہے:

حضرت حنش رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دو دنبے قربانی کرتے ہوئے دیکھا، میں نے دریافت کیا: یہ کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: ایک قربانی میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کرتا ہوں، کیونکہ آپ نے مجھے اس کا حکم دیا تھا، میں یہ قربانی آپ کی طرف سے کر رہا ہوں۔

(ب) میت کے لیے ایصال ثواب پر مضمون:

دنیا سے رخصت ہونے کے بعد میت اپنے ورثاء و پسماندگان کی محتاج ہوتی ہے، وہ منتظر ہوتی ہے کہ کب اس کے لیے ایصال ثواب کیا جاتا ہے۔ اس سلسلہ میں کثیر دلائل ہیں جن میں سے چند ایک حسب ذیل ہیں:

۱- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کے پاس صدقہ کرنے کے لیے مال نہ ہو، تو وہ مومنوں کے لیے استغفار کرے تو یہ صدقہ ہوگا۔

۲- حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے: جس نے میت کی طرف سے حج کیا اور حج کرنے والے کے لیے جہنم سے آزادی لکھ دی جاتی ہے۔

۳- ایک روایت میں ہے: جس شخص نے ماں باپ کی طرف سے حج کیا تو ان کی طرف سے حج ادا ہو جائے گا اور اس کو دس حج کا ثواب ملے گا۔

۴- حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک عورت نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: ان کے والد فوت ہو گئے ہیں اور انہوں نے حج نہیں کیا تھا، تو آپ نے فرمایا: تم اپنے والدین کی طرف سے حج ادا کرو۔

۵- حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص فوت ہو جائے اور اس پر روزہ لازم ہو، تو اس کا ولی اس کی طرف سے روزہ رکھے۔

H-M-HASNAIN-ASADI

٦-رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب قربانی کا ارادہ فرماتے تو بڑے موٹے سیاہی مائل سفید رنگ کے سینگوں والے دو خصی مینڈھے خریدتے، ان میں سے ایک کی اپنے امتیوں کی طرف سے قربانی کرتے تھے جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور آپ کی تبلیغ کی شہادت دیں اور دوسرے کی اپنی اور اپنے اہل بیت کی طرف سے قربانی کرتے تھے۔

قسم ثانی: آثار السنن

القسم الثاني...... لآثار السنن

سوال نمبر 4: سئل النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن الماء وما ینوبه من الدواب والسباع فقال اذا کان الماء قلتین لم یحمل الخبث

(الف) ترجم الحدیث الی الأردية وبین مقدار الماء الکثیر عند الاحناف؟

(حدیث کا اردو میں ترجمہ کریں، اور احناف کے نزدیک ماء کثیر کی مقدار بیان کریں؟)

(ب) الحدیث المذکور دلیل للشافعی فعلیك ان تکتب ثلاثة من الاجوبة عن الاحناف؟

(حدیث مذکور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کی دلیل ہے، تو تم پر لازم ہے کہ اس کے تین جواب لکھیں؟)

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا جس سے چار پائے اور درندے پیتے ہوں؟ تو آپ نے فرمایا: جب پانی قلتین کی مقدار ہو، تو وہ نجاست کا متحمل نہیں ہوسکتا۔

احناف کے نزدیک ماء کثیر کی مقدار:

بڑے حوض اور بڑے تالاب کا معیار یہ ہے کہ اگر اس کے ایک کنارے کو حرکت دی جائے اور دوسرے کنارے میں حرکت پیدا نہ ہو، تب تو پانی کی یہ مقدار ماء کثیر ہے اور مذکورہ تالاب وغیرہ غدیر عظیم ہے نجاست گرنے سے وہ پلید نہیں ہوتا جب تک اوصاف ثلاثہ میں سے کوئی تبدیل نہ ہو۔ اگر حوض اور تالاب اس مقدار سے چھوٹے ہوں اور ایک طرف حرکت کرنے سے دوسری طرف حرکت کرے، تو یہ مقدار ماء قلیل ہے اور معمولی نجاست گرنے سے ناپاک ہو جائے گا۔

(ب) امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے جواب میں تین دلائل:

زیر بحث حدیث حضرت امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے موقف کی دلیل ہے، ان کے جواب میں احناف کے تین دلائل حسب ذیل ہیں:

H-M-HASNAIN-ASADI

۱-عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لایبولن احدکم فی الماء الدائم (جامع ترمذی) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص کھڑے پانی میں ہرگز پیشاب نہ کرے۔

۲-عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا استیقظ احدکم من نومه فلا یغمسن یده فی الاناء حتی یغسلها ثلاثاً ۔ جب تم میں سے کوئی شخص اپنی نیند سے بیدار ہو، وہ اپنا ہاتھ تین بار دھوئے بغیر ہرگز کسی برتن میں داخل نہ کرے۔

۳-عن جابر رضی الله عنه نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم ان یبال فی الماء الدائم (مسلم) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے پانی میں پیشاب کرنے سے منع کیا۔

ان روایات سے ثابت ہو رہا ہے کہ ماء قلتین اور ماء قلیل نجاست گرنے سے پلید ہو جاتا ہے۔

سوال نمبر 5: قَالَ رَجُلٌ مَسَسْتُ ذَكَرِيْ اَوْ قَالَ: الرَّجُلُ يَمَسُّ ذَكَرَهُ فِي الصَّلٰوةِ أَعَلَيْهِ وُضُوْءٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اِنَّمَا هُوَ بُضْعَةٌ مِّنْكَ

(الف) ترجم الحديث الى الأردية بعد تشكيله؟

(اعراب لگانے کے بعد حدیث کا ترجمہ کریں؟)

(ب) بین هذا الحدیث وقوله "اذا مس احدکم ذکره فلیتوضا" تعارض فعلیك الرفع بالدلیل؟-

(ان دونوں احادیث میں تعارض ہے، تو آپ اس کو ارتفاع کریں؟)

جواب: (الف) حدیث پر اعراب اور اس کا ترجمہ:

نوٹ: حدیث پر اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ درج ذیل ہے:

ایک آدمی نے کہا: میں نے اپنے ذکر کو چھو لیا یا کہا: کوئی شخص حالتِ نماز میں اپنا ذکر چھو لیتا ہے، تو کیا اس پر وضوء ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں، کیونکہ وہ (ذکر) بھی (تمہارے جسم کا) ایک حصہ ہے۔

(ب) دو حدیثوں میں تعارض کا ارتفاع:

پہلی روایت مس ذکر سے عدم لزوم وضوء پر دلالت کرتی ہے جبکہ دوسری روایت لزوم وضوء پر دلالت کرتی ہے، اس طرح دونوں روایات میں تعارض ہوا، دفع تعارض کی کئی صورتیں ہیں جو حسب ذیل ہیں:

۱-پہلی روایت صریح ہے جبکہ دوسری یعنی لزوم وضوء والی روایت مبہم ہے کہ وجوب وضوء کا یہ حکم مس

H-M-HASNAIN-ASADI

بالشہوت کی صورت میں ہے یا بلا شہوت کی، بحائل صورت میں ہے یا بلا حائل کی صورت میں وغیرہ۔ ظاہر ہے غیر مبہم روایت اوفق وارجح ہوگی۔

۲- پہلی روایت کی تائید اکثر اکابرین صحابہ کے اقوال وآثار سے ہوتی ہے جبکہ دوسری روایت کی تائید صرف حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے اثر سے ہوتی ہے۔

۳- پہلی روایت کی تائید قیاس سے بھی ہوتی ہے کہ بول و براز جو نجس العین ہیں، ان کا مس ناقض وضو نہیں ہے، پھر "اعضاء مخصوصہ" جو بالاتفاق طاہر ہیں ان کا مس بدرجہ اولیٰ ناقض وضو نہیں ہو سکتا۔

سوال نمبر 6: عن جرير الضبي قال رأيت عليا يمسك شماله بيمينه على الرسغ فوق السرة.

(الف) ترجم الرواية الى الأردية وهذه الرواية مخالفة لمذهب الاحناف فاجب عن الاحناف؟

(روایت کا اردو میں ترجمہ کریں، یہ روایت احناف کے مذہب سے متصادم ہے، آپ احناف کی طرف سے اس کا جواب دیں؟)

(ب) اذكر روايتين في اثبات وضع اليدين في الصلوة تحت السرة؟

(ناف کے نیچے دونوں ہاتھ باندھنے کے اثبات میں دو روایات نقل کریں؟)

جواب: (الف) روایت کا اردو میں ترجمہ:

حضرت جریر الضبی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے اپنے بائیں ہاتھ کو دائیں ہاتھ کے ساتھ گٹ پر ناف کے اوپر پکڑا ہوا تھا۔

احناف کی طرف سے اس دلیل کا جواب:

احناف کے نزدیک حالت نماز میں قیام کی صورت میں دائیں ہاتھ کو بائیں پر اور ناف کے نیچے باندھے جائیں گے۔ اس سلسلہ میں حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے: عن وائل بن حجر رضي الله عنه قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يضع يمينه على شماله في الصلوة تحت السرة۔ یعنی انہوں نے کہا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حالت نماز میں دیکھا کہ آپ نے اپنے دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے باندھا ہوا تھا۔

(ب) ناف کے نیچے دونوں ہاتھ باندھنے کے اثبات میں دو روایات:

احناف کے نزدیک قیام کی صورت میں دونوں ہاتھ ناف کے نیچے باندھے جائیں گے اس کے ثبوت میں دو روایات حسب ذیل ہیں:

۱-عن علی رضی اللہ عنہ قال: السنة وضع الکف علی الکف تحت السرة (سنن ابی داؤد) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے مسنون یہ ہے کہ ایک ہتھیلی کو دوسری ہتھیلی پر ناف کے نیچے رکھا جائے۔

۲-عن ابی ہریرة رضی اللہ عنہ قال: وضع الکف علی الکف فی الصلوٰة تحت السرة (سنن ابی داؤد) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: نماز (قیام کی حالت) میں ایک ہتھیلی کو دوسری ہتھیلی پر ناف کے نیچے باندھا جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

الشهادة العالمية فى العلوم العربية والاسلامية

"السنة الثانية" للطلاب الموافق سنة ۱۴۴۰ھ 2019ء

الورقة الخامسة: لسنن النسائى وابن ماجة

الوقت المحدد: ثلث ساعات　　　　مجموع الأرقام:۱۰۰

الملاحظة: عليك أن تجيب عن اثنين من كل قسم .

القسم الأول...... سنن النسائى

السؤال الاول: عن ابى هريرة قال قام اعرابى فبال فى المسجد فتناوله الناس فقال لهم رسول الله صلى الله عليه وسلم دعوه واهريقوا على بوله دلوا من ماء فانما بعثتم ميسرين ولم تبعثوا معسرين

(الف) شكل الحديث وترجمه الى الأردية؟ ۵+۵=۱۰

(ب) اشرح كلمات المخطوط عليها شرحا بسيطا حتى يتضح مايلزم للعلماء فى عصرنا؟ ۱۵

السؤال الثانى: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا استأذنت امرأة احدكم الى المسجد فلا يمنعها

(الف) ترجم الحديث الى الأردية وبين صيغة المخطوط عليها؟ ۵+۵=۱۰

(ب) لم منعهن عمر بن الخطاب من المساجد مع قوله "فلا يمنعها" الان لم يحضرن فى الحرمين مع منع عمر؟ ۷+۸=۱۵

السؤال الثالث: ان رسول الله صلى الله عليه وسلم فرض صدقة الفطر على الصغير والكبير والحر والعبد والذكر والانثى.....

(الف) ترجم الحديث الى الأردية ومن هو الذى يؤدى صدقة الفطر من الصغير والعبد والانثى؟ ۵+۵=۱۰

(ب) بين مقدار صدقة الفطر من بر وشعير وتمر فى الصاع وفى كيلو غرام؟ ۱۵

القسم الثانى ... سنن ابن ماجه

السؤال الرابع: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المؤمن القوى خير و احب

H-M-HASNAIN-ASADI

الی الله من المؤمن الضعيف، وفي كل خير، احرص على ما ينفعك واستعن بالله ولا تعجز فان اصابك شيء فلا تقل لو انی فعلت كذا و كذا ولكن قدر الله وماشاء فعل فان لو تفتح عمل الشيطان

(الف) ترجم الحديث الى الأردية واذا وقع ما قدر فما الفائدة من الاعمال الصالحة؟ أجب في ضوء الحديث ۵+۵=۱۰

(ب) اوضح مراد النبی صلى الله عليه وسلم من النص المخطوط عليه وما المراد من المؤمن القوى والضعيف؟ ۳×۵=۱۵

السؤال الخامس: عن النبی صلى الله عليه وسلم من طلب العلم ليمارى به السفهاء او ليباهی به العلماء او ليصرف وجوه الناس اليه فهو في النار

(الف) انقل الحديث الى الأردية و أوضح مفهومه؟ ۵+۵=۱۰

(ب) اكتب خمسة من الاغراض المطلوبة في الشرع من حصول العلم؟ ۵×۳=۱۵

السؤال السادس: عن ميمونة مولاة النبی صلى الله عليه وسلم قالت سئل النبی صلى الله عليه وسلم عن رجل قبل امرأته وهما صائمان قال قد افطرا

(الف) ترجم الحديث الى الأردية وشكله؟ ۵+۵=۱۰

(ب) هذا الحديث معارض بماروى انه صلى الله عليه وسلم "كان يقبل وهو صائم" عليك رفع التعارض؟ ۱۵

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

درجہ عالیہ (برائے طلباء) سال دوم 2019ء

پانچواں پرچہ: سنن نسائی وابن ماجہ

قسم اوّل: سنن نسائی

سوال نمبر 1: عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَامَ اَعْرَابِیٌّ فَبَالَ فِی الْمَسْجِدِ فَتَنَاوَلَهُ النَّاسُ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعُوْهُ وَاَهْرِيْقُوْا عَلٰى بَوْلِهٖ دَلْوًا مِّنْ مَّاءٍ فَاِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُيَسِّرِيْنَ وَلَمْ تُبْعَثُوْا مُعَسِّرِيْنَ

(الف) شكل الحديث وترجمه الى الأردية؟

H-M-HASNAIN-ASADI

(حدیث پر اعراب لگائیں اور اس کا اردو میں ترجمہ کریں؟)

(ب) اشرح کلمات المخطوط علیها شرحا بسیطا حتی یتضع مایلزم للعلماء فی عصرنا؟

(خط کشیدہ عبارت کی جامع تشریح کریں حتیٰ کہ عصر حاضر کے علماء کو بھی کوئی پیغام مل جائے؟)

جواب: (الف) حدیث پر اعراب اور اس کا اردو میں ترجمہ:

نوٹ: اوپر اعراب حدیث پر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ درج ذیل ہے:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا: ایک اعرابی (دیہاتی) اٹھا پس اس نے مسجد میں پیشاب کر دیا، لوگ اس کی طرف بڑھے مگر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں منع کر دیا اور اس کے پیشاب پر ایک ڈول پانی بہانے کا حکم دیا، پس بیشک تم آسانی پیدا کرنے کے لیے پیدا کیے گئے ہو نہ کہ دشواری کے لیے پیدا کیے گئے ہو۔

(ب) خط کشیدہ عبارت کی تشریح اور علماء عصر حاضر کے نام پیغام:

ایک اعرابی فیضان نبوت سے اکتساب علم اور اپنے ایمان کو مستحکم کرنے کی غرض سے مسجد نبوی شریف میں مجلس نبوی میں حاضر ہوا، ضرورت محسوس ہونے پر اپنی جگہ سے اٹھا اور مسجد کے ایک کونے میں پیشاب کرنے کے لیے بیٹھ گیا، صحابہ کرام نے اس کی اس حرکت کو برا محسوس کیا، اسے منع کرنے اور اس کی سرزنش کرنے کے لیے اس کی طرف بڑھے مگر رسول رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں منع کر دیا۔ اس کے پیشاب کرنے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسے نہیں ڈانٹا۔ تاہم آپ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حکم دیا کہ پیشاب کی جگہ پاک کرنے کے لیے اس پر ایک ڈول پانی بہا دیا جائے۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو نرمی کا برتاؤ اختیار کرنے کا درس دیا اور سخت گیری سے منع کیا۔

حدیث پاک میں ناپاک جگہ کو پاک کرنے کا طریقہ بتایا گیا ہے کہ اس جگہ پر بکثرت پانی بہا دیا جائے۔ علاوہ ازیں ناپاک جگہ کو پاک کرنے کے تین طریقے ہیں:

(i) ناپاک مٹی خرچ کر دوسری جگہ پھینک دی جائے۔

(ii) ناپاک جگہ پر پاک مٹی ڈال دی جائے۔

(iii) دھوپ سے وہ جگہ خشک ہو جائے حتیٰ کہ وہاں سے نجاست وغیرہ کا اثر ختم ہو جائے۔

خط کشیدہ الفاظ میں عصر حاضر کے علماء کرام کے لیے یہ پیغام ہے ہر معاملہ میں سخت گیری سے ہرگز کام نہ لیا جائے بلکہ نرمی و آسانی کا طریقہ اپنایا جائے تاکہ لوگوں میں محبت و عقیدت کا پہلو غالب ہو۔ سخت گیری کے نتائج اچھے برآمد نہیں ہوتے بلکہ اس سے نفرت پیدا ہوتی ہے۔ یہ طریقہ اختیار کرنا اخلاقیات

کے قریب، اصلاح عوام کے لیے مفید اور تبلیغ کے لیے مؤثر تر ہے۔ بالخصوص بات بات پر شرک و کفر کا فتویٰ لگانے سے بھی احتراز کیا جائے۔

سوال نمبر 2: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا استاذنت امرأة احدکم الی المسجد فلا یمنعھا

(الف) ترجم الحدیث الی الأردیة وبین صیغة المخطوط علیھا؟

(حدیث کا اردو میں ترجمہ کریں، نیز خط کشیدہ صیغہ بیان کریں؟)

(ب) لم منعھن عمر بن الخطاب من المساجد مع قولہ "فلا یمنعھا" الان لم یحضرن فی الحرمین مع منع عمر؟

جواب: (الف) حدیث کا ترجمہ:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کی عورت مسجد میں جانے کی اجازت طلب کرے، تو وہ اسے منع نہ کرے۔

خط کشیدہ صیغہ:

لا یمنع: یہ صیغہ واحد مذکر غائب فعل نہی معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعَلُ ہے، اس کا مطلب ہے کہ شوہر اپنی بیوی کو مسجد میں جانے سے منع نہ کرے۔

(ب) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی طرف سے ممانعت کی وجہ:

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے وصال پر ملال کے بعد حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دور میں معاشرہ میں حالات خراب ہو گئے تھے، کچھ اخلاقی و استحصال کے واقعات بھی سامنے آ چکے تھے، حالات کا جائزہ لیتے ہوئے خواتین کی عصمت کی حفاظت کے لیے آپ نے خواتین کو مسجد میں آنے سے منع کر دیا تھا۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے اس اقدام سے فحاشی کی لہر پر قابو پا لیا گیا۔

نماز کے لیے حرمین شریفین میں خواتین کی حاضری کی وجہ:

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے خواتین کو مسجد میں آنے سے منع کر دیا تھا اور انہوں نے حکم جاری کر دیا تھا کہ خواتین مسجد کی بجائے اپنے گھروں میں نماز ادا کیا کریں۔ دریافت طلب یہ بات ہے کہ جب آپ نے خواتین کو مسجد میں آنے سے منع کر دیا تھا پھر عصر حاضر میں خواتین نماز کے لیے حرمین شریفین میں حاضر کیوں ہوتی ہیں؟

اس کے کئی جوابات ہیں:

(i) حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے خاص حالات کے پیش نظر خواتین کو مسجد میں آنے سے منع

HEM-HASNAIN-ASADI

کیا تھا نہ کہ مستقل بنیادوں پر۔

(ii) عصر حاضر میں لوگوں کی کثرت کے سبب خواتین کے لیے الگ انتظام کرنا ناممکن ہے۔

(iii) حرم مکہ میں ایک نماز کا ثواب ایک لاکھ نمازوں کے برابر ہے جبکہ حرم نبوی میں ایک نماز کا ثواب پچاس ہزار نمازوں کا ہے، اس اجر عظیم سے خواتین کو محروم نہیں کیا جا سکتا۔

سوال نمبر 3: ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرض صدقة الفطر علی الصغیر والکبیر والحر والعبد والذکر والانثی......

(الف) ترجم الحدیث الی الأردیة ومن ھو الذی یؤدی صدقة الفطر من الصغیر والعبد والانثی؟

(حدیث کا ترجمہ کریں، چھوٹے بچے، غلام اور بچی کا صدقہ فطر کون ادا کرے گا؟)

(ب) بین مقدار صدقة الفطر من بر وشعیر وتمر فی الصاع وفی کیلو غرام؟

(گندم، جو اور کھجور میں سے صدقہ فطر کی مقدار صاع اور کلوگرام کے حوالے سے بیان؟)

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

بیشک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوٹی اور بڑی اولاد، آزاد، غلام، لڑکے اور لڑکی پر صدقہ فطر واجب قرار دیا۔

چھوٹی اولاد اور غلام کی طرف سے صدقہ فطر:

ہر مسلمان صاحب نصاب یعنی گھر کا سربراہ اپنے افراد خانہ بالخصوص چھوٹی اولاد اور غلام خواہ مسلم ہو یا غیر مسلم سب کی طرف سے صدقہ فطر ادا کرے گا۔ چونکہ دور حاضر میں غلام وکنیز ناپید ہیں، لہٰذا ان کی جگہ نوکروں کی طرف سے صدقہ ادا کیا جائے گا۔

صدقہ فطر واجب ہے، اس کا وقت عمر بھر ہے، جو شخص نماز عید الفطر سے قبل ادا نہ کر سکے وہ بعد میں بھی ادا کر سکتا ہے، نہ ادا کرنے سے ساقط نہیں ہوگا بلکہ برقرار رہے گا خواہ مسنون طریقہ نماز عید الفطر سے قبل ادا کرنا ہے۔

صدقہ فطر مال پر نہیں بلکہ شخصیت پر واجب ہے، اس کے لیے صاحب نصاب ہونے کے علاوہ عید الفطر کی صبح کے وقت بقید حیات ہونا شرط ہے۔ اگر کوئی شخص اس وقت سے قبل مر گیا تو اس پر صدقہ فطر واجب نہیں ہوگا اور جو بعد میں فوت ہوا اس پر صدقہ فطر واجب رہے گا۔

صدقہ فطر ہر مسلمان، آزاد، مالک نصاب پر واجب ہے جس کا نصاب ضروریات اصلیہ سے زائد ہو۔ اس کے لیے عاقل، بالغ اور مال نامی ہونا شرط نہیں ہے۔

H-M-HASNAIN-ASADI

ماں باپ، دادی دادا، نابالغ بھائی اور دیگر رشتہ داروں کا فطرہ اس کے ذمہ واجب نہیں ہے اور بغیر حکم و رضامندی کے ادا بھی نہیں کر سکتا۔

(ب) صدقہ فطر کی مقدار صاع اور کلوگرام میں:

صدقہ فطر کی مقدار کے حوالے سے چند احکام حسب ذیل ہیں:

گندم یا اس کا آٹا یا ستو نصف صاع، کھجور یا منقیٰ یا جو یا اس کا آٹا یا ستو ایک صاع ہے۔

گندم، جو، کھجوریں، منقیٰ دیے جائیں تو ان کی قیمت کا اعتبار نہیں ہوگا مثلاً نصف صاع عمدہ جو جن کی قیمت ایک صاع جو کے برابر ہے یا چہارم صاع کھرے گیہوں جو قیمت میں آدھے صاع گیہوں کے برابر ہیں یا نصف صاع کھجوریں دیں جو ایک صاع جو یا نصف صاع گیہوں کی قیمت کی ہوں، یہ سب ناجائز ہے۔

ان چاروں چیزوں کے علاوہ اگر کوئی چیز بطور فطرہ دینی ہو مثلاً چاول، جوار، باجرہ وغیرہ تو قیمت کا اعتبار کیا جائے گا یعنی وہ چیز نصف صاع گندم یا ایک صاع جو کی قیمت کے برابر ہو۔

ایک صاع برابر ہے: ساڑھے چار سیر کے۔ ساڑھے چار سیر برابر ہے: ساڑھے چار کلوگرام کے۔

نصف صاع برابر ہے: سوا دو سیر کے۔ سوا دو سیر برابر ہے: سوا دو کلوگرام کے۔

نوٹ: یہ حتمی وزن نہیں ہے بلکہ اس میں تولوں یا ماشوں کی کمی و زیادتی کا امکان موجود ہے۔

﴿قسم ثانی: سنن ابن ماجہ﴾

سوال نمبر 4: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المؤمن القوی خیر و احب الی اللہ من المؤمن الضعیف، وفی کل خیر، احرص علی ما ینفعک واستعن باللہ ولا تعجز فان اصابک شیء فلا تقل لو انی فعلت کذا و کذا ولکن قدر اللہ وماشاء فعل فان لو تفتح عمل الشیطان

(الف) ترجم الحدیث الی الأردیة واذا وقع ما قدر فما الفائدۃ من الاعمال الصالحۃ؟ اجب فی ضوء الحدیث

(حدیث کا اردو میں ترجمہ کریں، جو مقدر کیا گیا ہے وہی واقع ہوگا تو اعمال صالحہ کرنے کا کیا فائدہ ہے؟ حدیث کی روشنی میں جواب دیں)

(ب) اوضح مراد النبی صلی اللہ علیہ وسلم من النص المخطوط علیه و ما المراد من المؤمن القوی والضعیف؟

(خط کشیدہ عبارت سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد کیا ہے؟ مومن قوی اور مومن ضعیف کا کیا

مطلب ہے؟)

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک تندرست مومن اللہ تعالیٰ کے ہاں کمزور مومن سے زیادہ محترم ہے، ہر چیز میں بھلائی طلب کر جو تجھے نفع دے، اس میں رغبت کر اور اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کر اور دل نہ ہار۔ اگر تجھے کوئی مصیبت لاحق ہو تو یوں نہ کہہ اگر میں اس طرح کر لیتا بلکہ یہ کہہ جو اللہ تعالیٰ نے مقدر کر دیا اور جو اس نے چاہا، کیونکہ لفظ "اگر" شیطان کا کام شروع کرا دیتا ہے۔

اعمال صالحہ کرنے کا فائدہ:

دریافت طلب یہ بات ہے کہ جو کچھ منجانب اللہ مقدر ہو چکا ہے، وہی وقوع پذیر ہوتا ہے تو پھر اعمال صالحہ انجام دینے کا کیا فائدہ ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اس مسئلہ کا تعلق عقیدہ تقدیر سے ہے، جس کا مطلب ہے کہ انسان جس طرح کرنے والا تھا اللہ تعالیٰ نے اسی طرح لکھ دیا، یہ ہرگز نہیں ہے کہ جس طرح لکھ دیا گیا انسان اسی طرح کرتا ہے۔ نیز یہ بھی عیاں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اچھے اور برے اعمال کے نتائج سے بھی آگاہ کر دیا، اس طرح عمل خیر کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی جائے گی جبکہ عمل بد کی نسبت بندے کی طرف کی جائے گی۔ بندہ اپنے اعمال کا خود ذمہ دار ہے، اگر اچھے کام کرے گا تو اجر و ثواب پائے گا اور اعمال بد کے نتیجہ میں سزا بھی پائے گا۔ تاہم تقدیر کے بارے میں بحث کرنے سے بھی منع کیا گیا ہے، کیونکہ یہ چیز گمراہی و بے دینی کا سبب بھی بن سکتی ہے۔

(ب) خط کشیدہ عبارت کا مفہوم:

عقیدہ تقدیر کو پس پشت ڈالتے ہوئے اور اپنی بے عملی و بے علمی کے نتیجہ میں انسان ایسا اقدام کر لیتا ہے جو اس کے لیے باعث تشویش ہو، تو پھر وہ کہتا ہے کہ اگر میں اس کے برعکس کام کر لیتا تو بہتر تھا، یہ بھی شیطانی دھوکہ ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کی جانب سے اچھے اور برے راستہ کے نتائج سے آگاہ کر دیا گیا پھر انسان کو اپنی عقل کے گھوڑے دوڑانے سے احتراز کرنا چاہیے، تو اب "جیسا کرو گے ویسا بھرو گے" کے اصول کو پیش نظر رکھنا ہو گا۔

مؤمن قوی وضعیف کا مفہوم:

زیر بحث حدیث کے آغاز میں مؤمن قوی کو اللہ تعالیٰ کے ہاں مومن ضعیف سے زیادہ محترم و معزز قرار دیا گیا ہے۔ دریافت طلب یہ بات ہے کہ مومن، مومن ہے خواہ قوی ہو یا ضعیف تو پھر قوی کو ترجیح کیوں دی گئی ہے بلکہ عقل تو اس کے برعکس کا تقاضا کرتی ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں جسمانی قوت کے اعتبار سے قوی یا جسمانی کمزوری کے اعتبار سے ضعیف قرار دینا مقصود نہیں ہے بلکہ قوت سے مراد اعمال

HM-HASNAIN-ASADI

صالح کی کثرت ہے اور ضعف سے مراد اعمال صالحہ کی قلت ہے۔ سیدھی سی بات ہے جو اعمال صالحہ کا خوگر ہو گا وہ یقیناً بد اعمال یا بے عمل شخص سے زیادہ افضل و بہتر ہے۔

سوال نمبر 5: عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من طلب العلم لیماری بہ السفھاء او لیباھی بہ العلماء او لیصرف وجوہ الناس الیہ فھو فی النار

(الف) انقل الحدیث الی الأردیۃ و أوضح مفھومہ؟

(حدیث کا اردو میں ترجمہ کریں، اور اس کا مفہوم واضح کریں؟)

(ب) اکتب خمسۃ من الاغراض المطلوبۃ فی الشرع من حصول العلم

(حصول علم کے پانچ اہم مقاصد بیان کریں؟)

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ جس نے اس قصد سے علم حاصل کیا کہ وہ بیوقوفوں سے تکرار کرے گا یا اہل علم کے سامنے اپنی بڑائی بیان کرے گا اور یا عوام کے دلوں کو اپنی طرف مائل کرے گا، تو وہ دوزخ میں جائے گا۔

حدیث کا مفہوم:

انسان اللہ تعالیٰ کی مخلوق و بندہ ہے، اس کی تخلیق کا مقصد اللہ تعالیٰ کی اطاعت و عبادت کرنا ہے۔ پھر انسان کو چاہیے کہ ہر نیک عمل، عبادت و ریاضت اور قول و فعل میں اللہ تعالیٰ کی رضا کو پیش نظر رکھے۔ اس مقصد سے ہٹ کر جو بھی عمل صالح کرے گا وہ مردود و نامقبول ہے۔ حصول علم جیسے اہم فریضہ میں بھی یہی مقصد کار فرما اور پیش نظر ہونا چاہیے، ورنہ اس علم کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا مثلاً اگر حصول علم سے مقصد شہرت، مناظرہ اور عیش و عشرت ہو تو یہ کاوش قابل مذمت و مردود ہوگی۔ اگر مقصد درس و تدریس، اصلاح عوام اور تصنیف و تالیف وغیرہ ہو تو یہ نہ صرف عبادت ہوگا بلکہ دارین کی فلاح و کامرانی کا ذریعہ ہوگا۔

(ب) حصول علم کے پانچ مقاصد:

علم دین کے حصول کی پانچ اہم اغراض و مقاصد درج ذیل ہیں:

۱۔ عمل بالعلم: حصول علم کے ساتھ ساتھ عمل بھی شروع کر دیا جائے پھر تا حیات بے عملی کا تصور بھی ذہن میں نہ آئے بلکہ دیکھنے والے بھی باعمل بن جائیں۔

۲۔ درس و تدریس: علوم اسلامیہ سے فراغت حاصل کرتے ہی اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے سلسلہ درس و تدریس شروع کرنا، اسے بطور پیشہ نہیں بلکہ بطور عبادت اپنانا۔

۳۔ تصنیف و تالیف: جہاد بالقلم کی غرض سے علم حاصل کرنا، پھر شب و روز سلسلہ تصنیف و تالیف

H-M-HASNAIN-ASADI

اختیار کرنا تو یہ عبادت عظمہ سے کم نہیں ہوگا۔

۴-وعظ وتبلیغ: حصول علم کا مقصد علم کے ساتھ ساتھ وعظ وتبلیغ کے شعبہ کو اختیار کرنا ہو، تو یہ بھی ایک ممتاز غرض ہے، کیونکہ لوگ حصول دین کی طرف راغب ہوں گے۔

۵-اشاعت دین وعلوم: بلاشبہ اکابر علماء ومشائخ کے آثار علمیہ اور تصانیف قیمتی ورثہ ہے جس کی اشاعت وطباعت سے مدرسین، علماء، طلباء اور مصنفین کے لیے سہولت میسر ہوگی۔ اس طرح یہ سلسلہ بھی تجارت کے ساتھ ساتھ علمی ورثہ کی حفاظت کا ذریعہ ہے۔

سوال نمبر 6: عَنْ مَيْمُوْنَةَ مَوْلَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ قَبَّلَ امْرَأَتَهُ وَهُمَا صَائِمَانِ قَالَ قَدْ اَفْطَرَا

(الف) ترجم الحديث الى الأردية وشكله؟

(حدیث پر اعراب لگائیں اور اردو میں ترجمہ کریں؟)

(ب) هذا الحديث معارض بما روى انه صلى الله عليه وسلم "كان يقبل وهو صَائِمٌ" عليك رفع التعارض؟

(یہ حدیث دوسری روایت "كان يقبل وهو صائم" سے معارض ہے، آپ اس تعارض کا ارتفاع کریں؟)

جواب: (الف) اعراب وترجمہ حدیث:

نوٹ: اعراب اوپر حدیث پر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ درج ذیل ہے:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی باندی حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ مرد اپنی بیوی کا بوسہ لے جبکہ دونوں روزہ دار ہوں تو کیسا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں فرمایا: ان دونوں کا روزہ ٹوٹ گیا۔

(ب) روایات میں تعارض کا ارتفاع:

پہلی روایت سے حالت روزہ میں زوجین کے لیے بوس وکنار کی ممانعت جبکہ دوسری روایت سے جواز ثابت ہوتا ہے، اس طرح دونوں روایات میں تعارض ہوا؟ اس کے دو جواب ہیں جو حسب ذیل ہیں:

(۱) پہلی روایت حقیقت وممانعت پر محمول ہو جبکہ دوسری روایت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت پر محمول ہو۔ لہٰذا تعارض نہ رہا۔

(۲) پہلی روایت سے مراد ایسے زوجین ہوں جو جوان ہونے کی وجہ سے اپنے جذبات پر قابو نہ پا سکتے ہوں اور قبلہ (بوس وکنار) مباشرۃ فاحشہ (وطی) کا باعث بن جائے اور دوسری روایت سے نمایاں ہے

H-M-HASNAIN-ASADI

کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر جذبات پر قابو پانے والا کوئی نہیں ہوسکتا۔ اس کی تائید حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس روایت سے بھی ہوتی ہے جو سنن ابی داؤد میں مذکور ہے:

ان رجلا سال النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن المباشرة للصائم فرخص له واتاه آخر فساله فنهاه فاذا الذی رخص له شیخ واذا الذی نهاه شاب .

بیشک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک شخص نے حالت روزہ میں مباشرۃ کی اجازت طلب کی تو آپ نے اسے اجازت دے دی اور ایک دوسرا شخص حاضر ہوا اس کے اجازت طلب کرنے پر آپ نے اسے منع کردیا۔ پس وہ شخص جسے اجازت دی گئی وہ بوڑھا تھا اور جسے منع کیا گیا وہ نوجوان تھا"۔

یاد رہے اس روایت میں "مباشرۃ" سے مراد وطی نہیں ہے بلکہ مجازی معنیٰ مراد ہے یعنی وطی کے علاوہ بوس وکنار اور لمس وغیرہ کا انتفاع حاصل کرنا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

0300-
419...

H-M-HASNAIN-ASAD

Dars e Nizami All Board Books

الاختبار السنوی شهادة العالمیه فی العلوم العربیه والاسلامیه (ایم اے عربی واسلامیات) السنة الثانية للطلاب السنة 2021/ ۱۴۴۲ھ

الورقة الاولیٰ: الصحیح للبخاری

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

الملاحظة: أجب عن السؤالين الاولين ولك الخيار فی الثالث ان تجيب عن أحد الجزئين.

السوال الاول: حدثنا آدم قال حدثنا شعبة حدثنا الحكم عن ذر عن سعيد بن عبدالرحمن بن أبزی عن أبيه قال: جاء رجل إلى عمر بن الخطاب فقال إني أجنبت فلم أصف الماء فقال عمار بن ياسر لعمر بن الخطاب أما تذكر أنا كنا فی سفر أنا وأنت فأجنبنا فأما أنت فلم تصل وأما أنا فتمعكت فصليت فذكرت ذٰلك للنبی صلی الله عليه وسلم فقال النبی صلى الله عليه وسلم (إنما كان يكفيك هٰكذا) . فضرب النبی صلى الله عليه وسلم بكفيه الأرض ونفخ فيهما ثم مسح بهما وجهه وكفيه .

(الف) شكل كلمات السند مع المتن؟

(ب) عرف السند والمتن؟

(ج) ترجم الحديث الى الاردية

(د) حلل الكلمة المخطوطة صرفيا ولغويا

(ھ) اشرح باسلوبك الخاص حتى يتضح معنى النفخ؟ 5x8=40

السوال الثانی: حدثنا علی بن عبدالله قال حدثنا سفيان قال حدثنا الزهری عن عطاء بن يزيد الليثی عن أبی أيوب الأنصاری: أن النبی صلی الله عليه وسلم قال (إذا أتيتم الغائط فلا تستقبلوا القبلة ولا تستدبروها ولكن شرقوا أو غربوا) قال أبو أيوب: فقدمنا الشام فوجدنا مراحيض بنيت قبل القبلة فننحرف ونستغفر الله عزوجل وعن الزهری عن عطاء قال سمعت أبا أيوب عن النبی صلی الله عليه وسلم مثله .

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(الف) شكل كلمات السند مع المتن؟

(ب) ترجم الحديث الى الاردية؟

(ج) حلل الكلمات المخطوطة صرفيا ولغويا

(د) اشرح الحديث حتى تتضح كيفية الجلوس فى الخلاء؟ 4x10=40

السوال الثالث: اجب عن احد من الجزئين الأتيين .

الجزء الاول: عن عروة عن عائشة رضى الله عنها: جهر النبى صلى الله عليه وسلم فى صلاة الخسوف بقراء ته فإذا فرغ من قراء ته كبر فركع وإذا رفع من الركعة قال (سمع الله لمن حمده ربنا ولك الحمد) ثم يعاود القراءة فى صلاة الكسوف أربع ركعات فى ركعتين وأربع سجدات وقال الأوزاعى وغيره . سمعت الزهرى عن عروة عن عائشة رضى الله عنها أن الشمس خسفت على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فبعث مناديا الصلاة جامعة فتقدم فصلى أربع ركعات فى ركعتين وأربع سجدات .

(الف) ترجم الحديث الى الاردية؟

(ب) اشرح كيفية صلوة الكسوف وبين الفرق بين الخسوف والكسوف ؟ 10x2=20

الجزء الثاني: (الف) عرف المصطلحات الحديثية الأتية؟ 10x2=20

الاعتبار، المشابهة، الشاهد، المرسل، المدلس، المضطرب، المدرج، المعنعن، الجرح، التعديل

(ب) اشرح عشرة من الرموز الأتية المستخدمة فى الصحيح البخارى وكتب الحديث الشريف وغيرها؟

ك، خ، د، ن، ت، ج، ق، ح، نا، انا، عط، مط، مم، مح، ح، خف .

☆☆☆

درجہ عالمیہ برائے طلباء (سال دوم) 2021ء

پہلا پرچہ: صحیح بخاری

السوال الاول: حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ عَنْ ذَرٍّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزٰى عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ إِنِّىْ أَجْنَبْتُ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

فَلَمْ أُصِبِ الْمَاءَ فَقَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَمَا تَذْكُرُ أَنَا كُنَّا فِي سَفَرٍ أَنَا وَأَنْتَ فَأَجْنَبْنَا فَأَمَّا أَنْتَ فَلَمْ تُصَلِّ وَأَمَّا أَنَا فَتَمَعَّكْتُ فَصَلَّيْتُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (إِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ هٰكَذَا) . فَضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَفَّيْهِ الْأَرْضَ وَنَفَخَ فِيهِمَا ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ .

(الف) شكل كلمات السند مع المتن؟

(ب) عرف السند والمتن؟

(ج) ترجم الحديث الى الاردية؟

(د) حلل الكلمة المخطوطة صرفيا ولغويا؟

(ھ) اشرح باسلوبك الخاص حتى يتضح معنى النفخ؟

جواب: (الف) سند اور متن پر اعراب:

سند اور متن پر اعراب لگا دیے گئے ہیں۔

(ب) سند اور متن کی تعریف:

۱-سند: راویوں کا وہ سلسلہ جو متن تک پہنچتا ہو۔

۲-متن: وہ کلام جس تک سند پہنچتی ہو۔

(ج) ترجمہ حدیث:

امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم نے حدیث بیان کی' انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی' انہوں نے کہا: ہمیں الحکم نے کہا: از ذر از سعید بن عبدالرحمٰن بن ابزی از ولد خود انہوں نے کہا: ایک آدمی حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اس نے کہا: میں جنبی ہو گیا ہوں مجھے پانی نہیں ملا؟ پس حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ کو یاد ہے' ہم دونوں ایک سفر میں تھے' رہے آپ تو آپ نے نماز نہیں پڑھی اور رہا میں' تو میں زمین میں لوٹ پوٹ ہو گیا' پس میں نے نماز پڑھ لی' پھر میں نے اس کا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں صرف اس طرح کرنا کافی تھا' پھر آپ نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے' پھر ان میں پھونک ماری' پھر دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرے اور ہاتھوں پر ملا۔

(د) خط کشیدہ الفاظ کی صرفی اور لغوی وضاحت:

۱-اَجْنَبْنَا: صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معروف ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال بدخوابی کا شکار ہونا' جنبی ہونا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۲- فَتَمَعَّکْتُ: صیغہ واحد متکلم فعل ماضی ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل صحیح از باب تفعل۔ اپنے جسم کو خاک آلود کرنا، مٹی میں لوٹ پوٹ ہونا۔

(ھ) حدیث کی تشریح کے ضمن میں "نفخ" کے معنیٰ کی وضاحت:

حضرت عبدالرحمٰن ابزی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں موجود تھا، ان کے پاس ایک آدمی آیا، اس نے عرض کیا: ہم لوگ کسی جگہ ایک یا دو مہینے کے لیے ٹھہرتے ہیں، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تو اس وقت تک نماز ادا نہیں کروں گا جب تک میں پانی کو پالوں، پھر حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیر المؤمنین! کیا آپ کو یاد ہے؟ میں اور آپ دونوں اونٹوں پر سفر کر رہے تھے، پھر ہم دونوں جنبی ہو گئے تھے، میں زمین پر لوٹ پوٹ ہو گیا، پھر ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، تو میں نے آپ سے اس کا ذکر کیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے لیے یہ کافی تھا کہ تم اس طرح کر لیتے، آپ نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے، پھر مٹی جھاڑنے کے لیے ان پر پھونک ماری، پھر ان دونوں ہاتھوں سے چہرے اور دونوں ہاتھوں پر نصف ہاتھ تک مسح کیا تھا۔

السوال الثانی: حَدَّثَنَا عَلِی بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدِ اللَّيْثِی عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ (إِذَا أَتَيْتُمُ الْغَائِطَ فَلَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ وَلَا تَسْتَدْبِرُوْهَا وَلٰكِنْ شَرِّقُوْا أَوْ غَرِّبُوْا) قَالَ أَبُوْ أَيُّوبَ: فَقَدِمْنَا الشَّامَ فَوَجَدْنَا مَرَاحِيْضَ بُنِيَتْ قِبَلَ الْقِبْلَةِ فَنَنْحَرِفُ وَنَسْتَغْفِرُ اللهَ عَزَّوَجَلَّ، وَعَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا أَيُّوبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

(الف) شكل كلمات السند مع المتن؟

(ب) ترجم الحديث الى الاردية؟

(ج) حلل الكلمات المخطوطة صرفيا ولغويا؟

(د) اشرح الحديث حتى تتضح كيفية الجلوس فى الخلاء؟

جواب: (الف) سند اور متن پر اعراب:

سند اور متن پر اعراب لگا دیے گئے ہیں۔

(ب) ترجمہ حدیث:

امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ہمیں علی بن عبداللہ نے بیان کیا، انہوں نے کہا: ہمیں زہری نے از عطاء بن یزید اللیثی اور از ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہما بیان کیا: بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم بیت الخلاء میں جاؤ تو تم نہ قبلہ کی طرف منہ کرو اور نہ اس کی طرف پشت کرو، لیکن تم مشرق اور

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

مغرب کی طرف منہ یا پشت کرو۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم ملک شام گئے تو ہم نے وہاں قبلہ رخ بیت الخلاء بنے ہوئے دیکھے (جب ہم قضائے حاجت کے لیے جاتے) تو ہم مڑ جاتے اور ہم اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتے تھے۔ زہری عطاء بن یزید کے حوالے سے بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اس کی مثل سنا ہے۔

(ج) خط کشیدہ الفاظ کی صرفی اور لغوی وضاحت:

(i) وَلَا تَسْتَدْبِرُوْهَا: صیغہ جمع مذکر فعل نہی حاضر معروف ثلاثی مزید فیہ باہمزہ وصل از استفعال۔ ھا ضمیر برائے واحد مؤنث منصوب محلاً مفعول بہ اور یہ قبلہ کی طرف لوٹتی ہے۔ پشت کرنا۔

(ii) شَرِّقُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل از باب تفعیل' مشرق کی طرف منہ یا پشت کرنا۔

(iii) غَرِّبُوْا: صیغہ جمع مذکر فعل امر حاضر معروف ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل۔ مغرب کی طرف منہ یا پشت کرنا۔

(iv) مَرَاحِيْضَ: یہ "مِرْحَاضٌ" کی جمع اقصیٰ ہے۔ اس کا معنیٰ ہے: بیت الخلاء' طہارت خانے۔

(v) قِبَلَ: اسم ظرف مضاف مُعرب' مفعول فیہ۔ طرف' جانب' رخ۔

(vi) فَنَنْحَرِفُ: صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معروف ثلاثی مزید فیہ باہمزہ وصل از باب انفعال۔

(د) بیت الخلاء میں بیٹھنے کی کیفیت کی وضاحت:

انسان بیت الخلاء کے استعمال کا محتاج ہے' بیت الخلاء میں بیٹھنے کی کیفیت یہ ہونی چاہیے کہ قبلہ کی طرف نہ منہ ہو اور نہ پشت۔

یاد رہے مدینہ طیبہ سے قبلہ (بیت اللہ) جنوب کی سمت واقع ہے' اسی لیے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بیت الخلاء میں جنوب یا شمال کی طرف منہ یا پشت نہ کرو بلکہ مشرق و مغرب کی سمت منہ یا پشت کرو۔ ہمارے ملک پاکستان سے قبلہ مغرب کی سمت ہے' لہٰذا ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم نہ مغرب کی طرف منہ کریں اور نہ پشت کریں۔ بلکہ ہمیں جنوب و شمال سمت کی طرف بیت الخلاء میں بیٹھنا چاہیے۔

السوال الثالث: اجب عن احد من الجزئين الآتيين .

الجزء الاول: عن عروة عن عائشة رضى الله عنها: جهر النبى صلى الله عليه وسلم فى صلاة الخسوف بقراء ته فاذا فرغ من قراء ته كبر فركع وإذا رفع من الركعة قال (سمع الله لمن حمده ربنا ولك الحمد) ثم يعاود القراء ة فى صلاة الكسوف أربع

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

ركعات فى ركعتين وأربع سجدات وقال الأوزاعى وغيره . سمعت الزهرى عن عروة عن عائشة رضى الله عنها أن الشمس خسفت على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فبعث مناديا الصلاة جامعة فتقدم فصلى أربع ركعات فى ركعتين وأربع سجدات .

(الف) ترجم الحديث الى الاردية؟

(ب) اشرح كيفية صلوة الكسوف وبين الفرق بين الخسوف والكسوف؟

الجزء الثانى: (الف) عرف المصطلحات الحديثية الأتية؟

الاعتبار، المشابهة، الشاهد، المرسل، المدلس، المضطرب، المدرج، المعنعن، الجرح، التعديل

(ب) اشرح عشرة من الرموز الأتية المستخدمة فى الصحيح البخارى وكتب الحديث الشريف وغيرها؟

ك، خ، د، ن، ت، ج، ق، ح، نا، انا، عط، مط، مم، مح، ح، خف .

جواب: (الف) جزءِ اوّل:

(الف) ترجمہ حدیث:

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے چاند گرہن کی نماز میں بلند آواز سے قراءت کی جب آپ قراءت سے فارغ ہوئے، تو آپ نے اللہ اکبر کہا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا، جب رکوع سے اپنا سر اٹھایا تو کہا: سمع الله لمن حمده ربنا ولك الحمد، پھر آپ اسی طرح چاند گرہن کی نماز پڑھتے رہے، چار رکوع، دو رکعت اور چار سجدوں میں۔ امام اوزاعی وغیرہ رحمہم اللہ تعالیٰ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے بیان کرتے ہیں: بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد ہمایوں میں سورج گرہن لگا، تو آپ نے ایک منادی کو روانہ کیا، تاکہ وہ یہ اعلان کرے: الصلوٰة جامعة (لوگو! نماز کے لیے جمع ہو جاؤ)، پھر آپ آگے بڑھے دو رکعتوں میں چار رکوع اور چار سجدوں کے ساتھ نماز پڑھائی۔

(ب) سورج گرہن کی نماز کا طریقہ:

سورج گرہن کے وقت امام جمعہ کے پیچھے یا حاکم وقت کے مقرر کردہ امام کے پیچھے نفلوں کی طرح دو رکعت نماز ادا کرنا مسنون ہے، اس کے لیے نہ تو آذان دی جائے، نہ ہی اقامت کہی جائے، نہ امام بلند آواز سے قراءت کرے اور نہ ہی خطبہ دیا جائے، بلکہ آذان کی جگہ یہ ندا دی جائے: آؤ نماز کھڑی ہونے والی ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

ان دونوں رکعت کے قیام رکوع اور سجدوں کو لمبا کرنا مسنون ہے، پھر امام چاہے تو قبلہ رخ بیٹھ کر دعا مانگے یا کھڑے ہو کر لوگوں کی طرف منہ کرتے ہوئے دعا مانگے، یہ دوسرا انداز زیادہ بہتر ہے، اور مقتدی اس کی دعاء پر آمین کہتے رہیں، اسی طرح دعاء واستغفار ہوتا رہے، حتیٰ کہ سورج کی روشنی مکمل ہو جائے۔

اگر امام حاضر نہ ہو، تو لوگ انفرادی طور پر نماز ادا کریں جس طرح چاند کو گرہن لگنے، دن کے وقت خوفناک اندھیرا چھا جانے، تیز آندھی آجانے اور کوئی پریشانی لاحق ہونے کے وقت علیحدہ علیحدہ نوافل پڑھتے ہیں۔

خسوف اور کسوف میں فرق:

خسوف اور کسوف دونوں الفاظ کا لغوی معنیٰ ہے: بے نور ہو جانا۔ دونوں میں اصطلاحی معنیٰ کے اعتبار سے فرق ہے۔ خسوف چاند گرہن کو کہا جاتا ہے، اور کسوف سورج گرہن کو کہتے ہیں۔ یاد رہے سورج گرہن کے لیے نماز ہے، اور چاند گرہن کے لیے نماز نہیں ہے، بلکہ توبہ، استغفار اور دعا ہے۔

الجزء الثانی: (الف) اصطلاحات فن حدیث کی وضاحت:

۱-الاعتبار: منفرد راوی کی حدیث کے ترک اور اس کی سندوں کی تحقیق اور تلاش کرنا تاکہ معلوم ہو جائے کہ اس روایت میں کوئی اور بھی شریک ہے یا نہیں۔

۲-الشاھد: غریب اور منفرد حدیث کے راوی کی لفظاً اور معنیً، یا صرف معنیً میں دوسرے راوی کی موافقت کرنا اور اس سے مشارکت کرنا بشرطیکہ صحابی مختلف ہوں۔

۳-المرسل: وہ حدیث ہے جس کے آخر سے یعنی تابعی کے بعد سے سند میں سقوط ہو یعنی صحابی کا ذکر نہ ہو۔

۴-المدلس: سند کے عیب کو چھپانا اور اس کے ظاہر کی تحسین کرنا۔

۵-المضطرب: وہ حدیث جو ایسے مختلف طریقوں سے مروی ہو، جو قوت میں مساوی ہوں۔

۶-المدرج: جب حدیث کی سند کا سیاق بدل دیا گیا ہو یا اس کے متن میں کسی وضاحت کے بغیر ایسی چیز داخل کی گئی، جو اس متن سے نہ ہو۔

۷-المعنعن: راوی کا یہ قول "فلان عن فلان" معنعن ہے۔

۸-الجرح: جس طرح ان کتب میں طعن کا ذکر جو بعض راویوں کی عدالت یا ان کے ضبط پر کیا جاتا ہے، یہ بھی غیر متعصب آئمہ سے منقول ہے۔ اس کو جرح کہتے ہیں۔

۹-التعدیل: چونکہ حدیث کے صحیح اور ضعیف ہونے کا حکم کچھ امور پر مبنی ہے جیسے راویوں کی عدالت اور ضبط یا ان کی عدالت اور ضبط پر طعن، تو اس لیے علماء کرام نے ایسی کتب لکھنے کا اہتمام کیا، جن

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

میں راویوں کی عدالت اور ضبط کا بیان ایسے آئمہ سے منقول ہے، جو قابل اعتماد تعدیل کرنے والے ہیں، اسی کو تعدیل کہتے ہیں۔

(ب) صحیح بخاری اور دوسری کتب حدیث میں استعمال ہونے والے رموز اوقاف کی تعریفات:

۱-ن: یہ سنن نسائی کی طرف اشارہ کے لیے آتا ہے۔

۲-خ: صحیح بخاری

۳-د: سنن ابوداؤد

۴-ت: جامع ترمذی

۵-ج: کتاب کے جزء یا جلد کی طرف اشارہ کے لیے آتا ہے۔

۶-ق: متفق علیہ

۷-ح: حائل سے ماخوذ ہے۔

۸-نا: حَدَّثَنَا

۹-انا: اَخْبَرَنَا

۱۰-مط: موطا

۱۱-مم: مُعْجِمُ الْمُفَهْرِسُ

۱۲-مح: مسند امام احمد

۱۳-ح: حِیْنَئِذٍ سے مخفف ہے۔

۱۴-خف: علامت تخفیف

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

الاختبار السنوى شهادة العالميه فى العلوم العربيه والاسلاميه (ایم اے عربی واسلامیات) السنة الثانية للطلاب السنة 2021/ ۱۴۴۲ھ

الورقة الثانية: الصحيح لمسلم

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

ملاحظة: أجب عن ثلثة فقط

السوال الاول: حَدَّثَنَا مُحَمَّد بن عمرو بن جبلة بن ابى رواد قال حدثنا ابو عامر يعنى العقدى قال حدثنا قرة عن محمد عن ابى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم قال من اشترى شاة مصراة فهو بالخيار ثلاثة ايام فان ردها رد معها صاعا من طعام لاسمراء.

(الف) شكل سند الحديث ومتنه؟ (١٠)

(ب) ترجم الحديث الى الاردية؟ (١٠)

(ج) اكتب معنى التصرية لغة واصطلاحا؟ (٥)

(د) اكتب حكم بيع المصراة فى ضوء اختلاف الفقهاء وأوضح أن بيع المصراة يصح أم لا. (٤+٥=٩)

السوال الثانى: عن ابى سعيد الخدرى ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا تبيعوا الذهب بالذهب الامثلا بمثل ولا تشفوا بعضها على بعض ولا تبيعوا الورق بالورق الامثلا بمثل ولا تشفوا بعضها على بعض ولا تبيعوا منها غائبا بناجز.

(الف) ترجم الحديث الى اللغة الاردية؟ (١٥)

(ب) إشرح العبارة المخطوطة مع بيان كيفيتها؟ (١٠)

(ج) ماهى علة الربوا فى ضوء اختلاف الفقهاء بين مع الدليل؟ (٨)

السوال الثالث: عن ابى هريرة قال كان لسليمان عليه الصلوٰة والسلام ستون

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

امرأة فقال لا طوفن عليهن الليلة فتحمل كل واحدة منهن فتلد كل واحدة منهن غلاما فارسا يقاتل فى سبيل الله فلم تحمل منهن الا واحدة فولدت نصف انسان فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو كان استثنى لولدت كل واحدة منهن غلاما فارسا يقاتل فى سبيل الله .

(الف) ترجم الحديث الشريف بعد تشكيله؟ (۹+۹=۱۸)

(ب) اكتب المسائل الثلاث المستنبطة من هذا الحديث الشريف؟ (۹)

(ج) ماهو حكم الاستثناء فى اليمين والشرط اذا كان متصلا او منقطعا؟ (۶)

السوال الرابع: عن جابر بن عبدالله يقول غزوت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم تسع عشرة غزوة لم اشهد بدر اولا احدا منعنى ابى فلما قتل عبدالله يوم احدلم اتخلف عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فى غزوة قط .

(الف) ترجم الحديث الشريف . (۱۰)

(ب) كم غزا رسول الله صلى الله عليه وسلم وايضاً كم غزوة وقع فيها القتال؟ (۹)

(ج) فى اى سنة وقعت غزوة بدر واحد وفتح مكة؟ (۹)

(د) اكتب معنى الغزوة والسرية والفرق بينهما؟ (۵)

☆☆☆

درجہ عالمیہ برائے طلباء (سال دوم) 2021ء

دوسرا پرچہ: صحیح مسلم

السوال الاول: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ بْنِ اَبِىْ رُوَادٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ يَعْنِى الْعَقْدِىَّ قَالَ حَدَّثَنَا قُرَّةُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اشْتَرٰى شَاةً مُصَرَّاةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَاِنْ رَدَّهَا رَدَّ مَعَهَا صَاعًا مِنْ طَعَامٍ لَاسَمْرَاءَ .

(الف) شكل سند الحديث ومتنه؟

(ب) ترجم الحديث الى الاردية؟

(ج) اكتب معنى التصرية لغة و اصطلاحا؟

H_M_Hashnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(د) اكتب حكم بيع المصراة في ضوء اختلاف الفقهاء وأوضح أن بيع المصراة يصح أم لا؟

جواب: (الف) سند اور متن حدیث پر اعراب:

نوٹ: سند اور متن حدیث پر اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

(ب) ترجمہ حدیث:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے مصراۃ بکری خریدی اس کو تین دن تک اختیار ہے اگر وہ اس کو واپس کرے تو اس کے ساتھ ایک صاع طعام بھی دے، گندم ضروری نہیں ہے۔

(ج) "التصرية" کا لغوی و اصطلاحی معنیٰ:

لفظ "التصرية" باب تفعیل کا مصدر ہے اس کا اصل مادہ "صریٰ" ہے اس کا معنیٰ ہے: جمع کرنا۔ اہل عرب کہا کرتے ہیں: صريت الماء في الحوض یعنی میں نے حوض میں پانی جمع کر لیا۔ "صرى الماء في ظهره" اس کی پشت میں پانی جمع ہے یعنی اس نے ابھی تک نکاح نہیں کیا۔

اس کا اصطلاحی معنیٰ ہے: روکنا' چنانچہ کہا جاتا ہے: التصرية حبس الماء یعنی تصریہ کا مطلب پانی روکنا ہے۔ امام شافعی اور دیگر فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ کا بیان ہے کہ تصریہ یہ ہے کہ اونٹنی یا بکری کے تھنوں کو رسی سے باندھ دیا جائے' چند دنوں تک اس کا دودھ نہ دوہا جائے یہاں تک کہ اس کے تھنوں میں دودھ خوب جمع ہو جائے' اسے دیکھ کر مشتری یہ گمان کرے کہ عادۃً اس جانور کا دودھ زیادہ ہے' اور وہ اس کی قیمت زیادہ لگائے۔

یاد رہے کہ تصریہ خواہ بکری ہو' یا اونٹنی یا اور دوسرے دودھ فراہم کرنے والے جانور کا ہو' یہ حرام و ناجائز ہے' اس لیے کہ اس صورت میں خریدار کو دھوکا دیا جاتا ہے' تاہم بیع منعقد ہو جائے گی۔

(د) بیع مصراۃ میں مذاہب آئمہ کے ضمن میں اس بیع کا حکم:

بیع مصراۃ کے مسئلہ میں اختلاف فقہاء موجود ہے' اس اختلاف کی تفصیل اور اس بیع کے حکم کے حوالے سے تفصیل درج ذیل ہے:

۱۔ فقہاء شوافع کا موقف یہ ہے کہ تصریہ حرام ہے' مگر بیع منعقد ہو جائے گی' مشتری کو اس کا علم ہونے پر وہ بیع واپس بھی کر سکتا ہے' واپسی اسی وقت بھی ہو سکتی ہے' اور بعد میں علم ہونے کی صورت میں یہ اختیار تین تک ہو سکتا ہے۔ تاہم واپسی کی صورت میں مشتری ایک صاع (چار کلوگرام) کھجور بھی دے گا' خواہ اس نے دودھ زیادہ دوہا ہو یا کم مقدار میں دوہا ہو۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۲-فقہاء حنبلیہ کا مؤقف یہ ہے کہ مصراۃ کی صورت میں اگر مشتری جانور کو واپس کرنا چاہتا ہو' تو وہ واپسی پر ایک صاع کھجوریں بھی ساتھ دے گا' یہ کھجوریں واپسی کے لیے شرط ہیں' خواہ ان کی قیمت دودھ سے زیادہ ہو یا کم ہو۔ اس طرح ان کے ہاں بھی یہ بیع منعقد ہو جائے گی۔

۳-فقہاء مالکیہ کا مؤقف بھی یہی ہے کہ مصراۃ کی صورت میں بیع درست ہو جائے گی' مگر مشتری کو اس کے واپس کرنے کا اختیار ہوگا' واپسی کی صورت میں ایک صاع کھجوریں بھی ساتھ دینا ہوں گی' تاہم ان کے ہاں کھجوریں شرط نہیں ہیں بلکہ شہر میں کھائی جانے والی کوئی بھی خوراک ایک صاع کی مقدار جانور کے ساتھ دے سکتا ہے۔

۴-فقہاء احناف میں سے امام اعظم ابوحنیفہ اور امام محمد رحمہما اللہ تعالیٰ کا مؤقف یہ ہے کہ مصراۃ کو واپس کرنا درست نہیں ہے' کیونکہ یہ عیب کی صورت نہیں بنتی بلکہ دھوکا کی صورت ہے۔ تاہم مشتری کا جو زیادہ قیمت کی صورت میں نقصان ہوا ہے' وہ بائع سے اتنی قیمت واپس لینے کا مجاز ہوگا۔

احناف رحمہم اللہ تعالیٰ کا کہنا ہے کہ حدیث مصراۃ پر عمل درست نہیں ہے۔

حدیث مصراۃ پر عدم عمل کی کئی وجوہات ہیں' جو درج ذیل ہیں:

(i) یہ روایت مضطرب ہے لہٰذا اسے معمول بہ بنانا درست نہیں ہے۔

(ii) یہ روایت قرآن کریم کے مضمون کے خلاف ہے' یعنی واپسی کی صورت میں کھجور یا طعام کا ایک صاع دینا بھی نقصان ہے۔

(iii) یہ روایت تعلیم سنت کے منافی ہے۔ چنانچہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خریدار اور بائع کو اس وقت تک اختیار ہوتا ہے جب تک وہ جدا نہ ہو جائیں۔

(iv) حدیث مصراۃ اجماع امت کے خلاف ہے' کیونکہ بیع کی واپسی میں طعام یا کھجوریں شامل نہیں ہیں۔

(v) حدیث مصراۃ قیاس کے بھی منافی ہے' کیونکہ دودھ کا عوض ایک صاع طعام یا کھجوریں نہیں ہو سکتیں۔

السوال الثانی: عن ابی سعید الخدری ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تبیعوا الذھب بالذھب الامثلا بمثل ولا تشفوا بعضھا علی بعض ولا تبیعوا الورق بالورق الامثلا بمثل ولا تشفوا بعضھا علی بعض ولا تبیعوا منھا غائبا بناجز .

(الف) ترجم الحدیث الی اللغة الاردیة؟

(ب) اشرح العبارة المخطوطة مع بیان کیفیتھا؟

(ج) ماھی علة الربوا فی ضوء اختلاف الفقھاء بین مع الدلیل؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سونے کو سونے کے بدلے صرف برابر برابر فروخت کرو اور بعض سونے کے عوض کم سونا فروخت نہ کرو۔ چاندی کو چاندی کے عوض فروخت مت کرو اور بعض چاندی کو کم چاندی کے عوض مت فروخت کرو اور تم ان میں سے کسی کو ادھار مت فروخت کرو۔

(ب) خط کشیدہ عبارت کی وضاحت:

اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ سونا' سونے کے عوض اور چاندی چاندی کے عوض برابر برابر خرید وفروخت تو جائز ہے' اسی طرح اس میں نقد ہونا بھی ضروری ہے' ان میں جس طرح اضافہ وکمی منع ہے' اسی طرح ادھار بھی منع وحرام ہے۔ یہی حکم سونے اور چاندی سے تیار شدہ زیورات اور دوسری اشیاء کا بھی ہے۔

(ج) ربوا میں علت کے حوالے سے مذاہب آئمہ:

آئمہ فقہ کا اس بات میں اتفاق ہے کہ جس طرح چھ امور یعنی سونا' چاندی' گندم' جو' چھوارے اور نمک میں زیادتی منع ہے' اسی طرح ان چیزوں میں بھی سود حرام ہے جو ان کے معنیٰ میں شریک ہیں۔ تاہم ان چھ چیزوں میں علت ربوا کے حوالے سے آئمہ فقہ کا اختلاف ہے' جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱- امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف یہ ہے کہ سونے اور چاندی میں علت حرمت ان کا جنس ثمن سے ہونا ہے۔ لہٰذا باقی اشیاء میں کمی اور بیشی حرام نہیں ہوگی' اس لیے کہ ان میں علت حرمت مشترک نہیں ہے۔ باقی چار چیزوں میں علت حرمت کھانے کی جنس سے ہونا ہے' لہٰذا ہر کھانے کی چیز میں تفاضل کے ساتھ بیع حرام ہوگی۔

۲- امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے سونے اور چاندی میں امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کی مثل ہے۔ باقی چار اشیاء میں علت حرمت ان کا خوراک کے ذخیرہ میں شامل ہونا ہے' یہی وجہ ہے کہ ان کے نزدیک منقیٰ میں بھی تفاضل حرام ہے' کیونکہ اس کا شمار بھی اشیاء خوردنی میں ہوتا ہے۔

۳- امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ سونے اور چاندی میں علت حرمت وزن ہے جبکہ باقی چار چیزوں میں علت حرمت ماپنا ہے۔ لہٰذا جو چیز بھی وزن اور ماپ سے بیع کی جاتی ہو' تو اتحاد جنس کی صورت میں اس کا تفاضل کے ساتھ فروخت کرنا حرام ہے۔

۴- امام احمد اور ایک قول کے مطابق امام شافعی رحمہما اللہ تعالیٰ کا مؤقف یہ ہے کہ ان چار چیزوں میں علت حرمت طعام کا وزن یا ماپ کے ساتھ فروخت کرنا ہے' اس لیے اشیاء خوردنی خواہ عددی ہوں جیسے

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

انڈے وغیرہ، تو ان میں تفاضل کے ساتھ بیع حرام نہیں ہوگی۔ ہر وہ چیز، جو وزن یا ماپ کے ساتھ فروخت کی جائے، اس کی جنس کے عوض تفاضل سے بیع درست نہیں ہو سکتی۔

السوال الثالث: عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ لِسُلَيْمَانَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ سِتُّوْنَ اِمْرَأَةً فَقَالَ لَا طُوْفَنَّ عَلَيْهِنَّ اللَّيْلَةَ فَتَحْمِلُ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ فَتَلِدُ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ غُلَامًا فَارِسًا يُقَاتِلُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَمْ تَحْمِلْ مِنْهُنَّ اِلَّا وَاحِدَةٌ فَوَلَدَتْ نِصْفَ اِنْسَانٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ اسْتَثْنٰى لَوَلَدَتْ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ غُلَامًا فَارِسًا يُقَاتِلُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔

(الف) ترجم الحديث الشريف بعد تشكيله؟

(ب) اكتب المسائل الثلاث المستنبطة من هذا الحديث الشريف؟

(ج) ماهو حكم الاستثناء فی اليمين والشرط اذا كان متصلا او منقطعا۔

جواب: (الف) اعراب بر حدیث اور ترجمہ عبارت:

نوٹ: اعراب اوپر عبارت پر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ درج ذیل ہے:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی ساٹھ ازواج مطہرات تھیں، انہوں نے کہا: آج رات میں تمام بیویوں کے پاس جاؤں گا، جس سے ہر بیوی حاملہ ہوگی، پھر ہر ایک میں سے بہادر بچہ پیدا ہوگا، جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرے گا، مگر ان میں سے صرف ایک بیوی حاملہ ہوئی، اس سے آدھا بچہ پیدا ہوا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر حضرت سلیمان علیہ السلام "انشاء اللہ" کہتے تو سب ازواج مطہرات سے بہادر بچہ پیدا ہوتا، جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرتا۔

(ب) حدیث سے ثابت ہونے والے تین مسائل:

اس حدیث سے کثیر مسائل ثابت ہوتے ہیں، جن میں سے تین درج ذیل ہیں:

۱۔ اچھا کام کرنے کا قصد کرنا اور اس کے اسباب پیدا کرنا افضل عمل ہے۔

۲۔ قسم اٹھاتے وقت انشاء اللہ کہنا مستحب امر ہے۔

۳۔ جس چیز کے حصول کا ظن غالب ہو، اس حوالے سے دوسروں کو مطلع کرنا جائز ہے۔

(ج) قسم اور شرط میں متصل یا منقطع طور پر استثناء کرنے میں مذاہب آئمہ:

قسم اٹھانے یا شرط عائد کرنے کے بعد انشاء اللہ کے ساتھ استثناء کیا، تو وہ قسم منعقد ہوگی یا نہیں؟ اس حوالے سے آئمہ فقہ کا اختلاف ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱۔ جمہور فقہاء کا موقف یہ ہے کہ جب کسی شخص نے قسم اٹھانے کے بعد متصل انشاء اللہ کہہ دیا، تو یہ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

استثناء کی صورت ہوگی' اس آدمی کی قسم منعقد نہیں ہوگی۔ ان کے دلائل حسب ذیل ہیں:

(i) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس آدمی نے قسم اٹھا کر انشاء اللہ کہا' تو اس نے استثناء کیا۔

(ii) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا بیان ہے: حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس آدمی نے قسم اٹھا کر استثناء کرلیا' وہ چاہے تو رجوع کرے اور چاہے چھوڑ دے' تو اس کی قسم نہیں ٹوٹے گی۔

یاد رہے کہ یہ استثناء کلام کے بعد متصل ہو ورنہ استثناء درست نہیں ہوگا۔ امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کا ایک قول یہ ہے کہ استثناء کا تقاضا یہ ہے کہ یہ قسم کے بعد اور متصل ہو ورنہ استثناء درست نہیں ہوگا۔

۲- امام مالک' امام ثوری' امام اوزاعی' امام شافعی' امام اسحاق' امام ابوحنیفہ اور امام ابن منذر رحمہم اللہ تعالیٰ کا موقف ہے کہ استثناء قسم کے بعد متصل ہو اور زبان کے ساتھ ہو' محض دل سے استثناء درست نہیں ہو گا۔

۳- امام اوزاعی' امام حماد' امام ابوثور اور اصحاب الرائے یعنی فقہاء احناف رحمہم اللہ تعالیٰ کا موقف ہے کہ اس میں استثناء درست ہے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: من حلف فقال ان شاء اللہ لم یحنث یعنی جس شخص نے قسم اٹھائی' پھر اس نے انشاء اللہ کہا' تو وہ حانث نہیں ہو گا۔

السوال الرابع: عن جابر بن عبد اللہ یقول غزوت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تسع عشرة غزوة لم اشهد بدر اولا احد منعنی ابی فلما قتل عبد اللہ یوم احد لم اتخلف عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی غزوة قط۔

(الف) ترجم الحدیث الشریف؟

(ب) کم غزا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وایضاً کم غزوة وقع فیها القتال؟

(ج) فی ای سنة وقعت غزوة بدر واحد وفتح مکة؟

(د) اکتب معنی الغزوة والسریة والفرق بینهما؟

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے منقول ہے' انہوں نے کہا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت میں انیس غزوات میں شرکت کی' میں غزوۂ بدر اور غزوۂ اُحد میں شامل نہ ہوا' کیونکہ ان مواقع پر میرے باپ نے مجھے روک لیا تھا۔ پس جب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ احد کے دن شہید کیے گئے' تو پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی لڑائی میں کبھی پیچھے نہ رہا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) غزوات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعداد اور وہ غزوات جن میں باقاعدہ لڑائی ہوئی:

۱-غزوات النبی صلی اللہ علیہ وسلم: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ستائیس (۲۷) غزوات میں شرکت فرمائی۔ ان میں سے صرف نو (۹) غزوات میں باقاعدہ دشمن سے لڑائی ہوئی اور ان نو غزوات کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) غزوۂ بدر' (۲) غزوۂ اُحد' (۳) غزوۂ مریسیع' (۴) غزوۂ خندق' (۵) غزوۂ قریظہ' (۶) غزوہ خیبر' (۷) غزوۂ فتح مکہ' (۸) غزوۂ حنین' (۹) غزوۂ طائف۔

(ج) غزوۂ بدر' غزوۂ اُحد اور غزوۂ فتح مکہ پیش آنے کے سال:

۱-غزوۂ بدر: ہجرت کے دوسرے سال پیش آیا۔

۲-غزوۂ اُحد: ہجرت کے تیسرے سال پیش آیا۔

۳-غزوۂ فتح مکہ: ہجرت کے آٹھویں سال پیش آیا۔

(د) غزوہ اور سریہ کا مطلب وفرق:

۱-غزوہ: (قتال) وہ لڑائی جس میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بھی شرکت فرمائی ہو۔

۲-سریہ: وہ لڑائی جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود شرکت نہ فرمائی ہو۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

الاختبار السنوی شهادة العالميه فی العلوم العربيه والاسلاميه (ایم اے عربی واسلامیات) السنة الثانية للطلاب السنة 2021/ ۱۴۴۲ھ

الورقة الثالثة: الجامع للترمذی

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

ملاحظة: اجب عن ثلثة فقط.

السؤال الاول: عن ابی هريرة ان رسول الله صلی الله عليه وسلم انصرف من صلوٰة جهر فيها بالقراء ة فقال هل قرأ معی احد منكم آنفا فقال رجل نعم يا رسول الله صلی الله عليه وسلم قال انی اقول مالی انازع القراٰن قال فانتهی الناس عن القراء ة مع رسول الله صلی الله عليه وسلم فيما يجهر فيه رسول الله صلی الله عليه وسلم من الصلوات بالقراء ة حين سمعوا ذلك من رسول الله صلی الله عليه وسلم.

(الف) شكل الحديث ثم ترجمه الی الاردية؟ (۲۰=۱۰+۱۰)

(ب) اذكر مذهب الاحناف فقط فی القراء ة خلف الامام مع دلائلهم؟ (۱۳)

السؤال الثانی: عن الشعبی قال صلی بنا المغيرة بن شعبة فنهض فی الركعتين فسبح به القوم وسبح بهم فلما قضی صلوته سلم ثم سجد سجدتی السهو وهو جالس ثم حدثهم ان رسول الله صلی الله عليه وسلم فعل بهم مثل الذی فعل.

(الف) شكل الحديث ثم ترجمه الی الاردية؟ (۲۰=۱۰+۱۰)

(ب) بين ان سجدتی السهو قبل السلام او بعده عند الائمة الاربعة من المجتهدين بدون الدلائل؟ (۱۳)

۲- ولا طیرۃ: اسلام میں بدفالی کا بھی تصور نہیں ہے، اپنے خیالات وتصورات کے مطابق کسی معاملہ میں بدفالی لینا درست نہیں ہے۔

۳- ولا ھامۃ: الو سے بدشگونی لینا بھی اسلامی تعلیمات کے منافی ہے، کیونکہ یہ غیر اسلامی تصورات ہیں جن کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔

سوال نمبر 5:- عَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِیْ یَقْرَءُ الْقُرْآنَ کَمَثَلِ الْاُتْرُجَّۃِ طَعْمُھَا طَیِّبٌ وَرِیْحُھَا طَیِّبٌ وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِیْ لَا یَقْرَءُ الْقُرْآنَ کَمَثَلِ التَّمْرَۃِ طَعْمُھَا طَیِّبٌ وَلَا رِیْحَ لَھَا وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِیْ یَقْرَءُ الْقُرْآنَ کَمَثَلِ الرَّیْحَانَۃِ رِیْحُھَا طَیِّبٌ وَطَعْمُھَا مُرٌّ وَ مَثَلُ الْمُنَافِقِ لَا یَقْرَءُ الْقُرْآنَ کَمَثَلِ الْحَنْظَلَۃِ طَعْمُھَا مُرٌّ وَلَا رِیْحَ لَھَا ۔

(الف) شکل الحدیث ثم ترجمہ الی الاردیۃ؟

(ب) اکتب ثلثۃ أحادیث فی فضل العلم والعلماء؟

جوابات: (الف) اعراب: سوالیہ حصہ میں اعراب لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمۃ الحدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے روایت کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مومن قرآن کی تلاوت کرتا ہے اس کی مثال ناشپاتی کی طرح ہے جس کا ذائقہ بھی اچھا ہوتا ہے اور خوشبو بھی اچھی ہوتی ہے اور جو مومن قرآن نہیں پڑھتا اس کی مثال کھجور کی سی ہے جس کا ذائقہ تو اچھا ہوتا ہے لیکن اس کی خوشبو نہیں ہوتی۔ جو منافق قرآن پڑھتا ہے اس کی مثال ریحانہ کی طرح ہے جس کی خوشبو تو اچھی ہوتی ہے لیکن ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔ جو شخص منافق ہو اور قرآن کی تلاوت نہ کرتا ہو اس کی مثال حنظلہ کی طرح ہے جس کا ذائقہ بھی کڑوا ہوتا ہے اور خوشبو بھی نہیں ہوتی۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) ''فضائل علماء'' دلائل کی روشنی میں:

علماء کے فضائل حدیث کی اور قرآن کی روشنی میں درج ذیل ہیں:

ارشاد ربانی ہے: اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ط (اللہ تعالیٰ سے اس کے بندوں میں سے صرف علماء ہی ڈرتے ہیں) دوسرا ارشاد ہے: هَلْ يَسْتَوِى الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ط یعنی کیا اہل علم اور جاہل لوگ برابر ہو سکتے ہیں۔

(۱) عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من طلب العلم لیماری بہ السفھاء او لیباھی بہ العلماء او لیصرف وجوہ الناس الیہ فھو فی النار۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ جس نے اس قصد سے علم حاصل کیا کہ وہ بیوقوفوں سے تکرار کرے گا، یا اہل علم کے سامنے اپنی بڑائی بیان کرے گا اور یا عوام کے دلوں کو اپنی طرف مائل کرے گا تو وہ دوزخ میں جائے گا۔

(۲) عن ابی ذر رضی اللہ عنہ قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا أباذر لان تغدو فتعلم آیۃ من کتاب اللہ خیرلك من أن یصلی مائۃ رکعۃ ولان تغدو فتعلم باباً من العلم عمل بہ أولم یعمل خیر من أن تصلی الف رکعۃ۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا: ''اے ابوذر! اگر تم صبح کے وقت قرآن کریم کی ایک آیت سیکھ لو یہ تمہارے لیے ایک سو رکعت ادا کرنے سے بہتر ہے، اور اگر تم صبح کے وقت کوئی مسئلہ سیکھ لو، خواہ تم اس پر عمل کرو یا نہ کرو، تو یہ تمہارے لیے ہزار رکعت پڑھنے سے بہتر ہے۔''

فضائل ''علم'' دلائل کی روشنی میں:

احادیث میں علم حاصل کرنے کی فضیلت بیان کی جاتی ہے جس سے علم کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے۔ کچھ احادیث درج ذیل ہیں:

۱۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب تمہارے پاس علم کے طالب لوگ آئیں گے، جب تم انہیں دیکھو تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے حکم کے مطابق انہیں مرحباً مرحباً کہنا اور انہیں اچھی طرح سے علم سکھانا۔ راوی کا بیان ہے: میں نے حکم سے دریافت کیا: ''اقنوھم'' سے کیا مراد ہے؟ تو انہوں نے جواب میں کہا: علم سکھانا۔

۲۔ حضرت اسماعیل رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہم حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لیے گئے، تو ان کا گھر عیادت کرنے والوں سے بھر گیا، اس پر انہوں نے اپنا پاؤں سمیٹ لیا اور فرمایا: ہم رسول کریم

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، حتیٰ کہ آپ کا گھر بھر گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت کروٹ کے بل استراحت فرما تھے، جب آپ نے ہمیں ملاحظہ کیا، تو اپنے قدمین شریفین کو سمیٹ لیا اور فرمایا: میرے بعد تمہارے پاس لوگ حصول علم کے لیے آئیں گے، تو تم انہیں مبارک باد دینا اور انہیں علم سکھانا۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! ہم نے ان لوگوں کو بھی دیکھا، جو نہ تو ہمیں مرحبا کہتے ہیں اور نہ ہی مبارک دیتے ہیں، ماسوا اس کے کہ ہم ان کے پاس چلے جائیں، تو وہ لاپرواہی اختیار کرتے ہیں۔

۳-اطلبوا العلم ولو بالصين یعنی تم علم دین حاصل کرو، خواہ تمہیں چین جانا پڑے۔

سوال نمبر 6:-عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قتل عمدا دفع الى أولياء المقتول فان شاء واقتلوا وان شاء وأخذوا الدية وذلك تكون حقة وثلثون جذعة وأربعون خلفة وذلك عقل العمد وما صالحوا عليه فهولهم وذلك تشديد العقل .

(الف) ترجم الحديث وبين معنى الدية لغة وشرعا؟

(ب) فصل أقسام القتل مع بيان أن في أى قسم تجب الدية .

جوابات: (الف) ترجمۃ الحدیث: عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جان بوجھ کر کسی کو قتل کر دے، تو اسے مقتول کے ورثاء کے حوالے کر دیا جائے گا۔ اگر وہ چاہیں تو اسے قتل کر دیں اور اگر چاہیں تو اس سے دیت وصول کر لیں۔ یہ تیس حقہ، تیس جذعہ، چالیس خلفہ اونٹ ہوگی۔ یہ قتل عمد کی دیت ہے۔ جب اس شخص پر مصالحت ہو جائے، تو یہ ان کو مل جائے گی اور یہ شدید ترین دیت ہے۔

دیت کا لغوی و شرعی معنی:

لفظ "دیت" کا لغوی معنی ہے: مقتول کا حق و معاوضہ۔ اس کا اصطلاحی و شرعی معنی ہے: کسی مسلمان یا ذمی کو ناحق قتل کرنے یا اس کے کسی عضو کو تلف کرنے کی وجہ سے جو شرعی تاوان واجب ہوتا ہے۔ بعض اوقات جان کے ضائع کرنے کے تاوان کو "دیت" اور عضو کے تلف کرنے کے تاوان کو "ارش" کہا جاتا ہے۔

(ب) اقسام قتل:

قتل کی پانچ اقسام ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) قتل عمد، (۲) قتل شبہ عمد، (۳) قتل خطاء، (۴) قتل قائم مقام خطا، (۵) قتل بالسبب۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۱۔قتل عمد: ایسا قتل جس میں روح نکالنے کے لیے کسی ایسے ہتھیار سے مارنا کہ وہ زخم لگانے اور کاٹنے والا ہو۔اس کی دیت تیس حقہ، تیس جذعہ اور چالیس خلفہ واجب ہے۔اگر ورثاء راضی ہو جائیں، ورنہ اس کی سزا دنیا میں قصاص اور آخرت میں عذاب ہے۔

۲۔قتل شبہ عمد: کسی کو جان بوجھ کر اسلحہ یا اس کے قائم مقام چیز کے علاوہ سے قتل کرنا جیسے لاٹھی مار کر مارنا۔اس کا کفارہ ہے، قصاص نہیں۔ایک غلام آزاد کرنا، یا دو ماہ کے مسلسل روزے رکھنا۔اس کے ورثاء پر سو اونٹ دیت کی صورت میں واجب ہیں۔دیت میں پچیس بنت مخاض، پچیس بنت لبون، پچیس حقہ اور پچیس جذعہ داخل ہیں۔

۳۔قتل خطاء: جس قتل میں قتل کرنے والے کو گمان میں غلطی ہو یا فعل میں غلطی ہو، اس میں صرف دیت واجب ہے۔اس کی دیت میں پچیس بنت مخاض، پچیس بنت لبون، پچیس حقہ اور پچیس جذعہ شامل ہیں۔

۴۔قتل قائم مقام خطاء: اگر کوئی نیند میں کسی پر گر جائے اور اس گرنے سے نیچے آنے والا شخص مر جائے، تو فاعل کے عصبات پر دیت اور کفارہ دونوں واجب ہوں گے لیکن قصاص نہیں۔

۵۔قتل بالسبب: اگر کسی نے راستے میں کنواں کھدوایا یا راستہ میں پتھر رکھ دیے اور کوئی شخص اس کنوئیں میں گر کر مر جائے یا پتھر سے ٹھوکر لگنے کے سبب مر جائے۔اس قتل میں فقط دیت واجب ہوگی کفارہ نہیں۔

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، حتیٰ کہ آپ کا گھر بھر گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت کروٹ کے بل استراحت فرما تھے، جب آپ نے ہمیں ملاحظہ کیا، تو اپنے قدمین شریفین کو سمیٹ لیا اور فرمایا: میرے بعد تمہارے پاس لوگ حصول علم کے لیے آئیں گے، تو تم انہیں مبارک باد دینا اور انہیں علم سکھانا۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! ہم نے ان لوگوں کو بھی دیکھا، جو نہ تو ہمیں مرحبا کہتے ہیں اور نہ ہی مبارک دیتے ہیں، ماسوا اس کے کہ ہم ان کے پاس چلے جائیں، تو وہ لاپرواہی اختیار کرتے ہیں۔

۳- اطلبوا العلم ولو بالصین یعنی تم علم دین حاصل کرو، خواہ تمہیں چین جانا پڑے۔

سوال نمبر 6:- عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قتل عمدا دفع الى أولياء المقتول فان شاء واقتلوا وان شاء وأخذوا الدية وذلك ثلثون حقة وثلثون جذعة وأربعون خلفة وذلك عقل العمد وما صالحوا عليه فهولهم وذلك تشديد العقل .

(الف) ترجم الحديث وبين معنى الدية لغة وشرعا؟

(ب) فصل أقسام القتل مبينا أنه في أى قسم تجب الدية .

جوابات: (الف) ترجمۃ الحدیث: عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جان بوجھ کر کسی کو قتل کر دے، تو اسے مقتول کے ورثاء کے حوالے کر دیا جائے گا۔ اگر وہ چاہیں تو اسے قتل کر دیں اور اگر چاہیں تو اس سے دیت وصول کر لیں۔ یہ تیس حقہ، تیس جذعہ، چالیس خلفہ اونٹ ہوگی۔ یہ قتل عمد کی دیت ہے۔ جب اس شخص پر مصالحت ہو جائے، تو یہ ان کو مل جائے گی اور یہ شدید ترین دیت ہے۔

دیت کا لغوی وشرعی معنی:

لفظ "دیت" کا لغوی معنی ہے: مقتول کا حق ومعاوضہ۔ اس کا اصطلاحی وشرعی معنی ہے: کسی مسلمان یا ذمی کو ناحق قتل کرنے یا اس کے کسی عضو کو تلف کرنے کی وجہ سے جو شرعی تاوان واجب ہوتا ہے۔ بعض اوقات جان کے ضائع کرنے کے تاوان کو "دیت" اور عضو کے تلف کرنے کے تاوان کو "ارش" کہا جاتا ہے۔

(ب) اقسام قتل:

قتل کی پانچ اقسام ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) قتل عمد، (۲) قتل شبہ عمد، (۳) قتل خطاء، (۴) قتل قائم مقام خطا، (۵) قتل بالسبب۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۱۔قتل عمد: ایسا قتل جس میں روح نکالنے کے لیے کسی ایسے ہتھیار سے مارنا کہ وہ زخم لگانے اور کاٹنے والا ہو۔اس کی دیت تیس حقہ، تیس جذعہ اور چالیس خلفہ واجب ہے۔اگر ورثاء راضی ہو جائیں، ورنہ اس کی سزا دنیا میں قصاص اور آخرت میں عذاب ہے۔

۲۔قتل شبہ عمد: کسی کو جان بوجھ کر اسلحہ یا اس کے قائم مقام چیز کے علاوہ سے قتل کرنا جیسے لاٹھی مار کر مارنا۔اس کا کفارہ ہے، قصاص نہیں۔ایک غلام آزاد کرنا، یا دو ماہ کے مسلسل روزے رکھنا۔اس کے ورثاء پر سو اونٹ دیت کی صورت میں واجب ہیں۔دیت میں پچیس بنت مخاض، پچیس بنت لبون، پچیس حقہ اور پچیس جذعہ داخل ہیں۔

۳۔قتل خطاء: جس قتل میں قتل کرنے والے کو گمان میں غلطی ہو یا فعل میں غلطی ہو، اس میں صرف دیت واجب ہے۔اس کی دیت میں پچیس بنت مخاض، پچیس بنت لبون، پچیس حقہ اور پچیس جذعہ شامل ہیں۔

۴۔قتل قائم مقام خطاء: اگر کوئی نیند میں کسی پر گر جائے اور اس گرنے سے نیچے آنے والا شخص مر جائے، تو قاتل کے عصبات پر دیت اور کفارہ دونوں واجب ہوں گے لیکن قصاص نہیں۔

۵۔قتل بالسبب: اگر کسی نے راستہ میں کنواں کھدوایا یا راستہ میں پتھر رکھ دیے اور کوئی شخص اس کنوئیں میں گر کر مر جائے یا پتھر سے ٹھوکر لگنے کے سبب مر جائے۔اس قتل میں فقط دیت واجب ہوگی کفارہ نہیں۔

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ العالمیہ (ایم اے عربی و اسلامیات - سال دوم) برائے طلباء

المواقف سنة 1444ھ 2024ء

الوقت المحدد	الورقة الاولٰی: لصحیح البخاری	مجموع الارقام
ثلاث ساعات		۱۰۰

الملاحظة: اجب عن ثلثة اسئلة فقط .

السوال الاول:۔ قال جابر بن عبد الله کان معاذ بن جبل یصلی مع النبی صلی الله علیه وسلم ثم یرجع فیؤم قومه فصلی العشاء فقر ابالبقرة فانصرف الرجل فکان معاذ ینال منه فبلغ النبی صلی الله علیه وسلم فقال فتان فتان ثلث مرار و امره بسورتین من اوسط المفصل .

(الف) ترجم الی الاردیة واذکر التحقیق الصرفی اللکلمات المخطوط علیها؟

(ب) فی هذا الحدیث دلالة علی جواز اقتداء المفترض بالمتنفل و ضح موقفك بالدلیل و الجواب عنه؟

(ج) و ما هی اوساط المفصل و قصار المفصل و طوال المفصل؟

السوال الثانی:۔ قال حدثنا سالم عن ابیه و ربما ذکرت قول الشاعر .

و انا انظر الی وجه النبی ﷺ یستسقی

فما ینزل حتی یجیش کل میزاب

و ابیض یستسقی الغمام بوجهه

ثمال الیتامی عصمة للارامل

(الف) ترجم الی الاردیة مع تشریح الشعر؟

(ب) هل صلوۃ الاستسقاء بالجماعة مسنونة بین اختلاف الفقهاء و رجح القول المختار؟

(ج) اکتب بیانا شافیا عن جواز التوسل بالصالحین بعد وصالهم مع بیان معنی التوسل؟

السوال الثالث :۔ یقول عدی بن حاتم کنت عند النبی صلی الله علیه وسلم فجاء

رجلان احدهما يشكو العيلة و الآخر يشكو قطع السبيل فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اما قطع السبيل فانه لا ياتي عليك الاقليل حتى تخرج العير الى مكة بغير خفير .

(الف) شكل العبارة مع بيان معنى العيروا لخفير؟

(ب) ما ذا قال النبى صلى الله عليه وسلم عن العيلة؟

(ج) متى و اين و جبت الزكوة؟ وما نصابها من الذهب و الفضة والابل و البقر و المعز و ما حكم المعدنيات؟

السوال الرابع:۔(الف) اكتب اطروحة عن مقام البخارى فى علم الحديث دراية ورواية باللغة العربية؟

(ب) اكتب سنة ولادة البخارى و وفاته مع بيان مذهبه الفقهى بالتفصيل باللغة العربية؟

☆ ☆ ☆

درجہ عالمیہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

الورقة الاولى: لصحيح البخارى

السوال الاوّل:۔

قال جابر بن عبد الله كان معاذ بن جبل يصلى مع النبى صلى الله عليه وسلم ثم يرجع فيؤم قومه فصلى العشاء فقرأ بالبقرة فانصرف الرجل فكان معاذ ينال منه فبلغ النبى صلى الله عليه وسلم فقال فتان فتان ثلث مرار و أمره بسورتين من اوسط المفصل .

(الف) ترجم الى الاردية واذكر التحقيق الصرفى للكلمات المخطوط عليها؟

(ب) فى هذا الحديث دلالة على جواز اقتداء المفترض بالمتنفل وضح موقفك بالدليل و الجواب عنه؟

(ج) و ما هى اوساط المفصل و قصار المفصل و طوال المفصل؟

جوابات: (الف) اُردو ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے تھے پھر جا کر اپنی قوم کو نماز پڑھایا کرتے تھے۔ پس

انہوں نے عشاء کی نماز پڑھائی پس اس میں سورہ بقرہ پڑھی' پس ایک شخص چلا گیا (نماز چھوڑ کر)۔ پس حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے اسے برا کہا۔ پس اس بات کی خبر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوئی۔ تو آپ نے تین بار فرمایا: تم بہت فتنہ ڈالتے ہو۔ اور انہیں حکم دیا کہ اوساطِ مفصل کی دو سورتیں پڑھو۔

صرفی تحقیق:

فَيَؤُمّ: واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد مہموز الفاء مضاعف ثلاثی باب نَصَرَ يَنْصُرُ

يَنَالُ: واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از باب فَتَحَ يَفْتَحُ

فَتَّانٌ: صیغہ اسم فاعل برائے مبالغہ۔

(ب) نفل نماز پڑھنے والے کے پیچھے فرض پڑھنے کا جواز: اس حدیث مبارکہ میں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ نفل پڑھنے والے کے پیچھے فرض پڑھنے والے کی نماز درست ہے' کیونکہ حضرت معاذ پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں فرض نماز پڑھا کرتے اور بعد میں جب اپنی قوم کو جو امامت کرواتے اس میں نفل کی نیت کرتے تھے۔ ہمارے اکثر اصحاب' زہری' امام مالک اور فقہاء احناف کا کہنا ہے کہ نفل پڑھنے والے کی اقتداء میں فرض پڑھنا جائز نہیں' کیونکہ حدیث مبارکہ میں ہے: "امام اس لیے بنایا جاتا ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے"۔ اس لیے کہ مقتدی کی نماز امام کی نیت سے ادا کی جاتی ہے۔

حدیث مبارکہ کا جواب: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی حدیث مبارکہ میں یہ تصریح نہیں ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں فرض نماز پڑھتے تھے اور پھر جا کر اپنی قوم کے لوگوں کو عشاء کی نماز میں نفل پڑھاتے تھے' حالانکہ حدیث مبارکہ سے نفل پڑھنے والے کی اقتداء میں فرض نماز کا جواز ثابت ہے۔ اس پر اعتراض یہ ہے کہ ایک سند سے حدیث مروی ہے کہ وہ نفل نماز پڑھاتے تھے۔ ابن جریج اور ابن دینار نے بیان کیا ہے کہ مجھے حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے خبر دی ہے کہ حضرت معاذ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھتے اور پھر اپنی قوم کو جا کر پڑھاتے۔ یہ حضرت معاذ کی نفل نماز ہوتی اور ان کی قوم کی فرض۔ (سنن دار قطنی)

تو اس کا جواب یوں ہے کہ ابن عیینہ نے بھی اس حدیث کو عمرو بن دینار سے روایت کیا ہے جیسا ابن جریج نے ابن عیینہ کی روایت بہ نسبت ابن جریج کے زیادہ تام اور حسن ہے۔ اس میں یہ اضافہ نہیں ہے کہ حضرت معاذ کی وہ نفل نماز تھی اور ان کی قوم کی فرض نماز' ہو سکتا ہے کہ یہ اضافہ ابن جریج یا عمرو بن دینار یا حضرت جابر کا قول ہو۔ لہٰذا یہ تینوں میں سے جس کا بھی قول ہو اس میں یہ دلیل نہیں ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ اپنی قوم کو جو نماز پڑھاتے تھے کہ وہ نفل نماز ہوتی تھی۔ اگر یہ ثابت ہو بھی جائے کہ وہ اپنی قوم کو نفل نماز پڑھاتے تھے تو یہ ثابت نہیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے انہیں نفل پڑھاتے تھے اور نہ ہی یہ ثابت ہے کہ رسول اللہ کو ان کے نفل پڑھانے کی اطلاع دی گئی اور آپ نے ان کو اس عمل پر برقرار

رکھا۔ (شرح معانی الآثار ج اص ۲۷۔۲۶ ۵ قدیمی کتب خانہ کراچی)

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی رحمہ اللہ تعالیٰ اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

امام طحاوی کا کہنا ہے کہ یہ اضافہ زیادہ مستند روایات میں نہیں ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے لیے عشاء کی نماز نفل تھی اور ان کی قوم کے لیے فرض تھی۔ ابوالبرکات ابن تیمیہ کا کہنا ہے کہ امام محمد نے اس اضافہ کو ضعیف قرار دیا ہے اور فرمایا ہے کہ مجھے اندیشہ ہے کہ یہ محفوظ نہیں ہے۔ امام طحاوی رحمہ اللہ نے کہا ہے کہ اس اضافہ کے صحیح نہ ہونے کی دلیل یہ ہے کہ اسے سفیان بن عیینہ امام مسلم اور امام بخاری رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کو بغیر اضافہ کے روایت کیا ہے۔

(ج) اصطلاحات کی وضاحت:

☆ <u>اوساط مفصل</u>: اوساط مفصل سے مراد سورۃ التکویر سے لے کر سورۃ الضحیٰ تک کی سورتیں ہیں۔

☆ <u>قصار مفصل</u>: قصار مفصل سے مراد سورۃ الضحیٰ سے لے کر آخر قرآن تک سورتیں ہیں۔

☆ <u>طوال مفصل</u>: طوال مفصل سے مراد سورۃ الحجرات سے سورۃ البروج تک سورتیں ہیں۔

السوال الثانی:۔

قال حدثنا سالم عن ابیه و ربما ذکرت قول الشاعر .

و انا انظر الی وجه النبی ﷺ یستسقی
فما ینزل حتی یجیش کل میزاب
و ابیض یستسقی الغمام بوجهه
ثمال الیتامی عصمة للارامل

(الف) ترجم الی الاردیة مع تشریح الشعر؟

(ب) هل صلوٰة الاستسقاء بالجماعة مسنونة بین اختلاف الفقهاء و رجح القول المختار؟

(ج) اکتب بیانا شافیا عن جواز التوسل بالصالحین بعد وصالهم مع بیان معنی التوسل؟

<u>جوابات: (الف) ترجمۃ الاشعار</u>: ہمیں حضرت سالم رضی اللہ عنہ نے اپنے والد کے حوالے سے یہ حدیث بیان کی ہے انہوں نے کہا، مجھے بسا اوقات شاعر کا یہ قول یاد آتا ہے:

☆ جب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے کی طرف دیکھتا آپ بارش طلب کرتے اور ابھی منبر سے نہ اترتے تھے کہ ہر پرنالہ زور و شور سے بہہ رہا ہوتا تھا (وہ شعر یہ تھا) وہ سفید رنگت والی

شخصیت جن کے ذریعے بادل سے بارش طلب کی جاتی ہے جو یتیموں کا سہارا اور بیواؤں کے سر پرست ہیں۔

تشریح الشعر: اس شعر میں اس واقعہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے ایک بار مکہ میں بارش نہ ہونے کے سبب قحط سالی ہو گئی تو حضرت عبدالمطلب نے قریش کے لیے بارش کی دعا کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کے ساتھ تھے۔ آپ ابھی کم سن ہی تھے' اس شعر میں ابو طالب نے آپ کی مدح کی ہے' کیونکہ ان کے خیال میں آپ کی شان ایسی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے کو دیکھ کر بارش طلب کی جاتی حالانکہ انہوں نے ایسا ہوتے نہیں دیکھا تھا۔

ابو طالب کا یہ شعر اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کو آپ کے اعلان نبوت سے پہلے ہی پہچان گئے تھے' جب سفر شام کے دوران بحیرہ راہب نے آپ کے متعلق پیش گوئی کی تھی۔

یہ واقعہ مدینہ منورہ میں بھی پیش آیا کہ جب مدینہ منورہ میں قحط/ خشک سالی ہو گئی تو لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بارش نہ ہونے کی شکایت کی۔ آپ نے عیدگاہ میں منبر رکھنے کا حکم دیا اور لوگوں سے فرمایا: فلاں دن عیدگاہ میں آ جائیں۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت گھر سے نکلے جب سورج کا کنارہ ظاہر ہو گیا تھا' آپ منبر پر بیٹھ گئے۔ پھر اللہ کی حمد وثناء کرنے کے بعد لوگوں سے فرمایا کہ تم لوگوں نے بارش نہ ہونے اور قحط سالی کی شکایت کی جبکہ اللہ تعالیٰ تمہیں دعا کرنے کا حکم دے رہا ہے اور تم سے وعدہ کیا ہے کہ تمہاری دعا قبول ہو گی۔ پھر آپ نے تلاوت کی پھر اللہ کی حمد وثناء بیان کی' پھر آپ نے اپنے ہاتھوں کو دعا کے لیے اتنا بلند کیا کہ بغلوں کی سفیدی نظر آنے لگی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور منبر سے اتر کر دو رکعت نماز پڑھائی۔ اللہ کے حکم سے ایک بادل کا ٹکڑا آیا' پہلے وہ کڑکا' پھر چمکا اور پھر بارش شروع ہو گئی۔ آپ ابھی مسجد میں پہنچے تھے کہ تمام ندی نالے بہنا شروع ہو گئے تھے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو جلدی میں دیکھا تو مسکرانے لگے حتیٰ کہ آپ کی داڑھیں ظاہر ہو گئیں۔

(ب) نماز استسقاء کے باجماعت مسنون ہونے میں اختلاف آئمہ: نماز استسقاء باجماعت مسنون ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام ابو حنیفہ کا موقف: امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک نماز استسقاء باجماعت مسنون نہیں ہے' کیونکہ دعا اور استغفار کو استسقاء کہتے ہیں اگر لوگ تنہا بھی نماز پڑھ لیں تو کوئی حرج نہیں ہے۔

دلیل: آپ کی دلیل یہ قرآنی آیت ہے: ارشاد باری تعالیٰ ہے:

استغفروا ربکم الخ۔ اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے واضح اعلان فرما دیا ہے کہ استسقاء کے لیے نماز کی ضرورت نہیں بلکہ دعاء استسقاء ہی کافی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی استسقاء کے

لیے دعا واستغفار ہی منقول ہے جو نماز نہیں۔

آئمہ ثلاثہ اور صاحبین کا مؤقف: آئمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک نماز استسقاء باجماعت سنت ہے اور جمہور علماء کا بھی یہی قول ہے۔

دلیل: ان کی دلیل حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت کردہ یہ حدیث مبارکہ ہے:

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلی فیہ رکعتین کصلاۃ العید

راجح قول: ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کی بیان کردہ دلیل میں نماز استسقاء ثابت ہے اور امام ابوحنیفہ کی بیان کردہ روایت میں ثابت نہیں ہے۔ لہٰذا استسقاء میں نماز کا پڑھنا اور نہ پڑھنا دونوں مذکور ہیں۔ اس لیے یہ نماز باجماعت مسنون نہ ہوگی، کیونکہ نماز استسقاء کے باجماعت مسنون ہونے کے لیے جانب فعل کا جانب ترک سے زیادہ مؤکد اور راجح ہونا ضروری ہے اس لیے جمہور علماء کا قول راجح ہے۔

(ج) توسل بالصالحین کا جواز: صالحین سے ان کی وفات کے بعد توسل جائز ہے اور اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

علماء کرام فرماتے ہیں کہ اللہ کی محبوب ہستیوں سے توسل جائز ہے، خواہ وہ دنیاوی زندگی میں ہوں یا برزخی زندگی کی طرف منتقل ہو چکے ہوں، کیونکہ یہ لوگ ہر وقت بارگاہِ الٰہی میں حاضر ہیں اور جو ان کی طرف متوجہ ہوتا ہے وہ بھی حصول مقصد کے سلسلے میں اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اس حوالے سے چند دلائل درج ذیل ہیں:

۱۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کی والدہ ماجدہ حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا کا انتقال ہو گیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح دعا فرمائی: "اے اللہ! میری ماں فاطمہ بنت اسد کی مغفرت فرما اور ان کی قبر کو ان کے لیے اپنے نبی اور مجھ سے پہلے انبیاء کے حق کے صدقے (توسل) سے وسیع فرما"۔

۲۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد صحابہ کرام کا آپ کی ذات اقدس کو وسیلہ بنانا ثابت ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں لوگ قحط میں مبتلا ہو گئے، تو حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اقدس پر حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! اپنی امت کے لیے بارش کی دعا فرمائیں، کیونکہ لوگ ہلاکت کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں۔ خواب میں انہیں رسول اللہ کی زیارت ہوئی، تو آپ نے فرمایا: جاؤ! عمر بن خطاب کے پاس جا کر سلام کہو اور انہیں بتاؤ کہ انہیں بارش سے سیراب کر دیا جائے گا۔

(رواہ امام بیہقی وابن ابی شیبہ)

۳۔ امام شافعی حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے توسل کرتے، ان کی قبر پر حاضر ہو کر زیارت کرتے پھر اپنی حاجت روائی کے لیے اللہ کی بارگاہ میں انہیں وسیلہ بناتے۔ (تاریخ بغداد ج ۱)

۴۔ مروان اپنے زمانہ تسلط میں مسجد نبوی میں آیا اور ایک شخص کو دیکھا جو روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنا منہ رکھے ہوئے ہے، مروان نے اسے گردن سے پکڑ کر کہا جانتے ہو کیا کر رہے ہو؟ اس پر اس شخص نے جواب دیا: ہاں! میں کسی اینٹ پتھر کے پاس نہیں آیا، میں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر ہوں۔ (مسند احمد ج ۳۸)

توسل کا معنی: توسل کا مطلب ہے اللہ کے محبوب بندوں کے ذکر سے برکت حاصل کرنا۔

السوال الثالث:۔

يَقُوْلُ عَدِيُّ بْنِ حَاتَمٍ كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَهُ رَجُلَانِ اَحَدُهُمَا يَشْكُو الْعِيْلَةَ وَالْاٰخَرُ يَشْكُوْا قَطْعَ السَّبِيْلِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا قَطْعُ السَّبِيْلِ فَاِنَّهُ لَا يَاْتِيْ عَلَيْكَ اِلَّا قَلِيْلٌ حَتّٰى تَخْرُجَ الْعِيْرُ اِلٰى مَكَّةَ بِغَيْرِ خَفِيْرٍ.

(الف) شکل العبارة مع بیان معنی العیر والخفیر؟

(ب) ماذا قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن العیلة؟

(ج) متی و این و جبت الزکوة؟ وما نصابها من الذهب و الفضة والابل و البقر و المعز و ما حکم المعدنیات؟

جوابات: (الف) شکل العبارة: اعراب اوپر سوالیہ حصہ میں لگا دیئے گئے ہیں۔

العیر کا معنی: العیر کا معنی ہے "تجارتی قافلہ" کیونکہ پہلے زمانہ میں یہ اونٹوں اور بیلوں پر مشتمل ہوتا تھا اور جدید دور میں یہ ٹرکوں، کنٹینرز پر اور بحری جہازوں کے ذریعے تجارتی مال ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل کیا جاتا ہے۔

الخفیر کا معنی: الخفیر کا معنی ہے "محافظ دستے" یعنی محافظوں کو ڈاکوؤں سے بچانے کے لیے جو نگران دستے ہوتے ہیں اور آج کل کنٹینرز وغیرہ کے ساتھ پولیس کے دستے ہوتے ہیں۔

(ب) عیلہ کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد: علیہ کا معنی ہے "کسی شخص کا تنگ دست اور محتاج ہونا۔ اس کے بارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: "اور وہی تنگدستی قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی، جب تک تم میں سے ایک شخص اپنا صدقہ لے کر گھومتا رہے گا اور اسے صدقہ قبول کرنے والا نہ ملے گا۔

(ج) وجوب الزکوۃ: زکوۃ کی فرضیت روزوں کی فرضیت سے پہلے ۲ ہجری ماہ شوال میں مدینہ منورہ میں ہوئی۔

نصاب الذھب: سونے کا نصاب ساڑھے سات تولے ہے۔

نصاب الفضۃ: چاندی کا نصاب ساڑھے باون تولہ ہے۔

نصاب الابل: پانچ سے کم اونٹوں پر زکوۃ نہیں لیکن جب پانچ ہو جائیں اور گزر جائے ان پر ایک سال تو ان میں ایک بکری ہے نو تک، پھر جب دس ہو جائیں تو دو بکریاں چودہ تک، پھر جب پندرہ ہو جائیں تو تین بکریاں انیس تک، پھر جب بیس ہو جائیں تو ان پر چار بکریاں چوبیس تک، پھر جب پچیس ہو جائیں تو ایک بنت مخاض پینتیس تک، پھر جب چھتیس ہو جائیں تو ایک بنت لبون پینتالیس تک، پھر جب چھیالیس ہو جائیں تو ایک حقہ ساٹھ تک، پھر جب اکسٹھ ہو جائیں تو پھر ایک جذعہ پچھتر تک، جب چھہتر ہو جائیں تو پھر دو بنت لبون نوے تک، پھر جب اکیانوے ہو جائیں تو پھر دو حقے ایک سو بیس تک زکوۃ ہوگی۔ پھر نئے سرے سے فرض ہوگی۔

نصاب البقر: تیس سے کم پر زکوۃ نہ ہوگی۔ اگر تیس ہو جائیں اور ان پر ایک سال گزر جائے تو ان پر ایک بچھڑا یا بچھڑی انتالیس تک، چالیس پر دو سال کا بچھڑا یا بچھڑی ساٹھ تک۔

نصاب المعز: بھیڑ یا بکریوں پر زکوۃ اس وقت تک نہ ہوگی جب وہ چالیس ہوں۔ پھر جب چالیس ہو جائیں اور ان پر ایک سال بھی گزر گیا ہو تو ایک بکری ایک سو بیس تک اور اگر ایک بڑھ جائے تو دو بکریاں دو سو تک، اگر ایک اور بڑھ جائے تو تین بکریاں تین سو ننانوے تک، اور اگر چار سو تک ہوں تو چار بکریاں، پھر ہر سو میں ایک بکری زکوۃ واجب ہوگی۔ اس نصاب میں بھیڑ یا بکریوں کا حکم برابر ہے۔

حکم المعدنیات: معدنیات میں پانچویں حصے کی ادائیگی لازم ہوگی۔

السوال الرابع:۔

(الف) اکتب اطروحة عن مقام البخاری فی علم الحدیث درایة وروایة باللغة العربیة؟

(ب) اکتب سنة ولادة البخاری و وفاته مع بیان مذهبه الفقهی بالتفصیل باللغة العربیة؟

جوابات: (الف) مقام البخاری رحمه الله تعالیٰ:

سماه مؤلفه رحمه الله تعالیٰ "الجامع المسند الصحیح المختصر من امور رسول الله صلی الله علیه وسلم و سننه و ایامه و اما محله فهو اول مصنف صنف فی الصحیح المجرد و اتفق العلماء علی ان اصح الکتاب المصنفة

صحیحا البخاری و المسلم ' واتفق الجمهور علی ان الصحیح البخاری اصحهما صحیحا و اکثرهما فائدة قال الحافظ ابو علی النیسابوری و بعض العلماء المغرب صحیح مسلم اصح و انکر العلماء ذالك علیهم و الصواب ترجیح صحیح البخاری و قال النسائی اجود هذا الکتب کتاب البخاری و اجمعت الامة علی صحة هذین الکتابین و وجوب العمل باحادیثها و اما سبب تصنیفه و کیفیة تالیفه فقال البخاری رحمه الله تعالیٰ کنت عند اسحق بن مراهویة فقال لنا بعض اصحابنا لو جمعتم کتابًا مختصرا فی الصحیح ' لسنن رسول الله صلی الله علیه وسلم فوقع ذالك فی قلبی واخذت فی هذاالکتاب وروی من جهات عن البخاری قال صنفت کتاب الصحیح لست عشر سنة خرجنه من سته مائة الف حدیث وجعلته حجة بینی و بین امتیه وقال رایت النبی صلی الله علیه وسلم فی المنام و کانی واقف بین یدیه و بیدی مرووحة اذب عنه فسالت بعض المعبرین فقال انت تذب عنه الکذب فهو الذی حملنی علی اخراج البخاری .

(ب)تاریخ المیلاد للبخاری:

البخاری هو الامام الدنیا فی الحدیث شیخ الاسلام محمد بن اسماعیل البخاری و کان البخاری نحیف الجسم لیس بالطویل ولا بالقصر و کان ذا هدا فی الدنیا و متورعًا و اتفق علی ان البخاری ولد بعد صلوٰة الجمعة لثلث عشر خلت من شوال سنة اربع و تسعین و مائة و انه تو فی لیلة السبت عند صلوة العشاء لیلة عید الفطر و دفن یوم الفطر بعد الظهر سنة ست و خمسین و مائتین ولد اثنان و ستون سنة الاثلثة عشر یوم . و دفن بخرتنك قریة علی فرسخین من سمر قند و لم یعقب ولدا ذکرا . و لما صلی علیه و وضع فی ضریحه فاح من تراب قبره رائحة طیبة کا المسك و جعل الناس یختلفون الی قبره ماة یا خلون من تراب قبره و تیعجبون ذالك .

ملهبه:

الامام البخاری من شیوخ الشوافع یعنی یتعلق الامام البخاری بالمذهب الشافعی .

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة العالمیہ (ایم۔اے عربی واسلامیات-سال دوم) برائے طلباء

الموافق سنة 1444ھ 2024ء

لوقت المحدد	الورقة الثانية:	مجموع الارقام
ثلاث ساعات	لصحيح مسلم	۱۰۰

الملاحظة: اجب عن ثلاثة اسئلة فقط.

السوال الاول:۔ عن ابن مسعود رضی الله عنه قال بينما رسول الله صلی الله عليه وسلم يصلی عند البيت، فابو جهل و اصحابٌ له جلوس و قد نحرت جزور بالامس فقال ابو جهل ايكم يقوم الی سلا جزور بنی فلان فيا خذه فيضعه فی كتفی محمد صلی الله عليه وسلم اذا سجد فانبعث اشقی القوم فاخذه فلما سجد النبی صلی الله عليه وسلم و ضعه بين كتفيه قال فاستضحكوا و جعل بعضهم يميل علی بعض و انا قائم انظر لو كانت لی منعة طرحته عن ظهر رسول الله صلی الله عليه وسلم و النبی صلی الله عليه وسلم ساجد ما يرفع راسه ۔ الخ

(الف) شكل الحديث الشريف و ترجمه الی الاردية؟

(ب) كيف استمر النبی صلی الله عليه وسلم فی الصلاة مع وجود النجاسة علی ظهره؟ اجب عنه جوابا مفصلًا۔

(ج) ما المراد باشقی القوم؟ اكتب اسمه ۔

السوال الثانی:۔ عن عائشة رضی الله عنها قالت دخلت هند بنت عتبة امراة ابی سفيان علی رسول الله صلی الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله صلی الله عليه وسلم ان ابا سفيان رجل شحيح لا يعطينی من النفقة ما يكفينی و يكفی بنی الاما اخذت من ماله بغيره علمه فهل علی فی ذلك من جناب فقال رسول الله صلی الله عليه وسلم خذی من ماله بالمعروف ما يكفيك ويكفی بنيك ۔

(الف) شكل الحديث الشريف ۔ ترجمه الی الاردية؟

(ب) هل يجوز القضاء علی الغائب؟ ان كان جوابك بالنفی فما توجيهك عن هذا الحديث؟

(ج) بين اختلاف الفقهاء فی المسئلة المذكورة؟

السوال الثالث :۔ عن جابر بن عبد الله رضی الله عنه قال مرضت فاتانی رسول الله صلی الله علیه وسلم و ابو بکر یعود الی ماشیان فاغمی علی فتوضا رسول الله صلی الله علیه وسلم ثم صب علی من وضوءہ فافقت قلت یا رسول الله کیف القضی فی مالی فلم یرد علی شیئا حتی نزلت اية الميراث يستفتونك قل الله يفتيكم في الكلالة و فی روایة اخری قال فافقت فقلت کیف اصنع فی ما لی یا رسول الله فنزلت یوصیکم الله فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین .

(الف)ترجم الحديث الشريف الى اللغة الاردية؟

(ب)اکتب معنی الکلالة و ایضا بین التوفیق بین هذین الحدیثین المذکورین؟

(ج)هل يجوز التبرك باثار الصالحين ام لا؟ بین موقفك بالدلیل .

السوال الرابع:۔ عن عبد الله بن عمر رضی الله عنهما قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا تبايع المتبايعان بالبيع فكل واحد منهما بالخيار من بيعه ما لم يتفرقا اويكون بيعهما عن خيار فاذا كان بيعهما عن خيار فقد وجب زاد ابن ابیٰ عمر فی روایته قال نافع فكان اذا بايع رجلا فار ادان لا يقيله قام فمشى هنيئة ثم رجع اليه .

(الف)ترجم الحديث الشريف الى اللغة الاردية؟

(ب) هل يثبت البيع بالايجاب و القبول او یبقی بعد ذالك خيار المجلس؟ اكتب اختلاف الفقهاء مع دلائلهم في هذه المسئلة؟

(ج) این ولد حکیم بن حزام و ما عمرہ؟ اکتب باللغة العربية .

☆ ☆ ☆

درجہ عالمیہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

الورقة الثانية: لصحيح مسلم

السوال الاوّل:۔

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ عِنْدَ الْبَيْتِ وَاَبُوْجَهْلٍ وَاَصْحَابٌ لَهٗ جُلُوْسٌ وَقَدْ نُحِرَتْ جَزُوْرٌ بِالْاَمْسِ فَقَالَ اَبُوْ جَهْلٍ اَيُّكُمْ يَقُوْمُ اِلٰى سَلَا جَزُوْرِ بَنِیْ فُلَانٍ فَيَاْخُذُهٗ فَيَضَعُهٗ فِیْ كَتِفَیْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَجَدَ فَانْبَعَثَ اَشْقَى الْقَوْمِ فَاَخَذَهٗ فَلَمَّا سَجَدَ

اَلنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَعَهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ قَالَ فَاسْتَضْحَكُوْا وَجَعَلَ بَعْضُهُمْ يَمِيْلُ عَلٰى بَعْضٍ وَ اَنَا قَائِمٌ اَنْظُرُ لَوْ كَانَتْ لِيْ مَنَعَةٌ طَرَحْتُهُ عَنْ ظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدٌ مَا يَرْفَعُ رَأْسَهُ ۔الخ

(الف) شكل الحديث الشريف، و ترجمه الى الاردية؟

(ب) كيف استمر النبى صلى الله عليه وسلم فى الصلاة مع وجود النجاسه على ظهره؟ اجب عنه جوابا مفصلاً؟

(ج) ما المراد باشقى القوم؟ اكتب اسمه؟

جوابات: (الف) شکل الحدیث: سوالیہ حصہ میں اعراب لگادیئے گئے ہیں۔

ترجمۃ الحدیث: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کے پاس نماز ادا کر رہے تھے' ابوجہل اور اس کے ساتھی بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک دن پہلے ایک اونٹنی ذبح ہوئی تھی' ابوجہل نے کہا: تم میں سے کون اٹھے گا بنی فلاں کے محلے سے اونٹنی کی اوجھڑی لانے کے لیے؟ جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں جائیں' تو ان کے کندھے پر رکھ دے گا؟ قوم کا سب سے بد بخت شخص اٹھا اور اسے لے کر آیا۔ پس جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں گئے' تو اسے آپ کے کندھوں کے درمیان رکھ دیا۔ پھر وہ آپس میں خوب ہنسنے لگے اور ایک دوسرے پر گرنے لگے۔ میں کھڑا دیکھ رہا تھا۔ کاش! مجھے کچھ بھی تحفظ حاصل ہوتا' تو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت سے اٹھا کر پھینک دیتا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں تھے' اپنا سر مبارک نہیں اٹھا رہے تھے......الخ

(ب) پشت پر گندگی کے باوجود آپ کا نماز جاری رکھنا: اس سوال کا جواب یہ ہے کہ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کی حالت میں تھے اور آپ کو معلوم نہ تھا کہ آپ کی پشت پر کیا ڈالا گیا ہے۔ اس وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نماز کو جاری رکھا۔ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اگر دوران نماز ایسی چیز جسم یا کپڑے کو لگ جائے' تو نماز مکمل کی جائے گی لیکن اگر نماز سے پہلے ہو' تو اسے دور کرنا واجب ہوگا۔

(ج) "اشقی القوم کا معنی": اشقی القوم سے مراد قوم کا سب سے برا / بد بخت شخص ہے۔ اس کا نام "عقبہ بن ابی معیط" تھا اور امام ابواسحٰق کے نزدیک اس کا نام "ولید بن عتبہ" تھا۔

السوال الثانی: —

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ دَخَلَتْ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ اِمْرَأَةُ اَبِيْ سُفْيَانَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ

اِنَّ اَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيْحٌ لَا يُعْطِيْنِيْ مِنَ النَّفَقَةِ مَا يَكْفِيْنِيْ وَ يَكْفِيْ بَنِيَّ اِلَّا مَا اَخَذْتُ مِنْ مَالِهٖ بِغَيْرِ عِلْمِهٖ فَهَلْ عَلَيَّ فِيْ ذٰلِكَ مِنْ جُنَاحٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذِيْ مِنْ مَالِهٖ بِالْمَعْرُوْفِ مَا يَكْفِيْكِ وَيَكْفِيْ بَنِيْكِ.

(الف) شكل الحديث الشريف و ترجمه الى الاردية؟

(ب) هل يجوز القضاء على الغائب؟ ان كان جوابك بالنفى فما توجيهك عن هذا الحديث؟

(ج) بين اختلاف الفقهاء فى المسئلة المذكورة؟

جوابات: (الف) شکل الحدیث: سوالیہ حصہ میں اعراب لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمۃ الحدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے فرمایا: حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کی زوجہ ہند بنت عتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: یارسول اللہ! ابوسفیان ایک کنجوس آدمی ہے وہ مجھے اتنا خرچ/نفقہ نہیں دیتا جو مجھے اور میرے بچوں کے لیے کفایت کرے سوائے اس کے جو مال میں اس کے علم میں لائے بغیر لے لوں، کیا مجھ پر کوئی گناہ ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اچھے طریقے سے ان کے مال میں سے اتنا لے لیا کرو جتنا تمہیں اور تمہارے بچوں کو کافی ہو۔

(ب) قضاء علی الغائب کا جواز: اس حدیث مبارک میں قضاء علی الغائب پر استدلال کیا ہے یعنی وہ شخص جو شہر میں موجود نہ ہو اس کے خلاف فیصلہ کرنا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ استدلال صحیح نہیں ہے کیونکہ ابوسفیان شہر مکہ سے غائب نہیں تھے بلکہ حاکم مجلس سے غیر حاضر تھے۔ حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کی بیوی نے ان کی غیر موجودگی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تھا۔ اس حدیث مبارک میں قضاء علی الغائب سے مراد شہر سے غائب نہیں بلکہ مجلس حاکم سے غیر حاضر ہونا ہے، تو جو شخص مجلس حاکم سے غائب ہو اس کے متعلق فیصلہ کرنا جائز ہے یعنی عورت شوہر کا مال اس کی غیر موجودگی میں لے سکتی ہے اگرچہ وہ مجلس حاکم سے غائب ہو۔

(ج) مذکورہ مسئلہ میں اختلاف آئمہ: مذکورہ مسئلہ میں اختلاف آئمہ درج ذیل ہے:

امام ابوحنیفہ کا موقف: آپ کے نزدیک عورت اس وقت تک شوہر کے مال سے خرچ نہیں کر سکتی جب تک حاکم وقت یا برادری ملک اس کے لیے اس خرچ کو طے نہ کر دے۔ اگر عورت شوہر کے نام پر غیر موجودگی میں قرض لے تو عورت کے لیے کچھ مقرر نہیں کیا جائے گا۔ امام اسحاق رحمہ اللہ تعالیٰ اور امام ابو ثوری کی بھی یہی رائے ہے۔

آئمہ ثلاثہ کا موقف: آئمہ ثلاثہ کے نزدیک شوہر کی غیر موجودگی میں بھی عورت کا خرچ شوہر پر ثابت ہے اور اس کے موجود نہ ہونے کی وجہ سے ساقط نہ ہوگا۔

السوال الثالث:۔

عن جابر بن عبد الله رضي الله عنه قال مرضت فاتاني رسول الله صلى الله عليه وسلم و ابو بكر يعود اني ماشيان فاغمي على فتوضا رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم صب على من وضوء ه فافقت قلت يا رسول الله كيف اقضي في مالي فلم يرد على شيئا حتى نزلت اية الميراث يستفتونك قل الله يفتيكم في الكلالة و في رواية احرى قال فافقت فقلت كيف اصنع في مالي يا رسول الله فنزلت يوصيكم الله في اولادكم للذكر مثل حظ الانثيين .

(الف)ترجم الحديث الشريف الى اللغة الاردية؟

(ب)اكتب معنى الكلالة و ايضا بين التوفيق بين هذين الحديثين المذكورين؟

(ج) هل يجوز التبرك باثار الصالحين ام لا؟ بين موقفك بالدليل؟

جوابات: (الف) ترجمۃ الحدیث: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا: میں بیمار ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میری بیمار پرسی کے لیے آئے۔ مجھ پر غشی طاری ہوگئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا۔ پھر وضو کا پانی مجھ پر ڈالا تو مجھے افاقہ ہوا۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں اپنے مال کے بارے میں کیسے فیصلہ کروں؟ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب نہ دیا حتیٰ کہ آیت میراث "یَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْكُمْ فِی الْكَلٰلَةِ"۔

دوسری روایت میں ہے: فرماتے ہیں کہ مجھے افاقہ ہوا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں اپنے مال کا کیا کروں؟ تو (یہ آیت) نازل ہوئی: "یُوْصِیْكُمُ اللّٰهُ فِیْۤ اَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ"۔

(ب) کلالہ کا معنی: وہ میت جس کے وارثوں میں نہ اولاد ہو نہ والدین اس کا اطلاق اس قرابت پر بھی کیا جاتا ہے جو والد اور ولد کے علاوہ بہت سے ہوں۔

مذکورہ حدیثوں میں توفیق: ان احادیث مبارکہ میں بظاہر تو تعارض ہے لیکن کلالہ کی وراثت کے احکام میں یہ بات شامل ہے کہ اگر میت کے ورثاء میں باپ اور اولاد نہ ہو اور اس کے بھائی بہن موجود ہوں تو بھائی کو بہن سے دوگنا ملے گا یعنی دو بہنوں کے برابر بھائی کا حصہ ہوگا۔ پس معلوم ہوا کہ حضرت جابر کی اپنی اولاد یا والدین میں کوئی موجود نہ ہونے کی وجہ سے انہوں نے کلالہ کی وراثت سے متعلق پوچھا تھا۔ مگر چونکہ آپ کے بہن بھائی موجود تھے تو پہلی آیت کلالہ سے متعلق اور دوسری حصہ داروں / ورثاء کے حصول

کے متعلق نازل ہوئی۔

(ج) آثار صالحین سے تبرک کا جواز: آثار صالحین کے تبرک کا حاصل کرنا جائز بلکہ مستحب ہے اس پر علماء اسلام کا اتفاق ہے۔

دلیل: حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس طیالسی جبہ مبارکہ تھا آپ نے اسے نکال کر فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسے پہنا کرتے تھے اور ہم اسے بیماروں کے لیے دھوتی ہیں اس کی برکت سے شفاء حاصل کی جاتی ہے۔

السوال الرابع:-

عن عبد الله بن عمر رضی الله عنهما قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا تبايع المتبايعان بالبيع فكل واحد منهما بالخيار من بيعه ما لم يتفرقا اويكون بيعهما عن خيار فاذا كان بيعهما عن خيار فقد وجب زاد ابن ابی عمر فی روايته قال نافع فكان اذا بايع رجلا فار اذان لا يقيله قام فمشى هنيئة ثم رجع اليه .

(الف) ترجم الحديث الشريف الى اللغة الاردية؟

(ب) هل يثبت البيع بالايجاب و القبول او يبقى بعد ذالك خيار المجلس؟ اكتب اختلاف الفقهاء مع دلائلهم فی هذه المسئلة؟

(ج) این ولد حكيم بن حزام و ما عمره؟ اكتب باللغة العربية؟

جوابات: (الف) ترجمۃ الحدیث: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جب دو بیع کرنے والے باہم خرید وفروخت کریں تو ان میں سے ہر ایک کو اپنی بیع کا اختیار ہے جب تک وہ باہم جدا نہ ہوں۔ یا اس کی بیع اختیار سے ہوئی ہو تو یہ لازم ہوگئی۔ حضرت ابن ابی عمر نے اپنی روایت میں اضافہ کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ نافع نے کہا: جب وہ کسی آدمی سے بیع کرتے اور چاہتے کہ وہ آدمی ان سے بیع کی واپسی کا مطالبہ نہ کرے۔ کھڑے ہو جاتے' تھوڑا سا چلتے اور پھر اس کے پاس واپس آجاتے۔

(ب) بیع کا ایجاب وقبول سے ثابت ہونا یا خیار مجلس کے بعد باقی رہنا: بیع ایجاب وقبول سے ثابت ہو جاتی ہے یعنی ایک فریق نے کہا میں نے یہ چیز بیچی اور دوسرے نے کہا کہ میں نے خرید لی تو اس سے بیع مکمل ہو جائے گی۔ خریدار کے لیے مبیع میں تصرف جائز ہو جائے گا' اور خیار مجلس میں اس بیع کو رد کرنے کا اختیار باقی رہتا ہے' اگر وہ جدا نہ ہوئے ہوں۔

اس مسئلہ میں اختلاف فقہاء کا بیان: مذکورہ مسئلہ میں فقہاء کے درمیان اختلاف رائے پایا جاتا ہے۔

امام مالک و امام ابوحنیفہ امام ثوری وغیرہ کا مذہب: ان کے نزدیک تفرق سے مراد تفرق بالاقوال ہے۔ پس جب بائع نے کہا کہ میں نے اس چیز کو اتنے میں بیچا اور مشتری نے کہا: میں نے اس قیمت پر خرید لی یا میں نے اسے قبول کر لیا' تو دونوں کی اقوال متفرق ہو گئے۔ اب ان میں سے کسی کو بیع فسخ کرنے کا اختیار نہ رہا۔

امام ابویوسف کا مذہب: امام ابویوسف اور دیگر فقہاء کا مذہب یہ ہے کہ جس تفرق سے اختیار منقطع ہو جاتا ہے وہ ابدان واجسام کا تفرق ہے' یعنی بائع نے کہا کہ میں نے یہ چیز اتنے میں بیچ دی' تو مشتری اس وقت قبول کر سکتا ہے جب تک بائع یا مشتری مجلس سے جدا نہ ہو جائے۔

امام شافعی اور امام احمد کا مذہب: امام شافعی اور امام احمد بھی امام ابویوسف کے قول پر ہیں۔

امام اعظم کی دلیل: ہماری دلیل یہ ہے کہ عقد ایجاب وقبول سے مکمل ہو جاتا ہے اور وہ سودا خریدار کی ملکیت میں داخل ہو جاتا ہے۔ اب دونوں یعنی بائع و مشتری میں سے کسی ایک کے لیے خیار مجلس دوسرے کے حق کو باطل کرنے کو مستلزم ہے' جو اس حدیث مبارکہ کے منافی ہے:

لا ضرر ولا ضرار فی الاسلام

قرآن کی سورۃ النساء کی آیت نمبر ۲۹ کے بھی منافی ہے۔

امام شافعی و احمد کی دلیل: امام شافعی و امام احمد نے اس حدیث مبارکہ سے استدلال کیا ہے۔

و ان تفرقا بعد ان تبایعا ولم یترک احدهما البیع فقد وجب البیع۔

(ج) ولادت حکیم بن حزام: قال مسلم ولد حکیم بن حزام رضی الله عنه فی جوف الکعبة و فی روایة الاخری ولد فی الکعبة۔

عمر حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ: عاش ابن حزام رضی الله عنه مائة و عشرین سنة

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة العالمیہ (ایم۔اے عربی و اسلامیات۔سال دوم) برائے طلباء

الموافق سنة 1444ھ 2024ء

الوقت المحدد	الورقة الثالثة: لجامع الترمذی	مجموع الارقام
ثلاث ساعات		۱۰۰

الملاحظة: اجب عن ثلثة اسئلة فقط.

السوال الاول:۔ عن ابی سهل عن مسة الازدیة عن ام سلمة رضی الله عنها قالت كانت النفساء تجلس علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم اربعین یوما فكنا نطلی وجوهنا بالورس من الكلف.

(الف) شكل الحدیث و ترجمه الی الاردیة مع ذكر اسم ابی سهل؟

(ب) اذكر اختلاف الفقهاء فی المسئلة المذكورة فی الحدیث؟

السوال الثانی :۔ عن ابن عباس رضی الله عنهما قال جمع رسول الله صلی الله علیه وسلم بین الظهر و العصر و بین المغرب و العشاء بالمدینة من غیر خوف و لا مطر قال فقیل لا بن عباس رضی الله عنهما ما اراد بذلك قال اراد ان لا تحرج امته.

(الف) ترجم الحدیث الی الاردیة و ایضاً هل یجوز جمع الصلوتین بغیر خوف ولا مطر ام لا؟ عند الحنفیة.

(ب) اذكر المذاهب فی هذه المسئلة مع ذكر الجواب عن الحدیث عند الحنفیة؟

السوال الثالث :۔ عن ابن عباس رضی الله عنهما قال رد النبی صلی الله علیه وسلم ابنته زینب علی ابی العاص ابن الربیع بعدست سنین بالنكاح الاول و لم یحدث نكاحا هكذا حدیث لیس باسناده باس.

(الف) ترجم الحدیث الی الاردیة بعد تشكیله؟

(ب) فصل اختلاف الفقهاء فی المسئلة المذكورة و رجح مذهب الحنفیة بالدلائل؟

السوال الرابع:۔ عن ابی ثعلبة الخشنی قال قلت یا رسول الله صلی الله علیه وسلم انا اهل صید فقال اذا ارسلت كلبك و ذكرت اسم الله علیه فامسك علیك فكل قلت و

ان قتل قال و ان قتل .

(الف) كيف يعلم ان الكلب معلم؟ و ايضاً هل هٰذا الحكم مخصوص بالكلب ام شامل الجميع الحيوانات المعلمة؟

(ب) اذكر مزايا الجامع للامام الترمذی رحمه الله باللغة العربية؟

☆ ☆ ☆

درجہ عالمیہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

الورقة الثالثة: لجامع الترمذی

السوال الاوّل:-

عَنْ اَبِیْ سَهْلٍ عَنْ مُسَّةَ الْاَزْدِيَّةِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ، كَانَتِ النُّفَسَاءُ تَجْلِسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا فَكُنَّا نَطْلِیْ وُجُوْهَنَا بِالْوَرْسِ مِنَ الْكَلَفِ.

(الف) شكل الحديث و ترجمه الى الاردية مع ذكر اسم ابی سهل؟

(ب) اذكر اختلاف الفقهاء فی المسئلة المذكوره فی الحديث؟

جوابات: (الف) شکل الحدیث: اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمۃ الحدیث: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا زوجہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں نفاس والی عورتیں چالیس دن تک بیٹھی رہتی تھیں اور ہم اپنے چہروں پر ورس ملا کرتی تھیں جھائیوں کی وجہ سے۔

اسم ابی سہل: اسم ابی سہل: کثیر بن زیاد۔

(ب) مذکورہ مسئلہ میں اختلاف فقہاء: مذکورہ حدیث مبارکہ میں نفاس کی اقل و اکثر مدت کے بارے میں بتایا گیا کہ نفاس کی اقل مدت کی کوئی حد نہیں ہے نفاس والی عورت کو چاہیے کہ بچے کی ولادت کے بعد جب بھی خون آنا بند ہو جائے تو وہ طہارت حاصل کر کے نماز و روزہ کی ادائیگی کرنے لگ جائے لیکن اس کی اکثر مدت میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام اعظم کا موقف: امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نفاس کی اکثر مدت چالیس دن شمار ہوگی اور اس کے لیے جو خون آئے وہ استحاضہ شمار ہوگا۔

شوافع کا موقف: بعض شوافع کے نزدیک نفاس کی اکثر مدت چالیس دن اور بعض کے نزدیک

ساٹھ دن ہے۔

حسن بصری کا موقف: امام حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نفاس کی اکثر مدت پچاس دن ہے۔

عطا بن ابی رباح و شعبی کا موقف: ان دونوں کے نزدیک اکثر مدت نفاس ساٹھ دن ہے۔

السوال الثانی:-

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال جمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بین الظہر و العصر و بین المغرب و العشاء بالمدینۃ من غیر خوف و لا مطر قال فقیل لا بن عباس رضی اللہ عنہما ما اراد بذلك قال اراد ان لا تحرج امتہ.

(الف) ترجم الحدیث الی الاردیۃ و ایضاً ھل یجوز جمع الصلوتین بغیر خوف و لا مطر ام لا عند الحنفیۃ؟

(ب) اذکر المذاھب فی ھذہ المسئلۃ مع ذکر الجواب عن الحدیث عند الحنفیۃ؟

جوابات: (الف) ترجمۃ الحدیث: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر اور عصر کو مغرب اور عشاء کو بغیر کسی خوف اور بارش کے مدینہ طیبہ میں جمع کیا۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا گیا: اس کا مقصد کیا تھا؟ انہوں نے جواب میں فرمایا: اس کا مقصد امت کے لیے آسانی پیدا کرنا تھا۔

جمع الصلوتین بغیر خوف ولا مطر کا جواز وعدم جواز: امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف یہ ہے کہ عرفات مزدلفہ کے علاوہ کسی بھی صورت میں دو نمازوں کو ایک وقت میں پڑھنا جائز نہیں ہے، خواہ سفر، مرض، بارش، آندھی، اندھیرا اور خوف ہی کیوں ہو۔ تو پھر مذکورہ صورت میں کسی طور بھی جائز نہیں۔

(ب) جمع صلوتین کے مسئلہ میں مذاہب آئمہ: جمع کی دو اقسام ہیں:

۱۔ **جمع حقیقی:** ایک نماز کے وقت میں دو نمازوں کو جمع کر کے پڑھنا۔

۲۔ **جمع صوری:** دو نمازوں کو صرف صورتاً جمع کرنا، وہ اس طرح کہ پہلی نماز کو اس کے آخری وقت میں اور دوسری نماز کو اس کے ابتدائی وقت میں ادا کرنا۔ یعنی دونوں نمازوں کو اپنے اپنے وقت میں ادا کرنا۔

سوال یہ ہے کہ دو نمازوں کو ایک نماز کے وقت میں ادا کرنا جائز ہے یا نہیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

اس مسئلہ میں آئمہ فقہ کا اختلاف ہے جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف ہے کہ جمع صوری تو جائز ہے لیکن جمع حقیقی صرف عرفات اور مزدلفہ کے علاوہ درست نہیں ہے۔

(i) آپ نے قرآن کریم کی اس آیت سے استدلال کیا ہے: ان الصلوٰۃ کانت علی المؤمنین کتٰبا موقوتاO یعنی نماز مومنوں پر اپنے مقررہ اوقات میں فرض ہے۔

(ii) جامع ترمذی میں حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک آدمی نماز کے اوقات معلوم کرنے کے لیے حاضر ہوا۔ آپ نے اسے دو دن اپنے پاس مدینہ میں رکھا اور عملاً اسے اوقات صلوٰۃ کی تعلیم دی۔

۲۔ حضرت امام مالک، حضرت امام شافعی اور حضرت امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ تعالیٰ کے ہاں مطلقاً دو نمازوں کو جمع کرنا جائز ہے۔ انہوں نے زیر بحث حدیث سے استدلال کیا ہے جس میں دو نمازوں کو ایک وقت میں جمع کرنے کی صراحت ہے۔

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئمہ ثلاثہ کی روایت و دلیل کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ یہ روایت جمع حقیقی پر نہیں بلکہ جمع صوری پر محمول ہے۔

السوال الثالث:۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ رَدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَتَهُ زَيْنَبَ عَلٰى اَبِي الْعَاصِ ابْنِ الرَّبِيْعِ بَعْدَ سِتِّ سِنِيْنَ بِالنِّكَاحِ الْاَوَّلِ وَ لَمْ يُحْدِثْ نِكَاحًا هٰذَا حَدِيْثٌ لَيْسَ بِاِسْنَادِهٖ بَأْسٌ .

(الف) ترجم الحدیث الی الاردیۃ بعد تشکیلہ؟

(ب) فصل اختلاف الفقہاء فی المسئلۃ المذکورۃ و رجح مذہب الحنفیۃ بالدلائل؟

جوابات: (الف) تشکیل حدیث: حدیث مبارک کی تشکیل سوالیہ عبارت میں کر دی گئی ہے۔

ترجمۃ الحدیث: حضرت ابن عباس سے مروی ہے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوٹا دیا اپنی بیٹی حضرت زینب ابو العاص ابن ربیع کی طرف پہلے نکاح پر چھ سال بعد اور پھر سے نکاح نہیں کیا۔ کوئی اشکال نہیں پائی جاتی اس حدیث کی سند میں۔

(ب) اگر عورت مسلمان ہو جائے اور اس کا شوہر غیر مسلم ہو؟: حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے شوہر صلح حدیبیہ سے پہلے ہی اسلام قبول کر چکے تھے اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بغیر تجدید نکاح

آپ کو آپ کے شوہر کی طرف واپس لوٹا دیا تھا' کیونکہ اس وقت تک بذریعہ وحی اللہ کی طرف سے کوئی خاص حکم نہ آیا تھا۔ پھر صلح حدیبیہ کے بعد بہت سی عورتیں ہجرت کر کے مدینہ آنے لگیں تو پھر یہ آیت نازل ہوئی "لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ الخ" (ممتحنہ:۱۰)

<u>اس مسئلہ میں اختلاف فقہاء:</u>

☆ امام ابو حنیفہ اور امام محمد رحمہما اللہ تعالیٰ کا مذہب یہ ہے کہ اگر بیوی مسلمان ہو جائے اور شوہر غیر مسلم ہو تو قاضی اس کے سامنے اسلام پیش کرے گا۔ اگر وہ اسلام قبول کر لے تو وہ عورت اس کے نکاح میں رہے گی اور اگر وہ اسلام قبول کرنے سے انکار کر دے' تو قاضی ان میں علیحدگی کروا دے گا اور یہ طلاق شمار ہوگی

☆ امام ابو یوسف کا مذہب یہ ہے کہ اسلام قبول نہ کرنے کی صورت میں ہونی والی علیحدگی طلاق شمار نہ ہوگی۔

☆ امام شافعی کا مذہب یہ ہے کہ اسلام قبول نہ کرنے کی صورت میں نکاح ختم ہو جائے گا اور عورت تین حیض کی مدت تک علیحدگی کو مؤخر کیا جائے گا' اگر اس دوران مرد اسلام قبول کر لے تو عورت دوبارہ اس کے نکاح میں آ جائے گی۔

<u>مذہب احناف کو ترجیح:</u> احناف کی طرف سے دلیل یہ ہے کہ ایسی صورت میں نکاح کے جو مقاصد ہیں وہ زائل ہو گئے ہیں۔

اس لیے کسی ایسی وجہ کی ضرورت ہے جس کی بنیاد پر علیحدگی کی جائے۔ اسلام چونکہ فرمانبرداری کا نام ہے' جو علیحدگی کے لیے سبب بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ اس لیے اس کے سامنے اسلام پیش کیا جائے گا تاکہ اسلام قبول کرنے کے نتیجے میں مقاصد حاصل کیے جا سکیں' یا انکار کی صورت میں علیحدگی کو ثابت کیا جا سکے' کیونکہ شوہر انکار کرنے کے نتیجے میں مناسب طریقے سے عورت کو روکنے سے رک گیا ہے۔ جبکہ وہ اس بات کی قدرت رکھتا تھا کہ اسلام قبول کر کے ایسا کر لیتا یعنی عورت کو روک لیتا۔

السوال الرابع:-

عن ابی ثعلبة الخشني قال قلت یا رسول الله صلی الله علیه وسلم انا اهل صید فقال اذا ارسلتَ کلبك و ذکرت اسم الله علیه فامسك علیك فکل قلت و ان قتل قال و ان قتل .

(الف) کیف یعلم ان الکلب معلم؟ و ایضاً هل هذا الحکم مخصوص بالکلب ام شامل الجمیع الحیوانات المعلمة؟

(ب) اذکر مزایا الجامع للامام الترمذی رحمہ اللہ باللغۃ العربیۃ؟

جوابات: (الف) کلب معلم کو کیسے سکھایا جائے گا؟: کلب معلم کو سکھانے کا طریقہ یہ ہے کہ اسے اتنا مارا جائے کہ اپنا شکار کیا ہوا جانور کھائے بغیر چھوڑ دے اپنے مالک کے لیے اور کم از کم اس سے تین بار یہ فعل صادر ہو جائے تو پھر وہ کلب معلم (سدھایا ہوا) کہلائے گا۔

حکم حرف کلب کے ساتھ خاص نہیں بلکہ عام علماء کے نزدیک سکھائے گئے چیر پھاڑ کرنے والے ہر درندے اور پرندے کا ہے جو بھی سیکھنے کے قابل ہو جیسے چیتا، نمر، کلب، باز اور شکرا وغیرہ۔

(ب) مزایا لجامع للترمذی:

و ههنا مزایا عدیة التی یمیز الجامع للترمذی من غیره الاول الامام الترمذی قد بین مذاهب اکثر الفقهاء و المسائل الفقهیة و الثانی و بعد روایة الحدیث وضح اوصاف الحدیث من الحسن و الصحیح و الغریب وغیرها و الثالث ثم اشار الی اسانید متعددة بقوله عن فلان و فلان و الرابع وفی آخره کتاب العلل و الخامس و بعده رسالة فی الاحادیث التی تشتمل علی شمائل النبی صلی الله علیه وسلم المسماة بشمائل الترمذی و لهذا المزایا لابد من مطالعة هذا الجامع لکل معلم و متعلم و طالب الحدیث .

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة العالمیه (ایم۔اے عربی واسلامیات۔سال دوم) برائے طلباء

المواقف سنة 1444ھ 2024ء

الوقت المحدد ثلاث ساعات | الورقة الرابعة: سنن ابی داؤد' آثار السنن | مجموع الارقام ۱۰۰

الملاحظة: اجب عن السؤالین من کل قسم.

القسم الاول ...... سنن ابی داؤد

السؤال الاول:۔ عن ثعلبة بن زهدم قال کنا مع سعید بن العاص بطبرستان فقام فقال ایکم صلی مع رسول الله صلی الله علیه وسلم صلوة الخوف فقال حذیفة انا فصلی بهؤلاء رکعة و هؤلاء رکعة ولم یقضوا بهم.

(الف) بین کیفیة صلوة الخوف و ایضاً بین فی هذه المسئلة مذهب الحنفیة و الشوافع رحمهم الله مع الادلل؟

(ب) استدل قوم من هٰذا الحدیث ان صلوة الخوف رکعة فما جوابك من هٰذا الاستدلال؟

السؤال الثانی:۔ عن نافع عن عبد الله ان امراة و جدت فی بعض مغازی رسول الله صلی الله علیه وسلم مقتولة فانکر رسول الله صلی الله علیه وسلم قتل النساء و الصبیان.

(الف) بین معنی الجهاد لغة و شرعا مع بیان الاقسام و الاحکام؟

(ب) هل یجوز شرکة المسلمین فی الاتحاد العالمی المشتمل علی الیهود و النصاری و غیرهما المخالف لمملکة فلسطین؟ علیك ان تکتب موقفك مفصلة فی ضوء القرآن و السنة؟

السؤال الثالث :۔(الف) اکتب باللغة العربیة ترجمة الامام ابی داؤد رحمه الله مع ذکر تاریخ میلاده و وفاته و مذهبه و فضائله و لا تکون اقل من عشرة اسطر؟

(ب) سنن ابی داؤد من ای قسم من اقسام کتب الاحادیث و کم عدد الاحادیث المستخرجة فیه و ما هی النسخ الاربعة المرویة عن تلامذه؟

القسم الثانی ...... آثار السنن

السوال الرابع :۔ عن علی رضی الله عنه قال لو كان الدين بالرای لكان اسفل الخف اولی بالمسح من اعلاه و قدرایت رسول الله صلی الله علیه وسلم يمسح على ظاهر خفيه .

(الف) شکل الحدیث و ترجمه الى الاردية؟

(ب) بين كيفية المسح على الخفين و ايضاً بين مدته للمقيم و المسافر مع اختلاف الائمة؟

(ج) هل يعيد الوضوء ام يمسح فقط بعد مضى المدة؟

السوال الخامس: عن جبير بن نفير قال صلى بنا معاوية رضى الله عنه الصبح بغلس فقال ابو الدرداء رضى الله عنه اسفروا بهذه الصلوة فانه افقه لكم انما تريدون ان تخلوا بحوائجكم .

(الف) شكل الحديث و ترجمه الى الاردية؟

(ب) اشرح الحديث الشريف و ايضاً بين الوقت المستحب للفجر عند الائمة مع دلائلهم؟

السوال السادس: عن ابی هريرة رضى الله عنه قال رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم يرفع يديه فى الصلوة حذو منكبيه حين يفتتح الصلوة و حين يركع و حين يسجد .

(الف) رفع اليدين سوى التكبيرة الاولى سنة ام لا؟

(ب) اذكر اختلاف آئمة الحنفية و الشافعية و غير المقلدين عن الرفع و عدمه بالدلائل و رجح بالدلائل موقفك؟

☆ ☆ ☆

درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

الورقة الرابعة: سنن ابی داؤد، آثار السنن

القسم الاول ...... سنن ابی داؤد

السوال الاول:۔

عن ثعلبة بن زهدم قال كنا مع سعيد بن العاص بطبرستان فقام فقال ايكم

صلی مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوۃ الخوف فقال حذیفۃ انا فصلی بھؤلاء رکعۃ و ھؤلاء رکعۃ ولم یقضوا بھم۔

(الف) بین کیفیۃ صلوۃ الخوف و ایضا بین فی ھذہ المسئلۃ مذھب الحنفیۃ و الشوافع رحمھم اللہ مع الادلۃ؟

(ب) استدل قوم من ھذا الحدیث ان صلوۃ الخوف رکعۃ فما جوابک من ھذا الا ستدلال؟

جوابات: (الف) کیفیۃ صلوۃ الخوف: صلوۃ الخوف پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ امام لوگوں کی دو صفیں بنائے اور پہلی صف کو ایک رکعت پڑھائے اور دوسری کو دشمن کے مقابلہ میں بھیج دے۔ پھر پہلی صف کو ایک رکعت پڑھنے کے بعد دوسری صف کی جگہ چلی جائے اور دوسری صف کے لوگ امام کے پیچھے ایک رکعت پڑھیں۔ پھر امام سلام پھیر دے اور دوسری صف کے لوگ اپنی دوسری رکعت پڑھ کر سلام پھیر دیں۔ دشمن کے مقابلہ میں چلے جائیں پھر پہلی صف کے لوگ آئیں اور اپنی دوسری رکعت پڑھیں۔ اس طرح ہر صف کے لوگوں کی امام کے ساتھ ایک ایک رکعت ہوگی اور دوسری رکعت وہ خود پڑھیں گے۔

نماز خوف کے طریقہ کار میں مذاہب آئمہ:

شوافع کا مذہب: صحاح ستہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ایک روایت ہے، حضرت امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے نماز خوف کے باب میں سب سے پہلے ذکر کی ہے، اس میں نماز خوف پڑھنے کا یہی طریقہ بیان کیا گیا ہے۔ نیز حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث میں بھی یہی طریقہ بیان کیا گیا ہے۔

حضرت امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا عمل بھی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت پر ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے حضرت سہل رضی اللہ عنہ کی حدیث پر عمل کیا ہے" کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو نماز خوف پڑھائی آپ نے اپنے پیچھے صفیں بنائیں، جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب صف تھی اس کو ایک رکعت نماز پڑھائی، پھر آپ کھڑے رہے حتیٰ کہ پچھلی صف نے ایک رکعت نماز پڑھ لی، پھر وہ آگے آ گئے اور اگلی صف جو پہلے آگے تھی، پیچھے چلی گئی، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس صف کو ایک رکعت نماز پڑھائی، پھر آپ بیٹھ گئے حتیٰ کہ پیچھے والوں نے ایک رکعت پڑھ لی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیر دیا"۔

احناف کا مذہب: احناف کے نزدیک صلوۃ الخوف پڑھنے کا طریقہ یہ ہے:

علامہ ابو الحسن علی بن ابی بکر رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: جب میدان جنگ میں خوف بڑھ جائے تو امیر لشکر مسلمانوں کی دو گروہ بنائے ایک گروہ دشمن کے سامنے رہے اور دوسرا اس کے پیچھے ایک رکعت نماز

پڑھے۔ایک رکعت پڑھنے کے بعد یہ گروہ دشمن کے سامنے چلا جائے اور پہلا گروہ آ کر اس کے پیچھے ایک رکعت پڑھے۔امام تشہد پڑھ کر سلام پھیر دے اور یہ گروہ سلام نہ پھیرے اور دشمن کے سامنے چلا جائے۔ پھر ہر گروہ آ کر الگ الگ بغیر قرأت کے ایک رکعت پڑھے' کیونکہ وہ مسبوق ہیں اور تشہد پڑھ کر سلام پھیر دے۔اس کی دلیل حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مذکور الصدر طریقے سے نماز خوف پڑھی ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو امام ابوداؤد رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی سنن میں اور امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح معانی الآثار میں روایت کیا ہے۔اس طرح حضرت امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

(ب) صلوٰۃ الخوف کا ایک رکعت ہونا: ایک قوم اس بات پر متفق ہے کہ صلوٰۃ الخوف ہے ایک رکعت ہے اور وہ مذکورہ حدیث سے استدلال کرتی ہے۔اس کا جواب یہ ہے کہ ایک رکعت نماز پڑھنا جائز نہیں۔مذکورہ حدیث میں ایک رکعت سے مراد ہر گروہ کی اپنے امام کے پیچھے پڑھی جانے والی رکعت ہے اور دوسری رکعت ہر گروہ اپنی الگ الگ ادا کرے گا اور یوں ان کی دو رکعت نماز مکمل ہو جائے گی۔امام کی بھی دو رکعت (یعنی ہر گروہ کے ساتھ ایک ایک رکعت) مکمل ہو جائیں گی۔مذکورہ بالا حدیث میں ایک رکعت نماز کا یہی مطلب ہے۔

السوال الثاني:۔

عن نافع عن عبد الله ان امراة وجدت في بعض مغازي رسول الله صلى الله عليه وسلم مقتولة فانكر رسول الله صلى الله عليه وسلم قتل النساء والصبيان .

(الف) بين معنى الجهاد لغة و شرعا مع بيان الاقسام و الاحكام؟

(ب) هل يجوز شركة المسلمين في الاتحاد العالمي المشتمل على اليهود والنصارى و غيرهما المخالف لمملكة فلسطين؟ عليك ان تكتب مؤلفك مفصلة في ضوء القرآن و السنة؟

جوابات: (الف) جہاد:

لغوی معنیٰ: جہاد کا لغوی معنیٰ ہے "محنت و مشقت کرنا"۔

شرعی معنیٰ: اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے مشقت کر کے کفاروں کو قتل کرنا جہاد کہلاتا ہے۔

اقسام: جہاد کی اقسام درج ذیل ہیں:

جہاد بالمال: اپنے مال کو اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے خرچ کرنے سے دریغ نہ کرنا' جہاد بالمال کہلاتا ہے۔

جہاد بالقلم: اپنے قلم کے ذریعے لوگوں تک قرآن وسنت کے احکامات پہنچانا' تاکہ وہ اس سے تبدیل ہو کریں اور دنیا سے کفر وجہالت کا خاتمہ ہو جائے' اسے جہاد بالقلم کہتے ہیں۔ جیسا کہ کتب لکھنا' افسانے اور مقالے وغیرہ۔

جہاد بالنفس: اپنے نفس کو برائی اور شیطان کی اتباع کرنے سے روکنا اور نیکی کی طرف راغب کرنا' نیز اپنی نفسانی خواہشات پر قابو پانا جہاد بالنفس کہلاتا ہے۔ اسے جہاد اکبر کہتے ہیں۔

جہاد بالقتال: جہاد بالقتال کی دو قسمیں ہیں:

ا۔ اقدامی جہاد: کافروں کے خلاف اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے مسلمانوں کا خود اقدام جہاد کرنا۔ اس طرح کہ اگر یہ اقدام ان کافروں پر ہو جن کو دعوت دین پہلے ہی دی جا چکی ہو' تو ان کو حملہ کرنے سے پہلے ایک بار پھر دعوت دین دینا مستحب ہے۔ اگر ان تک دعوتِ دین نہ پہنچی ہو' تو پہلے انہیں دین کی دعوت دی جائے گی' اگر قبول نہ کریں تو جزیہ کا مطالبہ کیا جائے گا اور اگر یہ بھی نہ مانیں' تو پھر ان کے خلاف قتال کیا جائے گا۔

۲۔ دفاعی جہاد: اپنے مال' جان اور وطن کی حفاظت کے لیے ان پر حملہ آور کافروں سے لڑنا دفاعی جہاد کہلاتا ہے۔

احکام: حضرات تابعین کے نزدیک ہر حال میں جہاد کرنا فرض عین ہے اور تمام علماء کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جب تک کافر اپنے ملکوں میں ہوں تو ان کے ملکوں پر چڑھائی کرنا فرض کفایہ ہے۔

(ب) مسلمانوں کا فلسطین کے خلاف اقدامات کرنے والوں سے اتحاد کرنا کیسا ہے؟ مسلمانوں کا فلسطین کے خلاف اقوام متحدہ (جو یہود ونصاریٰ پر مشتمل ہے) میں شامل ہونا ہرگز جائز نہیں ہے' کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ: اے ایمان والو! یہود ونصاریٰ کو دوست نہ بناؤ' وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور تم میں جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو وہ انہیں میں سے ہے۔ بے شک اللہ بے انصافوں کو راہ نہیں دیتا۔ (المائدہ:۵۱)

یہ آیت مشہور صحابہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ اور مشہور منافق عبداللہ بن ابی کے حق میں نازل ہوئی' کیونکہ حضرت عبادہ نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے یہودیوں میں بڑی تعداد میں دوست ہیں۔ جو بہت شان وشوکت اور قوت والے ہیں۔ اب میں ان کی دوستی سے بیزار ہوں اور اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا میرے دل میں اور کسی کی محبت کی کوئی گنجائش نہیں۔ اس پر عبداللہ بن ابی نے

H_M_Hasnain_Asadi

کہا: میں تو ان یہودیوں کی دوستی سے بیزار نہیں ہو سکتا' مجھے آنے والے واقعات کا اندیشہ ہے اور مجھے ان کے ساتھ تعلقات رکھنا ضروری ہے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ یہودیوں سے دوستی کا دم بھرنا تیرا ہی کام ہے' عبادہ کا نہیں۔

یہود و نصاریٰ کے ساتھ دوستی اور موالات یعنی ان کی مدد کرنا اور ان سے مدد لینا اور ان سے محبت سے پیش آنا ممنوع ہے' کیونکہ کفار کبھی بھی مسلمانوں کے دوست نہیں ہو سکتے۔ اگر چہ ان کے آپس میں بے شمار اختلاف ہوں' اس کے باوجود بھی یہ مسلمانوں کے خلاف متحد ہیں۔ ان سے دوستی کرنے اور ان سے اتحاد کرنے کی یہ وعید سنائی گئی ہے کہ جو ان سے دوستی رکھے گا وہ انہی میں سے ہوگا۔

اقوام متحدہ کا کردار اگر مظلوم مسلمانوں کے لیے اسی طرح رہتا ہے' تو تمام اسلامی ممالک کو اسے چھوڑ دینا چاہیے جہاں غیر مسلموں کو مسلمانوں سے آزادی چاہیے وہاں راتوں رات متفقہ قرارداد منظور کرا کے چند دنوں میں اس پر عملدرآمد کرایا جاتا ہے' جہاں مسلمانوں کو غیر مسلموں کے مظالم سے چھٹکارا اور آزادی چاہیے ہوتی ہے' وہاں اقوام متحدہ کا کردار ایسا ہوتا ہے جیسے یہ موجود ہی نہ ہو۔

اس طرز عمل کے باوجود مزید اقوام متحدہ میں شریک رہنا مسلم ممالک کے لیے فائدے کے بجائے مزید نقصان کا سبب بنے گا۔

السوال الثالث:۔

(الف) اکتب باللغة العربية ترجمة الامام ابی داؤد رحمه الله مع ذکر تاريخ ميلاده و وفاته و مذهبه و فضائله و لا تکون اقل من عشرة اسطر؟

(ب) سنن ابی داؤد من ای قسم من اقسام کتب الاحاديث و کم عدد الاحاديث المستخرجة فيه و ما هی النسخ الاربعة المروية عن تلامذه؟

جوابات: (الف) ترجمۃ الامام ابی داؤد:

اسمه سليمان بن الاشعث بن اسحاق بن بشير الازدی . و هو احد کبار آئمه الحديث . اسم تاليف "السنن" الذی يعد من صحاح الستة . و والده الاشعث بن اسحاق حافظا للحديث و کبارًا من رواة الحديث.

ولادته: ولد الامام ابو داؤد فی عام 202هجری فی بلدة صغيرة تسمی سجستان اثناء عصر الخليفة العباسی المامون و والده الاشعث بن اسحاق کان من المحدثين الکبار وله اخ اکبر منه يدعی محمد بن الاشعث و هو راوی للحديث کذالك و يعود له الفضل الکبير فی مساعدة اخيه فی طلبة

العلم و ذالك من خلال مرافقته فی مرحلاته العلمية . فقد خرج ابو داؤد فی العديد من الرحلات العلمية الى معظم الاقاليم الاسلامية مثل الشام ومصر وخراسان و فيها التقى بكبار علماء الحديث و سمع عنهم و مما يجد ذكره ان ابا داؤد كان احد تلامذه الامام البخاری و غير ذالك من كبار علماء و الشيوخ الحديث مثلًا سعيد بن سليمان' ابو الوليد الطيالسی' اسحاق بن راهويه' احمد بن حنبل' قتيبة بن سعيد .

و من اهم مؤلفاته سنن ابی داؤد' دلائل النبوة التفرد فی السنن و المراسيل و غيره ذالك . قال ابو حاتم بن حبان: كان احد ائمة الدنيا فقها و علما و حفظا و نسكًا و ورعًا و اتقانًا جمع و صنف و ذب عن السنن

و فاته: استقر ابو داؤد فی اواخر حياته فی مدينة البصرة حيث بقی فيها الى ان توفاه الله تعالى و ذالك فی تاريخ 16 من شهر شوال الموافق لعام 275هجری . اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ .

(ب) سنن ابی داؤد: لا سيما فيما يتعلق بمجال علم الحديث و من اهم هذه المؤلفات ۴ . و منها سنن ابی داؤد و هو يعد من صحاح كتب الستة . وقد جمع فيه ابو داؤد ما يقارب 4800 حديث صحيح اختارها من بين 500 الف حديث :

و سنن ابی داؤد تتعلق بالسنن من اقسام الحديث و جمع ابو داؤد فيه 4800 حديث صحيح و قيل 5274 باعتبار عديدة جديدة .

اس میں اقسام سے متعلق احادیث وارد ہیں۔

شیخ اربعہ: ابوعبداللہ محمد بن احمد بن یعقوب المصری نے "كتاب الرد على اهل القدر" ابوبکر احمد بن سلیمان النجار نے "كتاب الناسخ و المنسوخ" حافظ ابوعبید محمد بن علی بن عثمان آجری نے "كتاب مسائل" اور اسماعیل بن محمد صفار نے "مسند مالك" کو ابوداؤد سے روایت کیا ہے۔

القسم الثانی ...... آثار السنن

السوال الرابع:۔

عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَوْ كَانَ الدِّيْنُ بِالرَّأْيِ لَكَانَ اَسْفَلَ الْخُفِّ اَوْلٰى بِالْمَسْحِ مِنْ اَعْلَاهُ وَ قَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلٰى

ظَاهِرِ خُفَّيْهِ .

(الف) شكل الحديث و ترجمه الى الاردية؟

(ب) بين كيفية المسح على الخفين و ايضاً بين مدته للمقيم و المسافر مع اختلاف الائمة؟

(ج) هل يعيد الوضوء ام يمسح فقط بعد مضى المدة؟

جوابات: (الف) اعراب: سوالیہ حصہ میں لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمۃ الحدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: اگر دین میں رائے کو دخل ہوتا تو موزوں کے اوپر والے حصہ کی بہ نسبت نیچے والے حصہ پر مسح کرنا بہتر ہوتا۔

پس تحقیق میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ موزوں کے اوپر والے حصہ پر مسح فرماتے۔

(ب) كيفية المسح على الخفين: موزوں پر مسح کرنے کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو پانی سے تر کر کے دائیں ہاتھ کی انگلیوں کو دائیں اور بائیں ہاتھ کی انگلیوں کو بائیں موزہ کی انگلیوں پر رکھیں۔ انگلیاں پوری پوری رکھیں صرف سرا نہ رکھیں اور انگلیوں کو کھولے ہوئے ٹخنوں کی طرف اوپر کو کھینچیں۔

آئمہ کے نزدیک مدت مسح علی الخفین: مدت مسح کے مسئلہ میں آئمہ فقہ کا اختلاف ہے۔ حضرت امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک موزوں پر مسح کی مدت متعین نہیں ہے نمازی جب تک چاہے مسح کر سکتا ہے۔ آئمہ ثلاثہ یعنی حضرت امام اعظم ابوحنیفہ حضرت امام شافعی اور حضرت امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ تعالیٰ کا موقف ہے کہ مسافر کے لیے موزوں پر مدت مسح تین دن تین رات ہے جبکہ مقیم کے لیے ایک دن ایک رات ہے۔ سفیان ثوری ابن مبارک اور اسحاق کا بھی یہی قول ہے۔ انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اس روایت سے استدلال کیا:

جعل رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاثة ايام ولياليهن للمسافر، و يوما و ليلة للمقيم

یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے موزوں پر مسح کی مدت مسافر کے لیے تین دن تین رات متعین کی جبکہ مقیم کے لیے ایک دن ایک رات کا تعین فرمایا۔

(ج) جب مسح کی مدت پوری ہو جائے تو مسح کا حکم: جب مسح کی مدت پوری ہو جائے تو مسح جاتا رہتا ہے۔ لہٰذا موزہ پہننے والا اپنے موزوں کو اتار کر پیروں کو دھو لے اور اگر کوئی ناقض وضو پیش نہ آیا

ہو تو صرف پاؤں دھو لینے پر اکتفا کرے اور پورا وضو کرنے کی ضرورت نہیں ہاں اگر کرلے تو بہتر ہے۔

السوال الخامس:

عَنْ جُبَیْرِ بْنِ نُفَیْرٍ قَالَ صَلّٰی بِنَا مُعَاوِیَۃُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ الصُّبْحَ بِغَلَسٍ فَقَالَ اَبُو الدَّرْدَآءِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَسْفِرُوْا بِھٰذِہِ الصَّلٰوۃِ فَاِنَّہٗ اَفْقَہُ لَکُمْ اِنَّمَا تُرِیْدُوْنَ اَنْ تَخْلُوْا بِحَوَائِجِکُمْ .

(الف) شکل الحدیث و ترجمہ الی الاردیۃ؟

(ب) اشرح الحدیث الشریف و ایضاً بین الوقت المستحب للفجر عند الائمۃ مع دلائلھم؟

جوابات: (الف) اعراب: اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمۃ الحدیث: حضرت جبیر بن نفیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا کہ ہمیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے صبح کی نماز اندھیرے میں پڑھائی تو حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس نماز کو خوب روشن کر کے پڑھو۔ پس بیشک یہ تمہارے لیے بڑی سمجھداری کی بات ہے کہ تم ضروریات کے لیے فارغ ہونا چاہتے ہو۔

(ب) شرح الحدیث الشریف: خیال رہے کہ تاریکی / اندھیرے میں نماز فجر پڑھنے کی عملی احادیث تو موجود ہیں لیکن قولی نہیں۔ اس حدیث میں احتمال ہے کہ شاید یہ اندھیرا مسجد میں ہوتا ہو نہ کہ وقت میں، کیونکہ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بہت گہری ہے، باہر کی روشنی وہاں دیر میں پہنچتی تھی۔ اگر فرض کریں کہ یہ وقت کا اندھیرا تھا، تو اس کے بارے میں بھی حدیث میں بیان فرمادیا ہے کہ فجر کو خوب اجالا کر کے پڑھو تا کہ حاجت ضروریہ سے بھی فارغ ہو جاؤ۔ صحابہ کرام کا بھی یہی معمول تھا کہ فجر کی نماز اجالے میں ادا کرتے۔ یہاں یہ احتمال بھی ہو سکتا ہے کہ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کے کہنے کا مطلب یہ ہو کہ اس کا اختتام اجالے میں کرو یعنی ابتداء غلس میں اور اختتام اسفار میں ہو۔

فجر کا مستحب وقت آئمہ کے نزدیک کون سا ہے؟

امام شافعی واحمد اور اسحاق کا مذہب: مذکورہ تمام آئمہ کرام کے نزدیک فجر کی نماز تاریکی میں پڑھنا مستحب ہے۔

دلیل: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز دوپہر کے وقت پڑھاتے، عصر کی نماز جب سورج روشن ہوتا تب پڑھاتے، مغرب جب سورج غروب ہو جاتا اور عشاء کی نماز میں اگر لوگ زیادہ ہوتے تو جلدی فرماتے اور اگر کم ہوتے تو مؤخر کر دیتے اور صبح کی

نماز اندھیرے میں پڑھاتے۔

امام ابوحنیفہ کا مذہب: آپ کے نزدیک فجر کی نماز اجالے میں پڑھنا مستحب ہے۔

دلیل: حضرت ہریر بن عبدالرحمٰن بیان فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے دادا رافع بن خدیج کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال سے فرمایا صبح کی نماز کو خوب روشن کرو یہاں تک کہ لوگ روشنی کے سبب تیر پھینکنے کی جگہ کو دیکھ لیں۔

السوال السادس:

عن ابی هريرة رضى الله عنه قال رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم يرفع يديه فى الصلوٰة حذو منكبيه حين يفتتح الصلوٰة و حين يركع و حين يسجد.

(الف) رفع اليدين سوى التكبيرة الاولى سنة ام لا؟

(ب) اذكر اختلاف ائمة الحنفية و الشافعية و غير المقلدين عن الرفع و عدمه بالدلائل و رجح بالدلائل موقفك؟

جوابات: (الف) تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین کا حکم: مالکیہ کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین مستحب اور اس کے علاوہ مکروہ ہے۔

شافعیہ و حنابلہ کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین سنت ہے۔

احناف کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین غیر مشروع ہے۔

(ب) مسئلہ رفع یدین میں اختلاف:

حنفیہ کا مذہب: حنفیہ کے نزدیک صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کیا جائے گا' اس کے علاوہ رفع یدین نہیں کیا جائے گا۔

دلیل ۱: حضرت جابر بن عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا: کیا وجہ ہے کہ میں تم کو سرکش گھوڑوں کی دموں کی طرح نماز میں رفع یدین کرتے دیکھتا ہوں' نماز سکون کے ساتھ پڑھا کرو۔ پھر دوبارہ تشریف لائے تو ہمیں متفرق حلقوں میں بیٹھے ہوئے دیکھا' تو فرمایا: تم متفرق طور پر کیوں بیٹھتے ہو' تم اس طرح صف کیوں نہیں بناتے جس طرح فرشتے اپنے رب کے سامنے صف بناتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: وہ پہلے پہلی صف پوری کرتے ہیں۔

دلیل ۲: حضرت عاصم بن کلیب اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نماز کی پہلی تکبیر میں رفع یدین کرتے تھے۔ پھر اس کے بعد رفع یدین نہ کرتے۔

شافعیہ کا مذہب: شوافع کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت بھی رفع یدین کیا جائے گا اور سجدوں کے درمیان نہیں۔

دلیل: آپ کی دلیل حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے اور جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے اور سجدے میں ایسا نہیں فرماتے۔ یہ نماز آپ کی ہمیشہ رہی حتیٰ کہ اللہ سے جا ملے۔ اسے امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔

غیر مقلدین کا مذہب: غیر مقلدین کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ رکوع اور سجود میں بھی رفع یدین کیا جائے گا۔

دلیل: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم رکوع کے لیے تکبیر کے وقت رفع یدین کرتے اور سجدے کی تکبیر کے وقت بھی۔

مذہب احناف کو ترجیح: احناف کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ دیگر مواقع پر رفع یدین کا حکم منسوخ ہے یعنی اوائل اسلام میں رفع یدین کرنے کا حکم دیا گیا تھا لیکن بعد میں منسوخ کر دیا گیا۔ اس حوالے سے صحابہ کے آثار اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بکثرت احادیث وارد ہیں۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود اور ان کے تابعین رفع یدین نہ کرنے کے حق میں ہیں۔ امام ابو حنیفہ کے علم فقہ اور ان کی اسناد کا نقطہ منتہیٰ حضرت ابن مسعود اور ان کی جماعت سے متعلق ہے اور پھر یہ کہ ان کا رجحان عدم رفع یدین کی طرف ہے، اس لیے کہ آپ ترک رفع یدین کے مسلک کو اختیار کرتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ جب قولی اور فعلی حدیث میں تقابل آ جائے تو فعلی کو چھوڑ دیا جائے گا اور قولی پر عمل کیا جائے گا۔ ترک رفع یدین کی قولی حدیث مذہب احناف کی دلیل ہے۔ جس میں واضح طور پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رفع یدین کرنے سے منع فرمایا ہے۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة العالمیہ (ایم۔اے عربی واسلامیات—سال دوم) برائے طلباء

الموافق سنة 1444ھ 2024ء

الوقت المحدد ثلاث ساعات — الورقة الخامسة: سنن النسائی و ابن ماجة — مجموع الارقام ۱۰۰

الملاحظة: اجب عن سؤالین من کل قسم.

القسم الاوّل ...... سنن النسائی

السوال الاول :۔ عن عبد الله بن مغفل ان رسول الله صلی الله علیه وسلم امر بقتل الکلاب و رخص فی کلب الصید و الغنم و قال اذا ولغ الکلب فی الاناء فاغسلوه سبع مرات و عفروه الثامنة بالتراب.

(الف) شکل الحدیث و ترجمه الی الاردیة؟

(ب) بین اختلاف الائمة فی تطهیر الاناء اذا ولغ الکلب فیه بالدلائل؟

(ج) ما هو الحکم لسؤر الهرة و سؤر الحائض و سؤر الکافر؟

السوال الثانی :۔ عن عبد الله بن زید قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما بین بیتی و منبری روضة من ریاض الجنة.

(الف) بین الدلائل ان هذا القطعة المبارکة هل هی روضة من ریاض الجنة حقیقة ام المراد تمثیل؟ فما التحقیق عند محققی اهل السنة؟

(ب) هل البیت و المنبر الشریفان خارجان من حدود الروضة کما یوهم من ظاهر العبارة ام داخلان فیها فعلیك ان تبین مؤقفك بالدلیل؟

السوال الثالث:۔ عن ابی هریرة رضی الله عنه قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول اللّٰهم انی اعوذبك من الجوع فانه بئس الضجیع و اعوذبك من الخیانة فانه بئست البطانة.

(الف) ترجم الحدیث و اشرح معنی الضجیع و البطانة؟

(ب) لم النبی صلی الله علیه وسلم استعاذ من الجوع؟ و هو محبوب عند عباد الله الصالحین.

(ج) کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یتعوذ من عین الجان و عین

الاتی "ما المراد بهذا الحديث؟ بين مفصلًا؟

القسم الثاني ...... سنن ابن ماجه

السوال الرابع :۔ عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل عمل ابن آدم يضاعف الحسنة بعشر امثالها الى سبع مائة ضعف الى ماشاء الله و يقول الله الا الصوم فانه لی و انا اجزی به .

(الف) بين معنى الصوم لغة و شرعا و المناسبة بينهما؟

(ب) ان الحديث المذكور يخالف الظاهر لان جميع العبادات الله تعالىٰ و الله تعالىٰ يجزی جزاء جميع العبادات فعليك ان تبين وجوها اربعة للعلماء الكرام فی معنى هذا الحديث؟

(ج) ما معنى "صيام داؤد" بين فی ضوء الحديث؟

السوال الخامس :۔ عن ابن عباس رفعه الى النبی صلى الله عليه وسلم قال من قتل فی عمية او عصبية بحجر او سوط او عصی فعليه عقل الخطاء و من قتل عمدا فهو قود و من حال بينه و بينه فعليه لعنة الله و الملائكة و الناس اجمعين لا يقبل منه صرف ولا عدل .

(الف) شكل الحديث و ترجمه الى الاردية؟

(ب) اشرح الحديث شرحاً مفصلاً مع بيان الالفاظ المخطوط عليها خاصة؟

السوال السادس :۔ عن ابی سعيد الخدری ان رسول الله صلى الله عليه وسلم مر بغلام يسلخ شاة فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم تنح حتى اريك فادخل رسول الله صلى الله عليه وسلم يده بين الجلد و اللحم فدحس بها حتى توارت الى الابط و قال يا غلام هكذا فاسلخ ثم مضى و صلى للناس و لم يتوضأ .

(الف) شكل الحديث و ترجمه الى الاردية؟

(ب) اشرح الحديث شرحًا مفصلًا لا تبقى مسئلة منه بغير شرح؟

☆ ☆ ☆

درجہ عالمیہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

الورقة الخامسة: سنن النسائي و ابن ماجة

القسم الاول ...... سنن النسائي

السوال الاول:-

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُغَفَّلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ وَرَخَّصَ فِيْ كَلْبِ الصَّيْدِ وَالْغَنَمِ وَ قَالَ اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِي الْاِنَاءِ فَاغْسِلُوْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ وَ عَفِّرُوْهُ الثَّامِنَةَ بِالتُّرَابِ .

(الف) شكل الحديث و ترجمه الى الاردية؟

(ب) بين اختلاف الائمة في تطهير الاناء اذا ولغ الكلب فيه بالدلائل؟

(ج) ما هو الحكم لسؤر الهرة و سؤر الحائض و سؤر الكافر؟

جوابات: (الف) شکل الحدیث: تشکیل حدیث سوالیہ حصہ میں کر دی گئی ہے۔

ترجمۃ الحدیث: حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں کو مارنے کا حکم دیا۔ شکاری کتوں نیز بکریوں کی رکھوالی کرنے والے کتوں کی اجازت دی ہے۔ آپ نے فرمایا: جب کتا برتن میں منہ ڈال دے تو اسے سات مرتبہ دھو لو اور آٹھویں مرتبہ مٹی سے مانجھو۔

(ب) برتن کو پاک کرنے میں اختلاف آئمہ: اگر کتا برتن میں منہ ڈال دے تو اس برتن کو صاف پاک کرنے میں اختلاف آئمہ بالدلائل درج ذیل ہے:

جمہور فقہاء امام شافعی امام مالک اور امام احمد رحمہم اللہ تعالیٰ کا موقف: ان تمام آئمہ کے نزدیک جس برتن میں کتا منہ ڈال دیے وہ نجس ہو جاتا ہے اور اس کو سات مرتبہ دھونا واجب ہے۔

دلیل: ان کی دلیل یہ ہے:

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کتا تمہارے کسی برتن میں منہ ڈال دے تو اسے پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اسے سات مرتبہ دھوؤ۔

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف: امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک کتے کے جوٹھے برتن کو سات مرتبہ دھونا متعین نہیں ہے بلکہ برتن صاف کرنا ضروری ہے۔ لہٰذا آپ کے نزدیک برتن کو تین مرتبہ دھونا کافی ہے۔

دلیل: آپ کی دلیل یہ ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کتے کے جھوٹے برتن کو سات مرتبہ

دھونے کی روایت بیان کی ہے لیکن پھر آپ نے ہی کتے کے جھوٹے برتن کو تین مرتبہ دھونے کی قولاً اور فعلاً روایت بھی بیان کی ہے مرفوعاً اور موقوفاً بھی۔

۱۔ امام دار قطنی نے صحیح سند کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا: جب کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو اس برتن کی چیز گرادو پھر اس برتن کو تین مرتبہ دھوؤ۔

۲۔ امام ابن عدی نے کامل میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مذکورہ الفاظ میں روایت کیا ہے۔

(ج) جھوٹوں کا حکم:

سؤر الھرۃ: سور الھرۃ پاک ہے مگر مکروہ تنزیہی ہے۔ اگر بلی کے جھوٹے پانی کے علاوہ دوسرا پانی نہ ملے تو اس سے وضو کرنا جائز ہے تیمم کرنے کی ضرورت نہیں۔ اگر بلی کے جھوٹے پانی کے علاوہ اور پانی موجود ہو تو پھر اس جھوٹے پانی سے وضو کرنے سے وضو تو ہو جائے گا مگر مکروہ ہوگا۔

سؤر الحائض: حیض والی عورت کا جھوٹا پاک ہوتا ہے۔ اگر اس کا لعاب یا پس خوردہ پانی وغیرہ میں گر جائے تو وہ پانی کی صحت اور طہارت پر کوئی آنچ نہ آئے گی اور اس سے وضو کرنا درست ہوگا۔

سؤر الکافر:

کافر کا جھوٹا بھی پاک ہوتا ہے۔ لہٰذا اس کے جھوٹے پانی سے وضو کرنے سے وضو ہو جائے گا۔

السوال الثانی:۔

عن عبد اللہ بن زید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما بین بیتی و منبری روضۃ من ریاض الجنۃ۔

(الف) بین الدلائل ان ھزا القطعۃ المبارکۃ ھل ھی روضۃ من ریاض الجنۃ حقیقۃ ام المراد تمثیل؟ فما التحقیق عند محققی اھل السنۃ؟

(ب) ھل البیت و المنبر الشریفان خارجان من حدود الروضۃ کما یوھم من ظاھر العبارۃ ام داخلان فیھا فعلیك ان تبین مؤقفك بالدلیل؟

جوابات: (الف) ریاض الجنۃ کا جنت کی کیاری ہونا: ایک قول یہ ہے کہ ریاض الجنۃ جنت ہی سے آیا ہوا حصہ ہے۔ دوسرے قول کے مطابق اتنی جگہ اٹھ کر جنت کی ایک کیاری بن جائے گی۔ ایک اور قول کے مطابق جو شخص یہاں ذکر الٰہی میں مشغول رہے گا جنت میں داخل ہوگا اور جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری اسے دی جائے گی۔ ایک اور قول کے مطابق کہ یہاں رحمت وسعادت ویسے ہی نازل ہوتی ہے جس طرح روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ہوتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم جنت کے باغوں میں سے گزرو تو ان میں چر لیا کرو۔ صحابہ نے سوال کیا: یا رسول اللہ! جنت کے باغات کیا

ہیں؟ فرمایا: ذکر کے حلقے یعنی جس جگہ کوئی نماز پڑھتا ہے یا کوئی ذکر کرنے والا اللہ کا ذکر کرتا ہے یا کوئی شخص اللہ کی اطاعت کرتا ہو تو یہ چیزیں اسے جنت کی طرف لے جائیں گی۔

علماء اہلسنت کے نزدیک یہ جگہ پہلے جنت کی کیاری تھی' وہاں سے لائی گئی جس طرح اللہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جنت کا سنگ اسود دیا اسی طرح اپنے حبیب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ جنت کا باغ عطا فرمایا۔ جو یہاں آ گیا گویا جنت میں داخل ہو گیا یا یہ جگہ جنت کے مقابل ہے۔ اس کی جگہ کا جنت ہونا مجازاً ہے' کیونکہ اگر حقیقتاً اگر یہ جنت ہوتی تو یہاں بھوک و پیاس نہ لگتی' کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

ان لك الا تجوع فيها ولا تعرى (طہ:۱۱۸)

(ب) گھر اور منبر شریفین کا روضہ کی حدود میں داخل یا خارج ہونا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور آپ کے گھروں میں سے ایک گھر ہے' کیونکہ آپ کا وہ گھر جس میں آپ کی قبر انور ہے' وہ آپ کے حجروں میں سے ایک حجرہ ہے اور آپ کا گھر' حجرہ شریف اور قبر انور ایک ہی جگہ ہے۔ منبر اور محراب النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالکل متصل ہیں اور یہ روضہ کی حدود میں داخل ہیں' کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

"میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اور میرا منبر میرے حوض پر ہے"۔

السوال الثالث:۔

عن ابی هريرة رضی الله عنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اللّٰهم اني اعوذبك من الجوع فانه بئس الضجيع و اعوذبك من الخيانة فانه بئست البطانة.

(الف) ترجم الحديث و اشرح معنى الضجيع والبطانة؟

(ب) لم النبی صلی الله عليه وسلم استعاذ من الجوع؟ و هو محبوب عند عباد الله الصالحين؟

(ج) كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتعوذ من عين الجان و عين الانس "ما المراد بهذالحديث؟ بين مفصلا؟

جوابات: (الف) ترجمۃ الحدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے: اے اللہ! میں بھوک سے تیری پناہ مانگتا ہوں' کیونکہ وہ برا ساتھی ہے اور میں خیانت سے تیری پناہ مانگتا ہوں' کیونکہ وہ بری خصلت ہے۔

ضجیع کا معنی: ضجیع کا لفظی مطلب ہے ساتھ لیٹنے والا' بھوک ہمیشہ انسان کے ساتھ ہی رہتی ہے' بھوک کی حالت نہ تو توجہ سے عبادت ہو سکتی ہے اور نہ ہی آرام سے نیند آتی ہے۔

بطانہ کا معنی: بطانہ اس لباس کو کہا جاتا ہے جو جسم سے متصل پہنا جاتا ہے اور دوسرے کپڑے اسے چھپا لیتے ہیں۔ اسی طرح خیانت ایک پوشیدہ عیب/ برائی ہے جو ظاہر ہونے پر انسان کو بدنام کر دیتی ہے۔

(ب) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھوک سے پناہ مانگنے کا سبب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھوک سے اس لیے پناہ مانگی' کیونکہ اس سے طاقتور بدن اور حواس میں کمزوری آ جاتی ہے۔ جس کا اثر عبادت میں کمی' خشوع وخضوع اور حضوری میں خلل کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ یہ بدترین بھوک ہوتی ہے' لیکن وہ بھوک بدترین نہیں ہوتی جس کا مقصد ریاضت ومجاہدہ ہو اور اعتدال اور اپنی حالت کے موافق ہو' کیونکہ یہ باطن کی صفائی' دل کی نورانیت اور بدن کی صحت وسلامتی کا سبب ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے اللہ کے نیک بندوں کے نزدیک بھوک محبوب ہوتی ہے۔

(ج) جنوں اور انسانوں کی نظر بد سے پناہ مانگنا: نظر بد برحق ہے اور ضروری نہیں کہ نظر صرف انسان کی ہی لگتی ہے بلکہ جنات کی بھی نظر بد لگتی ہے' کیونکہ جن انسانوں کو ایذاء دینے اور تکلیف پہنچانے کے لیے ان پر غلبہ وتسلط حاصل کر سکتے ہیں۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہر وقت اللہ رب العزت سے خبیث وشریر جنوں کے شر سے محفوظ رہنے کی دعا کرتے رہیں اور اس کی پناہ مانگتے رہیں۔ نظر بد کا اثر صرف انسانوں پر ہی نہیں ہوتا بلکہ جمادات پر بھی ہوتا ہے۔ اس کا اثر دواؤں وغیرہ سے ختم نہیں ہوتا بلکہ معوذات کی ضرورت پڑتی ہے۔ نظر بد چاہے جنوں کو ہو یا انسانوں کی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے تھے۔

القسم الثانی ...... سنن ابن ماجه

السوال الرابع:۔

عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل عمل ابن آدم يضاعف الحسنة بعشر امثالها الى سبع مائة ضعف الى ماشاء الله و يقول الله الا الصوم فانه لی و انا اجزى به .

(الف) بين معنى الصوم لغة و شرعا و المناسبة بينهما؟

(ب) ان الحديث المذكور يخالف الظاهر لان جميع العبادات لله تعالى والله تعالى يجزى جزاء جميع العبادات فعليك ان تبين و جوها اربعة للعلماء الكرام فی معنى هذا الحديث؟

(ج) ما معنى "صيام داؤد" بين فی ضوء الحديث؟

جوابات: (الف) ترجمۃ الحدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابن آدم کا ہر عمل دس گنا سے سات سو گنا تک بڑھا دیا جاتا ہے سوائے روزے کے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ میرے لیے ہے اور میں ہی اس کا اجر دوں گا۔

روزہ کا لغوی معنیٰ و شرعی معنیٰ: روزے کا لغوی معنیٰ ہے "رک جانا اور کسی کام کو ترک کر دینا" شریعت میں روزہ کا معنیٰ ہے طلوع فجر سے غروب آفتاب تک کھانے پینے اور عمل ازدواج سے رکے رہنا۔

دونوں معنوں میں مناسبت: صوم کا لغوی معنیٰ بھی رک جانا ہے اور اگر شرعی لحاظ سے اس کے معنیٰ کو دیکھا تو اس کا مفہوم بھی یہی ہے کہ طلوع فجر سے غروب آفتاب تک امور ثلاثہ سے اپنے آپ کو روکے رکھا جائے۔ لہٰذا لغوی و شرعی اعتبار سے دونوں معنیٰ میں مناسبت پائی جاتی ہے اور وہ ہے رک جانا/ امساک۔

(ب) فرمانِ الٰہی "روزہ میرے لیے ہے" کی چار وجوہات: حالانکہ تمام عبادات اللہ ہی کے لیے ہوتی ہیں اس کے باوجود اللہ نے روزہ کی اضافت اپنی طرف کرتے ہوئے فرمایا: "روزہ میرے لیے ہے" اس خصوصیت کے حوالے سے علماء کرام نے متعدد وجوہات بیان کی ہیں جن میں سے چار یہ ہیں:

پہلی وجہ: روزہ ریاکاری سے پاک ہوتا ہے اس لیے یہ عبادت خاص اللہ تعالیٰ کے لیے ہوتی ہے برعکس باقی عبادتوں کے، کیونکہ نماز، زکوۃ اور حج ادا کرتے ہوئے لوگ ان عبادات کو دیکھ لیتے ہیں لیکن روزہ میں ایسا کوئی عمل نہیں ہوتا کہ جسے ادا کرتے ہوئے لوگوں کو روزے کا علم ہو سکے سوائے روزہ دار کے اور اس کے رب کے۔

دوسری وجہ: باقی تمام عبادات ظاہرہ کو فرشتے لکھ لیتے ہیں لیکن روزے کو نہیں لکھتے۔

تیسری وجہ: روزہ رکھنے کا بندے کو دنیا میں کوئی بدلہ نہیں ملتا۔

چوتھی وجہ: روزہ میں جب بندہ دن کے کچھ حصہ میں اپنی طبعی ضروریات سے مستغنی رہتا ہے تو گویا وہ صفت الٰہی کا مظہر بن جاتا ہے، کیونکہ استغناء صفات الٰہی میں سے ایک صفت ہے۔

(ج) صیام داؤد: صیام داؤد سے مراد یہ ہے کہ حضرت داؤد ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے تھے۔ اس کے حوالے سے دلیل یہ حدیث مبارکہ ہے:

حدیث مبارکہ: حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کے بارے میں خبر دی گئی کہ میں کہتا ہوں کہ میں ساری رات نماز پڑھوں گا اور تاحیات ہر روز روزہ رکھوں گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا واقعی تم نے یہ باتیں کہی ہیں؟ میں نے عرض کیا جی! یا رسول اللہ! تو آپ نے فرمایا: تم یہ نہ کر سکو گے روزہ بھی رکھو اور افطار بھی کرو۔ نیند بھی کرو اور رات کو نماز بھی پڑھو۔ مہینہ میں تین روزے رکھ لیا کرو، کیونکہ اس نیکی کا دس گنا اجر ملتا ہے اور ہمیشہ روزہ رکھنے کے برابر ہے۔ (راوی کہتے ہیں) میں نے عرض کیا: میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں؟ تو آپ

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان کے جدید نصاب کے عین مطابق

برائے طلباء

سوالیہ پرچہ کے ساتھ

نورانی گائیڈ

حل شدہ پرچہ جات

درجہ عالمیہ

2

کتب کا مرکز
تنظیم المدارس اہل سنت کے نصاب کے مطابق طلباء و طالبات کا مکمل کورس
اداره ضیاء السنہ
0306-6521197
آن لائن ڈیلیوری کی سہولت موجود ہے

مفتی محمد احمد نورانی دامت برکاتہم العالیہ

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظيم المدارس (اهل السنة) باكستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العالمية (ایم-اے-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

الوقت المحدد	الورقة الاولى: لصحيح البخارى	مجموع الارقام
ثلاث ساعات		۱۰۰

الملاحظة: اجب عن ثلثة فقط .

السوال الاول:۔عن سلمة هو ابن الاكوع قال سمعت النبى صلى الله عليه وسلم يقول من يقل على مالم اقل فليتبوا مقعده من النار .

(الف) عرف الحديث الموضوع و بين حكم روايته و كيف يعرف الحديث الموضوع؟

(ب) ما معنى الحديث الثلاثى؟ و كم حديثا ثلاثيا فى الصحيح البخارى؟

(ج) ما حكم الاشياء المنسوبة الى النبى صلى الله عليه وسلم مثل الشعر و النعلين و غيرهما التى كثرت فى هذا العصر قرية قرية؟ هل هذا كذب على النبى صلى الله عليه وسلم ام لا؟

السوال الثانى:۔كان عمر يقول للنبى صلى الله عليه وسلم احجب نساء ك فلم يكن رسول الله صلى الله عليه وسلم يفعل فخرجت سودة بنت زمعة زوج النبى صلى الله عليه وسلم ليلة من الليالى عشاء و كانت امرءة طويلة فناداها عمر الاقدعر فناك ياسودة حرصا على ان ينزل الحجاب فانزل الله الحجاب .

(الف) شكل العبارة و ترجم الى الاردية؟

(ب) لم لم يكن رسول الله صلى الله عليه وسلم يفعل هذا؟ولم يطالبه عمر رضى الله عنه؟

(ج) اذكر الحجاب الشرعى مع ضرورته و فوائده؟

السوال الثالث:۔عن انس بن مالك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم غزا خيبر

H_M_Hasnain_Asadi

فصلينا عندها صلوة الغداة بغلس فركب النبی صلی اللہ علیہ وسلم و ركب ابو طلحة و انا رديف ابی طلحة فاجرى نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی زقاق خيبر و ان ركبتی لتمس فخذ نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم حسر الازار عن فخذه حتّٰی انی انظر الى بياض فخذ نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما دخل القرية قال اللہ اكبر خربت خيبر .

(الف) ترجم الحديث المذكور الى الاردية و بين اعراب كلمة "خيبر" المخطوط عليها و علته؟

(ب) على ما استدل البخارى بهذا الحديث و ما هو جوابكم؟

(ج) بين حكم الفخذ أهو من العورة ام لا عند الائمة الاربعة؟

السوال الرابع :۔عن ابن بريدة قال حدثنی عمران بن حصين و كان مبسورا قال سالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن صلوة الرجل و هو قاعد فقال من صلى قائما فهو افضل و من صلى قاعدا فله نصف اجر القائم ومن صلى نائما فله نصف اجر القاعد .

(الف) ترجم الى الاردية .

(ب) هل رخص احد من اهل العلم فی صلوة التطوع نائما؟

(ج) بين اسلوب الصحيح للبخارى بالاختصار؟

☆ ☆ ☆

درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

الورقة الاولى: لصحيح البخارى

السوال الاول:۔عن سلمة هو ابن الاكوع قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم يقول من يقل على مالم اقل فليتبوأ مقعده من النار؟

(الف) عرف الحديث الموضوع و بين حكم روايته و كيف يعرف الحديث الموضوع؟

(حدیث موضوع کی تعریف اور اس روایت کا حکم بیان کریں نیز حدیث موضوع کی پہچان کیسے

ہوتی ہے؟)

جواب: حدیث موضوع کا بیان:

تعریف: وہ بات جو من گھڑت ہو اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کی گئی ہو، اسے حدیث موضوع کہتے ہیں۔

حکم: موضوع حدیث، ضعیف احادیث میں سے بدترین اور قبیح ہے، اسے بیان کرنا حرام ہے، مگر یہ کہ بتا کر بیان کی جائے تو جائز ہے۔

شناخت کے طریقے: حدیث موضوع کی شناخت یا تو واضع کے اعتراف سے ہوتی ہے یا راوی کے حال میں قرینہ سے ہوتی ہے یا اس کی روایت الفاظ سے ہوتی ہے، یا وہ اس شخص سے روایت کرتا ہے جس کو اس نے نہیں پایا۔ ماہرین حدیث قرائن سے حدیث موضوع کو پہچان لیتے ہیں۔ (نعمۃ الباری شرح صحیح بخاری ج ۱، ص ۳۲۲)

(ب) ما معنى الحديث الثلاثی؟ و كم حديثا ثلاثيا فی الصحيح البخارى؟

(حدیث ثلاثی سے کیا مراد ہے۔؟ صحیح بخاری میں کتنی ثلاثی احادیث ہیں؟)

جواب: حدیث ثلاثی: وہ حدیث ہے جس کی سند میں امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان تین راوی ہوں۔

تعداد ثلاثیات: صحیح بخاری میں ثلاثیات احادیث کی تعداد بائیس (22) ہے۔ (فتح الباری شرح صحیح بخاری، ج ۱)

(ج) ما حكم الاشياء المنسوبة الى النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثل الشعر و النعلين و غيرهما التی كثرت فی هذا العصر قرية قرية؟ هل هذا كذب على النبی صلی اللہ علیہ وسلم ام لا؟

(ان اشیاء کا کیا حکم ہے جو اس زمانہ میں بستی بستی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کی جاتی ہیں مثلاً موئے مبارک اور نعلین شریف وغیرھما؟ کیا یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ باندھنا ہے یا نہیں؟)

جواب: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کی جانے والی اشیاء کا حکم: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کسی چیز کو بغیر معتبر ثبوت کے منسوب کرنا، آپ پر جھوٹ کے زمرے میں آتا ہے اور

H_M_Hasnain_Asadi

ایسا کرنا حرام ہے۔ آج کل جو اشیاء بستی بستی مشہور ہوگئی ہیں جیسا کہ موئے مبارک یا نعلین مبارک وغیرہما، تو ان کی کوئی معتبر سند موجود نہیں۔ اگر ان چیزوں کو دکھا کر لوگوں سے پیسے لیے جائیں، یا ان سے برکت حاصل کی جائے، یا ان کے ساتھ غلو کیا جائے، تو یہ بدعت وگمراہی ہے۔ لہٰذا ان چیزوں سے دور رہنا بہتر ہے۔

علامہ ابن تیمیہ لکھتے ہیں:

''جس چیز کی نسبت، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ثابت نہ ہو، اس کو ان کی طرف منسوب کرنا جھوٹ ہے اور یہ جھوٹ دینی گمراہی کی طرف لے جاتا ہے۔''

(مجموع الفتاویٰ، جلد ۲۷، ص ۹۹)

السوال الثانی: ـ كَانَ عُمَرُ يَقُوْلُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُحْجُبْ نِسَاءَ كَ فَلَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ فَخَرَجَتْ سَوْدَةُ بِنْتُ زَمْعَةَ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً مِّنَ اللَّيَالِيْ عِشَاءً وَّ كَانَتْ امْرَءَةً طَوِيْلَةً فَنَادَاهَا عُمَرُ اَلَا قَدْ عَرَفْنَاكِ يَا سَوْدَةُ حِرْصًا عَلٰى اَنْ يُّنْزَلَ الْحِجَابُ فَاَنْزَلَ اللهُ الْحِجَابَ ۔

(الف) شكل العبارة و ترجم الى الاردية؟

جواب: اعراب: سوالیہ حصہ میں لگا دیے ہیں۔

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کرتے کہ اپنی ازواج کو پردے کا حکم دیں لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا نہ کرتے تھے۔ پھر ایک رات حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا جو کہ زوجہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، قضائے حاجت کے لیے باہر نکلیں، وہ طویل قامت تھیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں دیکھ لیا اور آواز دی: اے سودہ! ہم نے تمہیں پہچان لیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ حرص تھی کہ پردے کا حکم نازل ہو، پھر اللہ تعالیٰ نے پردے کا حکم نازل فرما دیا۔

(ب) لم لم يكن رسول الله صلى الله عليه وسلم يفعل هذا؟ ولم يطالبه عمر رضى الله عنه؟

جواب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسا نہ کرنے کا سبب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر کام یا حکم وحی کے تابع ہوتا تھا، آپ اپنی ذاتی رائے سے کچھ نہ فرماتے۔ لہٰذا جب تک پردے سے متعلق آپ پر کوئی وحی نازل نہ ہوئی، آپ نے پردے کا حکم نہ دیا۔ لہٰذا آپ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بات

سنتے لیکن اس حوالے سے حکم الٰہی کے منتظر تھے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اصرار کرنا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس بات پر اصرار اس لیے کرتے تھے کہ آپ کی ازواج مطہرات لوگوں کی بری نگاہوں سے محفوظ رہیں اور آپ یہ چاہتے تھے کہ عورت جب باپردہ ہو کر گھر سے نکلے تو اس کی پہچان لیا جائے کہ باحیا عورت ہے اور کوئی اسے ایذا نہ دے نیز پردہ کے ذریعے عورت کا مقام باوقار ہو۔

(ج) اذكر الحجاب الشرعي مع ضرورته و قيوده؟

جواب: شرعی حجاب: عورت کا اپنے جسم اور زیب وزینت کو اس طرح چھپانا کہ اجنبی مردوں کی نگاہ نہ پڑے۔

ضرورت: حجاب کی ضرورت کے حوالے سے چند نکات یہ ہیں:

۱- حجاب سے عورت کی عزت وعصمت محفوظ رہتی ہے۔

۲- حجاب معاشرے سے فحاشی اور بدنگاہی وغیرہ روکتا ہے۔

۳- حجاب عورت پر فرض ہے اور یہ اللہ کے حکم کی اطاعت ہے۔

قیود: حجاب کرتے ہوئے درج ذیل باتوں کو مدنظر رکھنا چاہیے:

۱- حجاب کرتے ہوئے پورے جسم کو ڈھانپا جائے۔

۲- باریک اور چست لباس زیب تن نہ کیا جائے۔

۳- زیب وزینت کو غیر مردوں پر ظاہر نہ کیا جائے۔

۴- اجنبی مردوں سے نرم لہجے میں بات نہ کی جائے۔

۵- اس سے صرف اللہ کی رضا مقصود ہو۔

السوال الثالث: ـ عن انس بن مالك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم غزا خيبر فصلينا عندها صلوة الغداة بغلس فركب النبى صلى الله عليه وسلم و ركب ابو طلحة و انا رديف ابى طلحة فاجرى نبى الله صلى الله عليه وسلم فى زقاق خيبر و ان ركبتى لتمس فخذ نبى الله صلى الله عليه وسلم ثم حسر الازار عن فخذه حتى انى انظر الى بياض فخذ نبى الله صلى الله عليه وسلم فلما دخل القرية قال الله اكبر خربت خيبر .

H_M_Hasnain_Asadi

(الف) ترجم الحديث المذكور الى الاردية و بين اعراب كلمة "خيبر" المخطوط عليها و علته؟

جواب: حدیث کا ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر میں جہاد کیا، ہم نے خیبر کے پاس منہ اندھیر نماز صبح پڑھی پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سوار ہوئے اور میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہا کے پیچھے بیٹھا تھا۔ پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی گلیوں میں گھوڑے کو دوڑایا اور بیشک میرا گھٹنا نبی اکرم کی ران کو چھو رہا تھا۔ پھر آپ نے اپنی ران سے تہبند ہٹایا حتیٰ کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ران کی سفیدی کو دیکھ رہا تھا۔ پس جب آپ بستی میں داخل ہوئے تو آپ نے فرمایا: "اللہ اکبر! خیبر ویران ہوگیا۔"

"خیبر" لفظ کا اعراب اور اس کی علت: لفظ "خیبر" منصوب ہے اور اس کا اعراب مفعول فیہ ہے یعنی ظرف مکان منصوب اور اس اعراب کی علت (وجہ) یہ ہے کہ خیبر مفعول فیہ ظرف مکان ہے یعنی وہ جگہ جہاں غزوہ ہوا اور چونکہ یہ ظرف غیر مصرح بہ ہے اس لیے منصوب ہے۔

(ب) على ما استدل البخارى بهذا الحديث و ما هو جوابكم؟

جواب: استدل البخارى بهذا الحديث: اس حدیث مبارکہ میں امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے جس چیز پر استدلال کیا ہے وہ نماز فجر کا منہ اندھیرے پڑھنا۔ یہ روایت امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے مؤقف کی دلیل ہے کہ آپ کے نزدیک نماز فجر ادا کرنے کا مستحب وقت یہی ہے کہ اسے منہ اندھیرے ادا کیا جائے۔ امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ تعالیٰ کا بھی یہی مؤقف ہے۔

ہمارا جواب: ہمارے نزدیک نماز فجر کو اجالے میں پڑھنا مستحب ہے کہ یہ حدیث فعلی ہے اور نماز فجر کو روشنی میں پڑھنے والی حدیث قولی ہے اور ضابطہ یہ ہے کہ جب فعلی اور قولی حدیث میں تعارض آ جائے تو قولی حدیث راجح ہوتی ہے۔

(ج) بين حكم الفخذ أ هو من العورة ام لا عند الائمة الاربعة؟

جواب: ران کے ستر عورت ہونے کے حوالے سے اختلاف آئمہ: ران ستر عورت میں شامل ہے یا نہیں؟ اس حوالے سے آئمہ کا اختلاف درج ذیل ہے:

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف: امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ران ستر عورت میں

شامل ہے اور اس کا چھپانا فرض ہے اور اگر ران کھلی ہو تو نماز نہ ہوگی۔

امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف: امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ران ستر عورت ہے اور اس کا چھپانا فرض ہے۔

امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف: امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مرد کا ستر ناف سے لے کر گھٹنے تک ہے اس میں ران شامل نہیں۔ لہٰذا مرد کے لیے ران چھپانا فرض نہیں۔

(المدونۃ الکبریٰ ج۱)

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف: امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی ران ستر عورت میں شامل نہیں ہے۔ (المغنی، جلد۱)

السوال الرابع :۔عن ابن بريدة قال حدثنى عمران بن حصين و كان مبسورا قال سالت رسول الله صلى الله عليه وسلم عن صلوة الرجل و هو قاعد فقال من صلى قائما فهو افضل و من صلى قاعدا فله نصف اجر القائم و من صلى نائما فله نصف اجر القاعد .

(الف) ترجم الى الاردية؟

جواب: ترجمہ حدیث: حضرت ابن بریدہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ مجھے عمران بن حصین نے خبر دی ہے کہ وہ بواسیر کے مریض تھے انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی آدمی کے بیٹھ کر نماز پڑھنے کے حوالے سے سوال کیا، تو آپ نے فرمایا: افضل یہی ہے کہ کھڑے ہو کر پڑھے، کیونکہ بیٹھ کر پڑھنے والوں کو کھڑے ہو کر پڑھنے والوں سے نصف ثواب ملتا ہے، لیٹے لیٹے پڑھنے والے کو بیٹھ کے پڑھنے والے سے نصف ثواب ملتا ہے۔

(ب) هل رخص احد من اهل العلم فى صلوة التطوع نائما؟

امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی سند کے ساتھ حسن بصری کے اس قول کو روایت کیا ہے: "اگر انسان چاہے تو کھڑے ہو کر نماز نفل پڑھے اگر چاہے تو بیٹھ کر پڑھے اور اگر چاہے تو لیٹ کر پڑھے۔

سفیان ثوری نے کہا ہے کہ نفل نماز بیٹھ کر پڑھنا اگر تندرست آدمی ہو اور اسے کوئی عذر نہ ہو تو اسے کھڑے ہو کر پڑھنے والے کی نسبت آدھا اجر ملے گا۔ اگر عذر ہو تو اسے کھڑے ہو کر پڑھنے والے کے برابر اجر ملے گا۔

H_M_Hasnain_Asadi

(ج) بين اسلوب الصحيح للبخارى بالاختصار؟

جواب: اسلوب: امام بخاری کی تالیف "صحیح" کا مقصد صرف جمع احادیث نہیں ہے بلکہ تراجم ابواب پر استدلال اور ان احادیث سے مسائل کا استنباط بھی ان کا مقصود تھا۔ پس آپ ترجمۃ الباب کے اثبات کے لیے سب سے پہلے قرآن سے آیت پیش کرتے، پھر کبھی تو اس پر اکتفاء کر لیتے ہیں اور بعض اوقات آثار صحابہ، اقوال تابعین ارشادات آئمہ سے اس کی تائید کرتے ہیں۔ اس کے بعد اس باب کے تحت اپنی پوری سند کے ساتھ حدیث روایت کرتے ہیں اور کبھی بغیر سند کے۔

کبھی اس باب کے تحت ایک ہی حدیث روایت کرتے ہیں اور کبھی کثیر احادیث روایت کر دیتے ہیں۔

کبھی ایک حدیث کو متعدد جگہ پر ذکر کرتے ہیں، جس سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ اس حدیث سے متعلقہ تمام مسائل کا استنباط ہو جائے۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوى النهائى تحت اشراف تنظيم المدارس (اهل السنة) باكستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العالمية (ایم-اے-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

الوقت المحدد	الورقة الثانية: لصحيح مسلم	مجموع الارقام
ثلاث ساعات		۱۰۰

الملاحظة: اجب عن ثلاثة فقط.

السوال الاول: عن ابى سعدى الخدرى رضى الله عنه قال اصيب رجل فى عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فى ثمار ابتاعها فكثر دينه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم تصدقوا عليه فتصدق الناس عليه فلم يبلغ ذلك وفاء دينه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لغرمائه خذوا ما وجدتم فليس لكم الاذلك.

(الف) شكل الحديث الشريف و ترجمه الى الاردية؟

(ب) اذا بيعت الثمرة بعد بدوصلاحها و سلمها البائع الى المشترى لم

هلكت الثمرة قبل اوان الجذاذ بآفة سماوية هل تكون من ضمان البائع او المشترى؟ اكتبوا هذه المسئلة فى ضوء اختلاف الفقهاء؟

(ج) وضع الجوائح واجب ام مستحب؟

السوال الثانى: عن الشعبى قال حدثنى النعمان بن بشير رضى الله عنه ان امه بنت رواحة سالت اباه بعض الموهوبة من ماله لا بنها فالتوى بها سنة ثم بداله فقالت لا ارضى حتّى تشهد رسول الله صلى الله عليه وسلم على ما وهبت لا بنى فاخذ بى بيدى و انا يومئذ غلام فاتى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله صلى الله عليه وسلم ان ام هذا بنت رواحة اعجبها ان اشهدك على الذى و هبت لابنها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا بشير الك ولد سوى هذا قال نعم قال اكلهم وهبت له مثل هذا قال لا قال فلا تشهدنى اذا فانى لا اشهد على جور.

(الف) شكل الحديث و ترجمه الى الاردية؟

(ب) التسوية بين الاولاد فى الهبة واجبة ام لا و ان كان جوابك بالنفى فلم قال صلى الله عليه وسلم "لا اشهد على جور"؟

(ج) الرجوع فى الهبة جائز ام لا؟ بينوه بالدليل.

السوال الثالث: قال جابر بن سمرة اتى رسول الله صلى الله عليه وسلم برجل قصير اشعث ذى عضلات عليه ازار و قد زنى فرده مرتين ثم امربه فرجم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم كلما نفرنا غازين فى سبيل الله تخلف احد كم ينب نبيب التيس يمنح احداهن الكثبة ان الله لا يمكنى من احد منهم الا جعلته نكالا.

(الف) انقل الحديث الى اللغة الاردية مع شرح الكلمات المخطوط عليها؟

(ب) هل الرجم حد شرعى ثابت بالقران و الحديث ام هو منسوخ؟

(ج) ما هى شرائط الرجم لو هرب المرجوم عند الرجم؟ هل يترك او يتبع لاقامة الحد؟

السوال الرابع: قال رجل للبراء يا ابا عمارة افررتم يوم حنين؟ قال لا والله مالى رسول الله صلى الله عليه وسلم و لكنه خرج شبان اصحابه و اخفاؤهم حسراء ليس

H_M_Hasnain_Asadi

علیهم سلاح، او کبیر سلاح فلقوا قوما رماة لا یکاد یسقط لهم سهم جمع هوازن و بنی نضر فرشقوهم رشقا ما یکادون یخطئون فاقبلوا هناك الی رسول الله صلی الله علیه وسلم و رسول الله صلی الله علیه وسلم علی بغلته البیضاء و ابو سفیان بن الحارث بن عبد المطلب یقود به فنزل و استنصر وقال: انا النبی لا کذب انا ابن عبد المطلب ثم صفهم .

(الف) ترجم الحدیث الشریف الی اللغة الاردیة وایضا فی ای سنة وقعت غزوة حنین؟

(ب) اکتب المکالمة التی وقعت بین ابی سفیان و بین هرقل ملك الشام؟

☆ ☆ ☆

درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

الورقة الثانیة: لصحیح مسلم

السوال الاول: ۔عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ قَالَ اُصِیْبَ رَجُلٌ فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ ثِمَارٍ ابْتَاعَهَا فَكَثُرَ دَیْنُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقُوْا عَلَیْهِ فَتَصَدَّقَ النَّاسُ عَلَیْهِ فَلَمْ یَبْلُغْ ذٰلِكَ وَفَاءَ دَیْنِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِغُرَمَائِهٖ خُذُوْا مَا وَجَدْتُّمْ فَلَیْسَ لَكُمْ اِلَّا ذٰلِكَ .

(الف) شکل الحدیث الشریف و ترجمه الی الاردیة؟

جواب۔ اعراب۔ اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمہ حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک شخص نے پھل خریدے اور وہ تلف ہو گئے اور اس شخص پر قرض زیادہ ہو گیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اس پر صدقہ کرو۔" لوگوں نے اس پر صدقہ کیا۔ صدقات کی یہ رقم بھی قرض کے برابر نہ ہو گئی تو آپ نے قرض خواہوں سے فرمایا: جو کچھ تم کو ملا ہے وہ لے لو اس کے علاوہ تمہارے لیے جائز نہیں ہے۔

(ب) اذا بیعت الثمرة بعد بدو صلاحها و سلمها البائع الی المشتری ثم هلکت الثمرة قبل اوان الجداذ بآفة سماویة هل تکون من ضمان البائع او

المشتری؟ اکتبوا هذه المسئلة فی ضوء اختلاف الفقهاء؟

جواب: مذکورہ مسئلہ میں اختلاف فقہاء: پھلوں کے پکنے کے ظہور کے بعد ان کی بیع ہو اور اس پر یہ شرط نہ ہو کہ پھل درخت پر رہیں گے اور درختوں سے پھل کاٹنے سے پہلے وہ کسی قدرتی آفت کا شکار ہو کر تلف ہو جائیں، تو اس کا ضمان بائع کے ذمہ ہوگا، یا مشتری کے ذمہ؟ اس میں اختلاف آئمہ درج ذیل ہے:

۱- امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہما اللہ تعالیٰ کے نزدیک پھلوں کا نقصان خریدار کے ذمہ ہے۔

۲- امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اگر تہائی سے کم نقصان ہو تو خریدار کے ذمہ ہے اور اگر تہائی یا اس سے زیادہ نقصان ہو تو بائع کے ذمہ ہے۔

۳- علامہ مرادوی نے لکھا ہے نقصان کم ہو زیادہ بائع کے ذمہ ہے اور غیر مقلدین کا بھی یہی موقف ہے۔

(ج) وضع الجوائح واجب ام مستحب؟

جواب: ضروری چیزوں کا رکھنا واجب ہے یا مستحب؟: ضروری چیزوں کا مثلاً کھانا پینا، لباس اور رہائش وغیرہ کا رکھنا مستحب ہے شرعاً واجب نہیں۔

السوال الثانی: ۔عَنِ الشَّعْبِیِّ قَالَ حَدَّثَنِی النعمانُ بْنُ بَشِیْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ اُمَّهٗ بِنْتَ رَوَاحَةَ سَاَلَتْ اَبَاهُ بَعْضَ الْمَوْهُوْبَةِ مِنْ مَالِهٖ لِابْنِهَا فَالْتَوٰی بِهَا سَنَةً ثُمَّ بَدَا لَهٗ فَقَالَتْ لَا اَرْضٰی حَتّٰی تُشْهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی مَا وَهَبْتَ لِابْنِیْ فَاَخَذَ اَبِیْ بِیَدِیْ وَاَنَا یَوْمَئِذٍ غُلَامٌ فَاَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اُمَّ هٰذَا بِنْتَ رَوَاحَةَ اَعْجَبَهَا اَنْ اُشْهِدَكَ عَلَی الَّذِیْ وَهَبْتُ لِابْنِهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا بَشِیْرُ اَلَكَ وَلَدٌ سِوٰی هٰذَا قَالَ نَعَمْ قَالَ اَكُلَّهُمْ وَهَبْتَ لَهٗ مِثْلَ هٰذَا قَالَ لَا قَالَ فَلَا تُشْهِدْنِیْ اِذًا فَاِنِّیْ لَا اَشْهَدُ عَلٰی جَوْرٍ .

(الف) شکل الحدیث و ترجمه الی الاردیة؟

جواب: اعراب: اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمہ حدیث: شعبی سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ ان کی والدہ بنت رواحہ نے ان کے والد سے، ان کے مال میں سے، اپنے بیٹے کے

لیے کچھ ہبہ کیے جانے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے اسے ایک سال تک التواء میں رکھا پھر انہیں خیال آیا، تو انہوں نے کہا: میں راضی نہیں ہوں گی یہاں تک کہ تم اس پر، جو تم نے میرے بیٹے کے لیے ہبہ کیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گواہ بنالو؟ اس پر میرے والد نے میرا ہاتھ تھاما' میں ان دنوں بچہ تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: یارسول اللہ! اس کی والدہ بنت رواحہ اس بات کو پسند کرتی ہے کہ میں آپ کو اس چیز پر گواہ بناؤں جو میں نے اس کے بیٹے کو دی ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے بشیر! کیا اس کے علاوہ بھی تمہارے بچے ہیں؟ اس نے کہا: جی ہاں! آپ نے پوچھا: کیا ان میں سے ہر ایک کو تم نے اسی طرح ہبہ کیا ہے؟ جواب دیا: نہیں۔ فرمایا: پھر مجھے گواہ نہ بناؤ میں ظلم پر گواہ نہیں بنتا۔

(ب) التسوية بين الاولاد في الهبة واجبة ام لا و ان كان جوابك بالنفي فلم قال صلى الله عليه وسلم "لا اشهد على جور"؟

جواب: ہبہ میں اولاد کے درمیان مساوات کا واجب ہونا یا نا ہونا: امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالی اور جمہور فقہاء کے نزدیک ہبہ میں مساوات واجب نہیں بلکہ مستحب ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ "میں ظلم پر گواہی نہیں دیتا" نفی کی زیادہ تاکید ہے اور حق کے قریب بات ہے۔ ایسا فرمانا ممانعت تنزیہی کے لیے ہے۔

(ج) الرجوع في الهبة جائز امْ لا؟ بينوه بالدليل؟

جواب: رجوع في الهبة: ہبہ میں رجوع کرنا جائز نہیں' سوائے باپ کے کہ وہ اپنی اولاد کو ہبہ کی ہوئی چیزیں واپس لے سکتا ہے۔

دلیل: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنا صدقہ واپس لیتا ہے، اس کی مثال اس کتے کی ہے جو قے کرتا ہے، پھر اسے لوٹاتا ہے اور کھا جاتا ہے۔

السوال الثالث: قال جابر بن سمرة اتى رسول الله صلى الله عليه وسلم برجل قصير اشعث ذي عضلات عليه ازار و قد زنى فرده مرتين ثم امر به فرجم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم كلما نفرنا غازين في سبيل الله تخلف احدكم ينب نبيب التيس يمنح احداهن الكثبة ان الله لا يمكني من احد منهم الا جعلته نكالا ۔

(الف) انقل الحديث الى اللغة الاردية مع شرح الكلمات المخطوط عليها؟

جواب: ترجمہ حدیث: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا پراگندہ بالوں اور مضبوط پٹھوں والا' اس کے جسم پر ایک تہبند تھا اور اس نے زنا کا ارتکاب کیا تھا۔ آپ نے اسے دو بار لوٹایا' پھر اسے رجم کرنے کا حکم دیا، تو اسے رجم کر دیا گیا۔ پھر آپ نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: ہم جب راہ الٰہی میں جہاد کے لیے نکلتے ہیں' تو تم لوگوں میں سے کوئی شخص پیچھے رہ جاتا ہے جو بکرے کی طرح آواز نکالتا ہے اور کسی عورت کے لیے دودھ نکالتا ہے۔ اگر وہ مجھے مل جائے، تو میں اسے عبرتناک سزا دوں گا۔

خط کشیدہ الفاظ کی تشریح:

ذی عضلات: جسمانی لحاظ سے مضبوط اور طاقتور ہو تو ذی عضلات کہلاتا ہے

ینب نبیب التیس: نر بکرا جب بکری سے جفتی کرتا ہے، تو اس دوران جو آواز نکالتا ہے، اسے ینب کہتے ہیں، ان الفاظ کا مطلب ہے کہ وہ شخص جب زنا کرتا ہے، تو یہ عمل ترتیب اور حکمت عملی سے کرتا ہے۔

الکثبة: تھوڑا سا دودھ یا کوئی معمولی اور حقیر چیز کو "الکثبة" کہا جاتا ہے۔

(ب) هل الرجم حد شرعي ثابت بالقران و الحديث ام هو منسوخ؟

جواب: رجم کا ثبوت قرآن وحدیث کی روشنی میں یا منسوخ ہونا: رجم کا تعلق قرآن پاک کی ان آیات میں سے ہے جن کا تعلق ناسخ ومنسوخ سے ہے۔ کسی آیت کے ناسخ یا منسوخ ہونے کی دلیل شرعی سے ثابت ہے۔ چنانچہ قرآن مجید میں ہے:

ما ننسخ من اية او ننسها نات بخير منها او مثلها (البقرہ:)

''ہم کسی آیت کو منسوخ کرتے ہیں' تو یا بھلا دیتے ہیں' تو اس سے بہتر یا اس جیسی لاتے ہیں۔''

نسخ کی تین قسمیں ہیں:

۱- تلاوت منسوخ ہو جائے لیکن حکم باقی رہے۔
۲- حکم منسوخ ہو جائے لیکن تلاوت باقی رہے۔
۳- تلاوت اور حکم دونوں منسوخ ہو جائیں۔

تو جہاں تک قرآن میں آیت رجم کا تعلق ہے تو اس کا شمار نسخ کی پہلی قسم میں ہوتا ہے۔ یعنی قرآن پاک کی تلاوت سے تو اسے منسوخ کر دیا گیا مگر اس کا حکم باقی رہا۔

لیکن حدیث مبارکہ میں اس کا حکم ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز رضی اللہ عنہ اور یہود کے ایک مرد و عورت کو رجم کیا تھا۔

(ج) ما ھی شرائط الرجم لو ھرب المرجوم عند الرجم؟ ھل یترک او یتبع لاقامۃ الحد؟

جواب: رجم کی شرائط: رجم کی سات شرطیں ہیں:

۱-عقل ۲-بلوغ ۳-آزادی

۴-مسلمان ہونا ۵-نکاح کا صحیح ہونا

۶-نکاح صحیح کے بعد میاں بیوی کا وطی کرنا

۷-خاوند اور بیوی دونوں میں ان صفات کا پایا جانا

مرجوم کے بھاگ جانے پر حد ختم ہو جائے گی یا قائم رہے گی: اگر مرجوم بھاگ جائے تو اسے چھوڑا نہیں جائے گا بلکہ اسے پکڑا جائے گا اور اس پر حد قائم کی جائے گی۔ اس کی دلیل شرح صحیح مسلم، کتاب الحدود کی حدیث ۴۳۱۴ ہے۔

السوال الرابع: قال رجل للبراء یا ابا عمارۃ افررتم یوم حنین؟ قال لا واللہ ما ولی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و لکنہ خرج شبان اصحابہ و اخفاؤھم حسرا، لیس علیھم سلاح، او کبیر سلاح فلقوا قوما رماۃ لا یکاد یسقط لھم سھم جمع ھوازن و بنی نضر فرشقوھم رشقا ما یکادون یخطئون فاقبلوا ھناک الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی بغلتہ البیضاء و ابو سفیان بن الحارث بن عبد المطلب یقودبہ فنزل و استنصر وقال: انا النبی لا کذب انا ابن عبد المطلب ثم صفھم.

(الف) ترجم الحدیث الشریف الی اللغۃ الاردیۃ وایضا فی ای سنۃ وقعت غزوۃ حنین؟

جواب: ترجمہ حدیث: ایک آدمی نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے کہا: اے ابو عمارہ! کیا آپ

لوگ حنین کے دن بھاگ گئے تھے؟ انہوں نے کہا: نہیں! اللہ کی قسم! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رخ تک نہ پھیرا۔ البتہ آپ کے ساتھیوں میں چند جلد باز نوجوان نہتے نکلے، جن پر اسلحہ یا زیادہ اسلحہ نہیں تھا تو ان کی لڑائی ایک ایسی قوم سے ہوگئی جو ماہر تیر انداز تھی۔ جن کا کوئی تیر زمین پر نہ گرتا۔ وہ بنو ہوازن اور بنو نضر کے گروہ تھے۔ انہوں نے ان پر اس طرح تیر برسائے کہ کوئی نشانہ خطاء نہ جاتا تھا۔ پھر وہ لوگ وہاں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آئے۔ آپ اپنے سفید خچر پر تھے اور حضرت ابوسفیان بن حارث بن عبد المطلب اسے چلا رہے تھے۔ آپ نیچے اترے۔ اللہ سے مدد مانگی اور فرمایا: "میں نبی ہوں یہ جھوٹ نہیں اور میں عبد المطلب کا بیٹا ہوں۔" پھر آپ نے ان کی صف بندی کی۔

غزوۂ حنین کے وقوع پذیر ہونے کا سال: شوال ۸ ہجری کو غزوۂ حنین وقوع پذیر ہوا۔

(ب) اکتب المکالمۃ التی وقعت بین ابی سفیان و بین ھرقل ملک الشام؟

جواب: ابوسفیان اور ہرقل کے درمیان مکالمہ: ہرقل (بادشاہ روم) نے ابوسفیان کو اپنے دربار میں بلایا اور اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق چند سوالات کیے۔ جو درج ذیل ہیں:

ہرقل: اس نے نبوت کا دعویٰ کب کیا؟

ابوسفیان: کچھ سال پہلے۔

ہرقل: کیا اس نے کبھی جھوٹ بولا؟

ابوسفیان: نہیں۔

ہرقل: اس کے پیروکاروں میں امیر و طاقتور لوگ ہیں یا غریب و کمزور؟

ابوسفیان: زیادہ تر غریب و کمزور لوگ ہیں۔

ہرقل: اس کے ماننے والوں کی تعداد میں کمی ہو رہی ہے یا اضافہ؟

ابوسفیان: اضافہ۔

ہرقل: کیا کوئی شخص اس کا دین قبول کرنے کے بعد مرتد ہوا ہے؟

ابوسفیان: نہیں۔

ہرقل: کیا اس نے کبھی وعدہ خلافی کی ہے؟

ابوسفیان: نہیں! لیکن اس وقت ہم اس کے ساتھ ایک معاہدے میں ہیں اور نہیں جانتے کہ وہ کیا کرے گا۔

H_M_Hasnain_Asadi

ہرقل: کیا تم لوگوں نے اس سے کبھی جنگ کی؟ اور کیا نتیجہ نکلا؟

ابوسفیان: جی ہاں! کبھی ہم جیتے کبھی وہ۔

ہرقل: وہ تمہیں کس چیز کا حکم دیتا ہے؟

ابوسفیان: ایک اللہ کی عبادت کرو' اس کے ساتھ شریک نہ ٹھہراؤ' نماز پڑھو، سچ بولو، پرہیزگاری اور صلہ رحمی کرنے کا حکم دیتا ہے۔

ہرقل: کیا وہ تم میں عالی نسب ہے؟

ابوسفیان: جی ہاں

ہرقل: کیا اس کے بڑوں میں کوئی بادشاہ ہوا؟

ابوسفیان: نہیں۔

ہرقل: کیا اس نے پہلے کبھی نبوت کا دعویٰ کیا؟

ابوسفیان: نہیں۔

ان سب باتوں کے بعد ہرقل نے کہا کہ اگر تم نے سب سوالوں کے جواب صحیح دیے ہیں' تو وہ نبی ہے اور میں جانتا تھا کہ اس کا ظہور ہونے والا ہے۔ مگر یہ نہیں جانتا تھا کہ وہ تم میں سے ہوگا۔ اگر میں اس کے پاس جا سکتا' تو اس کے پاؤں ضرور دھوتا۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظيم المدارس (اهل السنة) باكستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العالمية (ایم۔اے۔سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

الوقت المحدد	الورقة الثالثة: لجامع الترمذی	مجموع الارقام
ثلاث ساعات		۱۰۰

الملاحظة: اجب عن ثلثة فقط ۔

السوال الاول: ـعن ابن عباس رضی الله عنهما قال جمع رسول الله صلی الله عليه وسلم بين الظهر و العصر و بين المغرب و العشاء بالمدينة من غير خوف ولا مطر

قال فقيل لا بن عباس ما اراد بذلك قال اراد ان لا تحرج امته ۔

(الف) ترجم الحديث الى الاردية بعد تشكيله؟

(ب) ما قال الامام الترمذی فی هذا الحديث؟

(ج) فصل مذاهب الائمة الكرام فی جمع الصلوتين مع دلائلهم ۔

السوال الثانی: ـعن ابی ايوب الانصاری رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم اذا اتيتم الغائط فلا تستقبلوا القبلة بغائط ولا بول ولا تستدبروها و لكن شرقوا اوغربوا قال ابو ايوب فقدمنا الشام فوجدنا مرا حيض قد بنيت مستقبل القبلة فننحرف عنها و نستغفر الله ۔

(الف) ترجم الحديث الى الاردية؟

(ب) اكتب اختلاف الائمة الكرام فی هذه المسئلة من الحديث المبارك؟

(ج) ما المراد بقوله صلی الله عليه وسلم و لكن شرقوا اوغربوا؟

السوال الثالث: ـعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان امراتين اتتا رسول الله صلی الله عليه وسلم وفی ايديهما سواران من ذهب فقال لهما اتؤديان زكوة فقالتا لا فقال لهما رسول الله صلی الله عليه وسلم اتحبان ان يسوركما الله بسوارين من نار قالتا لا قال فاديا زكوته ۔

(الف) شكل هذا الحديث و ترجمه الى الاردية؟

(ب) اذكر نصاب الزكوة الذهب و الفضة والابل و البقر و الغنم؟

(ج) بين مرجع ضمير ابيه و جده بذكر اسمهما ۔

السوال الرابع: ـعن عائشة رضی الله عنها عن النبی صلی الله عليه وسلم قال لا تحرم المصة و المصتان قالت عائشة انزل فی القرآن عشر رضعات معلومات فنسخ من ذلك خمسا وصار الی خمس رضعات معلومات فتوفی رسول الله صلی الله عليه وسلم والامر علی ذلك ۔

(الف) ترجم هذا الحديث؟

(ب) ما المراد بقول ام المؤمنين عائشة رضی الله عنها عند الجمهور؟

H_M_Hasnain_Asadi

(ج) اذكر مزايا الجامع للامام الترمذي رحمه الله باللغة العربية في ثلثة عشر سطرا؟

☆ ☆ ☆

درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

الورقة الثالثة: لجامع الترمذي

السوال الاول: ـ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ جَمَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِالْمَدِيْنَةِ مِنْ غَيْرِ خَوْفٍ وَّلَا مَطَرٍ قَالَ فَقِيْلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ مَا اَرَادَ بِذٰلِكَ قَالَ اَرَادَ اَنْ لَا تُحْرِجَ اُمَّتَهٗ ۔

(الف) ترجم الحديث الى الاردية بعد تشكيله؟

جواب: تشکیل عبارت: سوالیہ حصہ میں کردی گئی ہے۔

ترجمہ حدیث: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا بیان ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ظہر اور نماز عصر کو، نماز مغرب اور نماز عشاء کو کسی خوف اور بارش کے عذر کے بغیر مدینہ طیبہ میں جمع کیا تھا۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا کہ اس کا مقصد کیا تھا؟ تو انہوں نے فرمایا: امت کے لیے آسانی پیدا کرنا تھا۔

(ب) ما قال الامام الترمذي في هذا الحديث؟

جواب: اس حدیث میں امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول: ابن عباس رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث کئی سندوں سے روایت کی گئی ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اس کے خلاف مرفوعاً بھی مروی ہے اور یہ حدیث سخت ضعیف ہے۔ اس لیے اس میں نہ تو تعارض پیدا کرنے کی ضرورت ہے اور نہ ہی اس سے استدلال کرنا جائز ہے۔

(ج) فصل مذاهب الائمة الكرام في جمع الصلوتين مع دلائلهم؟

جواب: جمع صلوٰتین کے بارے میں مذاہب آئمہ: جمع کی دو صورتیں ہیں:

(i) جمع حقیقی: دو نمازوں کو ایک وقت میں ادا کرنا۔

(ii) جمع صوری: ایک نماز کو اس کے آخر وقت میں ادا کرنا، دوسری نماز کو اس کے ابتدائی آغاز میں ادا کرنا۔

دریافت طلب یہ امر ہے کہ دو نمازوں کو ایک وقت میں یعنی جمع حقیقی کی صورت میں ادا کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اس بارے میں فقہاء کا اختلاف ہے:

۱- آئمہ ثلاثہ یعنی امام شافعی، امام مالک اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ تعالیٰ کا موقف ہے کہ دو نمازوں کو جمع کر کے ایک وقت میں ادا کرنا جائز ہے۔

دلیل: انہوں نے زیر بحث حدیث سے استدلال کیا ہے، جس میں جواز جمع صلوٰتین کی تصریح ہے۔

۲- امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف ہے کہ دو نمازوں کو جمع حقیقی کی صورت میں ادا کرنا جائز نہیں ہے۔

دلیل: آپ نے اس ارشاد خداوندی سے استدلال کیا ہے: ان الصلوٰة كانت على المؤمنين كتبا موقوتا ہ (یعنی نماز مومنوں پر اپنے اپنے وقت میں فرض کی گئی ہے)۔

السوال الثاني: ـ عن ابي ايوب الانصاري رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اتيتم الغائط فلا تستقبلوا القبلة بغائط ولا بول ولا تستدبروها و لكن شرقوا او غربوا قال ابو ايوب فقدمنا الشام فوجدنا مراحيض قد بنيت مستقبل القبلة فننحرف عنها و نستغفر الله .

(الف) ترجم الحديث الى الاردية؟

جواب: ترجمہ حدیث: حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے، انہوں نے کہا: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم پاخانہ کرنے کے لیے طہارت خانہ میں جاؤ، تو چھوٹا یا بڑا پیشاب کرتے وقت تم نہ قبلہ کی طرف منہ کرو اور نہ پشت کرو، مگر تم مشرق یا مغرب کی طرف منہ کرو۔ حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم شام آئے تو ہم نے دیکھا کہ وہاں بیت الخلاء قبلہ رخ بنائے گئے ہیں۔ ہم ان میں رخ پھیر کر بیٹھتے تھے اور اللہ سے مغفرت مانگتے تھے۔

(ب) اكتب اختلاف الائمة الكرام في هذه المسئلة من الحديث المبارك؟

جواب: قضاء حاجت کے وقت قبلہ کی طرف منہ یا پشت کرنے میں مذاہب آئمہ: کیا قضاء حاجت کے وقت قبلہ کی طرف منہ یا پشت کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اس بات میں آئمہ فقہ کا اختلاف ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

H_M_Hasnain_Asadi

(الف) آئمہ ثلاثہ یعنی امام شافعی، امام مالک اور امام احمد رحمہم اللہ تعالیٰ کے ہاں جنگل میں بوقت قضائے حاجت قبلہ کی طرف منہ یا پشت کرنا حرام ہے، مگر بیت الخلاء یعنی چار دیواری میں جائز ہے۔

دلیل: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بیت المقدس کی جانب منہ کر کے اور کعبہ کی جانب پشت کر کے قضائے حاجت کرتے ہوئے ملاحظہ کیا ہے۔

(ب) امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا نقطہ نظر یہ ہے کہ جنگل اور چار دیواری میں بوقت قضائے حاجت قبلہ کی طرف منہ اور پشت کرنا حرام ہے۔

دلیل: آپ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول روایت سے استدلال کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارے لیے باپ کی حیثیت رکھتا ہوں، تمہاری تربیت و تعلیم کرتا ہوں، پھر فرمایا: قضائے حاجت کے وقت تم میں سے کوئی شخص قبلہ کی طرف نہ اپنا منہ کرے اور نہ پشت کرے۔

(ج) ما المراد بقوله صلی الله علیه وسلم و لکن شرقوا او غربوا؟

جواب: مذکورہ قول کی وضاحت: یہ قول مدینہ والوں اور ان لوگوں کے بارے میں کہا گیا ہے جن کا قبلہ مدینہ کی سمت میں مکہ مکرمہ اور بیت اللہ سے شمال کی جانب واقع ہے یعنی مدینہ منورہ کے مشرق کی طرف منہ کریں۔

السوال الثالث: عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ امْرَاَتَيْنِ اَتَتَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ اَيْدِيْهِمَا سُوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَقَالَ لَهُمَا اَتُؤَدِّيَانِ زَكٰوتَهٗ فَقَالَتَا لَا فَقَالَ لَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتُحِبَّانِ اَنْ يُسَوِّرَكُمَا اللّٰهُ بِسُوَارَيْنِ مِنْ نَارٍ قَالَتَا لَا قَالَ فَاَدِّيَا زَكٰوتَهٗ۔

(الف) شکل هذا الحديث و ترجمه الی الاردية؟

جواب: تشکیل حدیث: سوالیہ حصہ میں کر دی گئی ہے۔

ترجمہ حدیث: حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ اپنے باپ اور دادا کے حوالے سے روایت کرتے ہیں کہ دو عورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئیں ان کے ہاتھوں میں سونے

کے دو کنگن تھے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: کیا تم دونوں ان کی زکوٰۃ دیتی ہو؟ انہوں نے عرض کی: نہیں، تو رسول اللہ نے فرمایا: کیا تم پسند کرو گی کہ اللہ تم دونوں کو آگ کے دو کنگن پہنائے؟ انہوں نے عرض کی: نہیں۔ تو آپ نے فرمایا: ان کی زکوٰۃ ادا کرو۔

(ب) اذکر نصاب الزکوٰۃ الذهب و الفضة والابل و البقر و الغنم؟

جواب: سونے کا نصاب زکوٰۃ: ساڑھے سات تولے۔

چاندی کا نصاب زکوٰۃ: ساڑھے باون تولے۔

اونٹوں کا نصاب زکوٰۃ: اونٹوں کی تعداد کے حساب سے ان پر نصاب زکوٰۃ کی تفصیل درج ذیل ہے:

۵ سے لے کر ۹ اونٹوں پر ایک بکری واجب ہوگی۔
۱۰ سے لے کر ۱۴ تک..... دو بکریاں
۱۵ سے لے کر ۱۹ تک..... تین بکریاں
۲۰ سے لے کر ۲۴ تک..... چار بکریاں
۲۵ سے لے کر ۳۵ تک..... ایک بنت مخاض
۳۶ سے لے کر ۴۵ تک..... ایک بنت لبون
۴۶ سے لے کر ۶۰ تک..... ایک حقہ
۶۱ سے لے کر ۷۵ تک..... ایک جذعہ
۷۶ سے لے کر ۹۰ تک..... دو بنت لبون
۹۱ سے لے کر ۱۲۰ تک..... دو حقے، واجب ہوں گے۔

پھر جب اونٹ ۱۲۰ سے بڑھ جائیں تو از سر نو فریضہ لوٹایا جائے گا۔

گائیں کا نصاب زکوٰۃ: گائیوں کا نصاب زکوٰۃ درج ذیل ہے:

۳۰ سے ۳۹ تک..... ایک تبیع یا تبیعہ
۴۰ سے ۵۹ تک..... ایک مسن یا مسنہ
۶۰ سے ۶۹ تک..... ایک ایک سال کے دو بچے
۷۰ سے ۷۹ تک..... ایک دو سال کا اور ایک ایک سال کا بچہ

H_M_Hasnain_Asadi

۸۰ سے ۸۹ تک ...... دو دو سال کے دو بچے

۹۰ سے ۹۹ تک ...... ایک، ایک سال کے تین بچے۔

۱۰۰ سے ۱۰۹ تک ...... ایک ایک سال کے دو بچے اور ایک بچہ دو سال کا۔

پھر اسی طریقہ کے مطابق دس گائیوں میں زکوٰۃ کا فرض گائے کے ایک سالہ بچے سے دو سالہ بچے کی طرف تبدیل ہوتا رہے گا۔

بکریوں پر زکوٰۃ کا نصاب: بکریوں کا نصاب زکوٰۃ درج ذیل ہے:

۴۰ سے ۱۲۰ تک ...... ایک بکری

۱۲۱ سے ۲۰۰ تک ...... دو بکریاں

۲۰۱ سے ۳۰۰ تک ...... تین بکریاں

۳۰۱ سے ۴۰۰ تک ...... چار بکریاں

پھر ہر سو بکریوں میں ایک بکری زکوٰۃ واجب ہوتی جائے گی۔

(ج) این مرجع ضمیر ابیہ و جدہ بذکر اسمهما؟

جواب: ضمیر کا مرجع: ابیہ کی ضمیر کا مرجع "عمرو" اور جدہ کی ضمیر کا مرجع "شعیب" ہے۔

السوال الرابع :۔عن عائشة رضی اللہ عنهما عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال لا تحرم المصة و المصتان قالت عائشة انزل فی القرآن عشر رضعات معلومات فنسخ من ذلك خمسا وصار الی خمس رضعات معلومات فتو فی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم والامر علی ذلك .

(الف) ترجم هذا الحديث؟

جواب: ترجمہ حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے روایت کرتی ہیں کہ ایک بار یا دو بار دودھ چوسنے سے حرمت رضاعت ثابت نہیں ہوتی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ پہلے قرآن میں دس مرتبہ دودھ پلانے کا حکم نازل ہوا۔ پھر اسے منسوخ کر دیا گیا اور پانچ مرتبہ دودھ پلانے کا حکم نازل ہوا۔ وصال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک یہی حکم رہا۔

(ب) ما المراد بقول ام المؤمنين عائشة رضی اللہ عنها عند الجمهور؟

جواب: جمہور کے نزدیک حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے قول کی وضاحت: جمہور کے نزدیک

ممکن ہے کہ پردہ نشین ہونے کی وجہ سے آپ کو پانچ مرتبہ کی رضعات کی منسوخی کا علم نہ ہو سکا۔ یہ حکم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال پر ملال تک تو جاری رہا۔ مگر بعد میں منسوخ ہو گیا اور صحابہ کرام جو اس کی تلاوت کرتے تھے ان کو معلوم نہ ہوا ہوگا۔

(ج) اذكر مزايا الجامع للامام الترمذی رحمه الله باللغة العربية فی ثلثة عشر سطرا؟

جواب: مزايا الجامع للامام الترمذی: ههنا مزايا عديدة التی يميزه الجامع للترمذی من غيره، الاوّل: الامام الترمذی قدبين مذاهب اكثر الفقهاء و المسائل الفقهية' الثانی: و بعد روايته الحديث وضع اوصاف الحديث من الحسن و الصحيح و الغريب و غيرها .

الثالث: ثم اشات الی اسانيد متعددة بقوله عن فلان و فلان الرابع: فی آخره كتاب العلل .

الخامس: و بعد رسالة فی الاحاديث التی تشتمل علی شمائل النبی صلی الله عليه وسلم المسماة بشمائل الترمذی .

ولهذه المزايا لا يدمن مطالعة هذا الجامع لكل معلم و متعلم و طالب الحديث .

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظيم المدارس (اهل السنة) باكستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العالمية (ایم-اے سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

الوقت المحدد	الورقة الرابعة:	مجموع الارقام
ثلاث ساعات	سنن ابی داؤد، آثار السنن	۱۰۰

الملاحظة: اجب عن السؤالين من كل قسم .

القسم الاوّل ...... سنن ابی داؤد

H_M_Hasnain_Asadi

السوال الاول :۔(الف) عن ابی سعید رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تسبوا اصحابی فو الذی نفسی بیده لو انفق احدکم مثل احد ذهبا ما بلغ مداحدهم ولا نصیفه .

شکل هذا الحدیث و ترجمه الی الاردیة؟

(ب) ما الحکم لمن سب احد امن اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم؟ و اذکر ایضًا مذهب اهل السنة و الجماعة فی الصحابة الکرام؟

السوال الثانی :۔(الف) عن ابن عمر رضی الله عنهما ان النبی صلی الله علیه وسلم مر علی رجل من الانصار و هو یعظه اخاه فی الحیاء فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم دعه فان الحیاء من الایمان .

ترجم هذا الحدیث الی الاردیة بعد تشکیله؟

(ب) کم قسما للحیاء؟ و ایضا هل الحیاء جزء الایمان ام لا؟ مع اختلاف الزیادة و النقصان فی الایمان؟

السوال الثالث :۔(الف) عن عائشة رضی الله عنها قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تحرم المصة و المصتان، قالت عائشة کان فیما انزل الله من القرآن عشر رضعات یحرمن ثم نسخن بخمس معلومات یحرمن فتو فی النبی صلی الله علیه وسلم و هن مما یقرأ من القرآن .

ترجم الحدیث الی الاردیة؟

(ب) ما المراد بقول عائشة عند الجمهور؟ و اذکر ایضًا اختلاف الائمة الکرام مدة الرضاعة و مقدارها؟

القسم الثانی ...... اثار السنن

السوال الرابع :۔(الف) عن معاذة قالت سالت عائشة فقلت ما بال الحائض تقضی الصوم و لا تقضی الصلاة فقالت احروریة انت قلت لست بحروریة و لکنی اسال قالت یصیبنا ذلک فنؤمر بقضاء الصوم ولا نؤمر بقضاء الصلوٰة .

شکل هذا الحدیث و ترجمه الی الاردیة؟

(ب) اذکر اختلاف الائمة الکرام فی مدة الحیض و الوانه؟

السوال الخامس :۔ (الف) عن علقمة قال قال عبد الله بن مسعود رضی الله عنهما الا اصلی بکم صلوٰة رسول الله صلی الله علیه وسلم فصلی فلم یرفع یدیه الا فی اول مرة .

ترجم الحدیث و بین هل هو موقوف اومر فوع من اقسام الحدیث؟

(ب) اذکر اختلاف الائمة الکرام فی رفع الیدین فی الصلوٰة مفصلًا؟

السوال السادس :۔(الف) عن عبد الله قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی الصلوٰة لو قتها الا بجمع و عرفات . و عن عائشة کان رسول الله صلی الله علیه وسلم فی السفر یؤخر الظهر و یقدم العصر و یؤخر المغرب و یقدم العشاء .

ترجم الحدیثین الی الاردیة؟

(ب) اذکر اختلاف الائمة الکرام فی الجمع بین الصلوٰتین؟

☆ ☆ ☆

درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

الورقة الرابعة: سنن ابی داؤد، آثار السنن

القسم الاوّل ...... سنن ابی داؤد

السوال الاول :۔(الف) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِیْ فَوَ الَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَوْ اَنْفَقَ اَحَدُکُمْ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ اَحَدِهِمْ وَلَا نَصِیْفَهٗ .

شکل هذا الحدیث و ترجمه الی الاردیة؟

جواب: ۱ اعراب: اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیے ہیں۔

ترجمہ حدیث: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے صحابہ کو برا نہ کہو، اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اگر تم میں سے کوئی احد پہاڑ کی مثل بھی سونا خرچ کر دے، تو ان کے ایک مد یا نصف مد کے برابر بھی نہ ہوگا

(ب) ما الحکم لمن سب احد امن اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم؟

H_M_Hasnain_Asadi

و اذکر ایضًا ملھب اھل السنۃ و الجماعۃ فی الصحابۃ الکرام؟

جواب: سب صحابہ کرنے والے کا حکم: بعض احناف کے نزدیک سب (گالی) صحابہ کرنے والا کافر ہے۔ شوافع کے نزدیک سب کرنا حرام ہے اور بہت سخت محرمات میں سے ہے۔ قاضی عیاض کے نزدیک کسی ایک صحابی کو سب کرنا (گالی بکنا) گناہ کبیرہ و حرام ہے۔ جمہور کا مذہب یہی ہے کہ اس کو تعزیر دی جائے گی۔

اہل سنت و جماعت کا مؤقف: امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب صحابہ کرنا کفر نہیں ہے؟ اور وہ شخص جو سب کرنے والا ہو اہل سنت و جماعت کے نزدیک اسلام سے خارج نہیں ہو گا۔ یہ مسلم ہے کہ سب کرنا قتل کرنے سے کم درجہ کا گناہ ہے۔ ہاں اگر کوئی شخص حلال سمجھ کر قتل کرے یا سب کرے تو وہ لامحالہ کافر ہوگا۔ شرح عقائد میں ہے: "صحابہ کو سب کرنا اور ان پر طعن کرنا اگر ادلہ قطعیہ کے مخالف ہو تو کفر ہے۔ مثال کے طور پر "حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانا" ورنہ فسق و بدعت ہے۔

السوال الثانی :۔(الف) عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰی رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَ ھُوَ یَعِظُ اَخَاہُ فِی الْحَیَاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَعْہُ فَاِنَّ الْحَیَاءَ مِنَ الْاِیْمَانِ ۔

ترجم ھذا الحدیث الی الاردیۃ بعد تشکیلہ؟

جواب: اعراب: اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیئے ہیں۔

ترجمہ حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بیشک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم انصار کے ایک شخص کے پاس سے گزرے، تو وہ اپنے بھائی کو حیاء سے متعلق نصیحت کر رہا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو چھوڑ دو، کیونکہ حیاء ایمان سے ہے۔

(ب) کم قسما للحیاء؟ و ایضا ھل الحیاء جزء الایمان ام لا؟ مع اختلاف الزیادۃ و النقصان فی الایمان؟

جواب: حیاء کی اقسام: حیاء کی دو اقسام ہیں: (۱) جبلی اور فطری، (۲) کسبی۔

۱۔ جبلی و فطری: یہ انسان کی وہ خوبی ہوتی ہے، جو اسے بُرے کاموں سے روکتی ہے اور اچھے و نیک کاموں پر ابھارتی ہے۔

۲۔ کسبی: یہ وہ خوبی ہوتی ہے جسے انسان اپنے ارادہ و اختیار سے حاصل کرتا ہے مثال کے طور پر بندہ کا اللہ سے حیاء کرنا، اس کے سامنے کھڑا ہونے کے سبب اس کی نافرمانی کرنی چھوڑ دے، اسے شرعی حیاء بھی کہا جاتا ہے۔

حیاء ایمان کا جزء ہے یا نہیں: حیاء ایمان کا جزء ہے، حیاء سے وقار و اطمینان حاصل ہوتا ہے، کیونکہ حیاء ایک طبعی و فطری وصف ہوتا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ایمان کا ایک جزء قرار دیا ہے جبکہ ایمان اکتساب ہے اور حیاء کرنے والا حیاء کے سبب گناہوں سے رک جاتا ہے، خواہ اس کی نیت نہ ہو۔

حیاء سے ایمان میں کمی یا زیادتی کا ہونا: حیاء ایمان کی نشانی ہے۔ جس قدر حیاء زیادہ ہوگی اسی قدر ایمان بڑھتا جائے گا۔ جس قدر حیاء میں کمی ہوگی ایمان میں بھی اسی قدر کمی آتی جائے گی، کیونکہ حیادار شخص اللہ سے حیاء کی وجہ سے گناہوں سے خود کو بچاتا ہے اور نیک کاموں کی طرف راغب ہو کر اللہ کی خوشنودی حاصل کر لیتا ہے، جو اس کے ایمان میں اضافے کا سبب بنتی ہے۔

السوال الثالث :۔(الف) عن عائشۃ رضی اللہ عنھا قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تحرم المصۃ و المصتان، قالت عائشۃ کان فیما انزل اللہ من القرآن عشر رضعات یحرمن ثم نسخن بخمس معلومات یحرمن فتو فی النبی صلی اللہ علیہ وسلم و ھن مما یقرأ من القرآن .

ترجم الحدیث الی الاردیۃ؟

جواب: ترجمۃ الحدیث: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک یا دو مرتبہ (دودھ) چوسنا حرمت کو ثابت نہیں کرتا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ پہلے اللہ تعالیٰ نے قرآن میں دس مرتبہ دودھ پینے سے حرمت ثابت ہونے کا حکم نازل کیا تھا، پھر اسے منسوخ کر کے پانچ مرتبہ پینے سے حرمت ثابت ہونے کا حکم نازل ہوا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا اس وقت یہ آیت قرآن کے اس حصہ میں تھی جسے تلاوت کیا جاتا ہے۔

(ب) ما المراد بقول عائشۃ عند الجمہور؟ واذکر ایضًا اختلاف الائمۃ الکرام مدۃ الرضاعۃ و مقدارھا؟

جواب: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے قول کی وضاحت: جمہور کے نزدیک حضرت عائشہ رضی

H_M_Hasnain_Asadi

اللہ عنہا کے قول سے مراد یہ ہے کہ نسخ آپ کے وصال مبارک سے کچھ عرصہ پہلے ہوا تھا، جن لوگوں تک اس کی خبر نہ پہنچی وہ اس کی تلاوت کرتے رہے مگر بعد میں اس کی تلاوت کو منسوخ کر دیا گیا لیکن حکم باقی رہا۔

<u>مدت رضاعت اور اختلاف آئمہ:</u> رضاعت کی مخصوص مدت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ۳۰ ماہ ہے۔ صاحبین فرماتے ہیں: دو سال ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ بھی اسی کے قائل ہیں۔ امام زفر رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ تین سال ہے۔ امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کا قول بھی یہی (دو سال) ہے۔

<u>مقدار رضاعت اور اختلاف آئمہ:</u> امام مالک اور احناف کے نزدیک قلیل دودھ پلانے یا زیادہ پلانے کے درمیان کوئی فرق نہیں۔ جب معدہ تک پہنچ جائے خواہ ایک گھونٹ ہو تو حرمت رضاعت ثابت ہو جائے گی۔ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک پانچ مرتبہ دودھ پلانے سے حرمت رضاعت ثابت ہوگی۔

القسم الثانی ... الآثار السنن

السوال الرابع:۔(الف) عَنْ مُعَاذَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ عَائِشَةَ فَقُلْتُ مَا بَالُ الْحَائِضِ تَقْضِي الصَّوْمَ وَلَا تَقْضِي الصَّلَاةَ فَقَالَتْ أَحَرُورِيَّةٌ أَنْتِ قُلْتُ لَسْتُ بِحَرُورِيَّةٍ وَلٰكِنِّي أَسْأَلُ قَالَتْ يُصِيبُنَا ذٰلِكَ فَنُؤْمَرُ بِقَضَاءِ الصَّوْمِ وَلَا نُؤْمَرُ بِقَضَاءِ الصَّلٰوةِ ۔

شكل هذا الحديث و ترجمه الى الاردية؟

<u>جواب: اعراب:</u> اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیے گئے ہیں؟

<u>ترجمہ حدیث:</u> حضرت معاذہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: حائضہ کو کیا ہے کہ وہ روزے کی قضاء کرتی ہے اور نماز کی قضاء نہیں کرتی؟ تو آپ نے فرمایا: کیا تو خارجیہ ہے؟ میں نے جواب دیا: نہیں! میں خارجیہ نہیں ہوں لیکن میں مسئلہ پوچھ رہی ہوں، تو آپ نے فرمایا: جب ہم حیض سے ہوتیں تو ہمیں روزے کی قضاء کا حکم دیا جاتا تھا اور نماز کی قضاء کا حکم نہیں دیا جاتا تھا۔

(ب) اذكر اختلاف الائمة الكرام فى مدة الحيض و الدلائل؟

<u>جواب: مدت حیض میں اختلاف آئمہ:</u>

[illegible]

۱۔ امام ابوحنیفہ، سفیان ثوری، اہل کوفہ اور ابن مبارک رحمہم اللہ کا موقف یہ ہے کہ حیض کی اقل مدت تین دن رات اور اکثر مدت دس دن رات ہے۔

۲۔ عطاء بن رباح، امام مالک، امام شافعی، امام احمد، امام اسحاق، امام اوزاعی اور ابوعبید رحمہم اللہ کا موقف ہے کہ حیض کی اقل مدت ایک دن رات اور اکثر مدت پندرہ دن رات ہے۔

<u>حیض کے رنگ:</u> حیض کا خون چھ رنگوں میں سے ایک رنگ کا ہوتا ہے، وہ چھ رنگ یہ ہیں:

۱۔کالا	۲۔سرخ	۳۔سبز
۴۔خاکستری	۵۔سرخی مائل سیاہ	۶۔زرد

السوال الخامس:۔ (الف) عن علقمة قال قال عبد الله بن مسعود رضى الله عنهما الا اصلى بكم صلوٰة رسول الله صلى الله عليه وسلم فصلى فلم يرفع يديه الا فى اول مرة ۔

ترجم الحديث و بين هل هو موقوف او مرفوع من اقسام الحديث؟

<u>جواب: ترجمہ حدیث:</u> حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جیسی نماز نہ پڑھاؤں؟ پھر انہوں نے نماز پڑھائی، تو سوائے پہلی مرتبہ کے رفع یدین نہ کیا۔

<u>موقوف یا مرفوع اقسام حدیث میں سے ہیں:</u> جی ہاں! موقوف اور مرفوع دونوں اقسام حدیث میں سے ہیں۔ مذکورہ بالا حدیث' حدیث موقوف ہے، کیونکہ یہ صحابی سے روایت ہے یعنی اصحاب ثلاثہ نے روایت کیا ہے۔

(ب) اذكر اختلاف الائمة الكرام فى رفع اليدين فى الصلوٰة مفصلاً؟

<u>جواب: رفع یدین سے متعلق اختلاف آئمہ:</u>

<u>امام مالک و امام ابوحنیفہ رحمہما اللہ تعالیٰ کا موقف:</u> ان کے نزدیک صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کرنا چاہیے، اس کے علاوہ نہیں۔

<u>دلیل ۱:</u> حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جیسی نماز نہ پڑھاؤں؟ پھر انہوں نے نماز پڑھائی تو سوائے پہلی مرتبہ کے رفع یدین نہیں کیا۔

H_M_Hasnain_Asadi

دلیل ۲: حضرت اسود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عمر بن خطاب کو دیکھا وہ صرف پہلی تکبیر میں رفع یدین کرتے تھے۔

حنابلہ و شافعیہ کا موقف: تکبیر تحریمہ کے علاوہ رکوع میں جاتے اور اس سے اٹھتے وقت رفع یدین کے قائل ہیں۔

دلیل: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا آغاز کرتے تو اپنے ہاتھوں کو کندھوں کے برابر بلند کرتے، پھر جب وہ رکوع کے لیے تکبیر کہتے اور جب وہ رکوع سے اپنا سر مبارک اٹھاتے تو اسی طرح دونوں ہاتھوں کو بلند کرتے اور فرماتے: سمع اللہ لمن حمدہ ربنا و لك الحمد آپ سجدے میں ایسا نہیں کرتے تھے۔

غیر مقلدین کا موقف: غیر مقلدین بھی تکبیر تحریمہ کے سوا رکوع و سجود میں رفع یدین کے قائل ہیں۔

دلیل: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم رکوع اور سجدے میں رفع یدین فرماتے تھے۔

السوال السادس:۔(الف) عن عبد الله قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلى الصلوة لوقتها الا بجمع و عرفات . و عن عائشة كان رسول الله صلى الله عليه وسلم فى السفر يؤخر الظهر و يقدم العصر و يؤخر المغرب و يقدم العشاء .

ترجم الحديثين الى الاردية؟

جواب: ترجمہ حدیث (۱): حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کو اس کے وقت پر پڑھتے تھے، سوائے مزدلفہ و عرفات میں جمع کرنے کے۔

ترجمہ حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر کے دوران نماز ظہر کو مؤخر اور نماز عصر کو مقدم فرماتے۔ نماز مغرب کو مؤخر اور نماز عشاء کو مقدم کیا کرتے تھے۔

(ب) اذكر اختلاف الائمة الكرام فى الجمع بين الصلوتين؟

جواب: دو نمازوں کو جمع کرنے میں اختلاف آئمہ: دو نمازوں کو جمع کرنے کے بارے میں اختلاف آئمہ درج ذیل ہے:

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مذہب: امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف میدان عرفات اور مزدلفہ میں ظہر و عصر اور مغرب و عشاء یعنی دو نمازوں کو اکٹھا پڑھنا جائز ہے اور باقی جگہوں پر اس طرح ایک ساتھ نمازیں نہیں پڑھی جائیں گی۔

امام مالک، امام شافعی اور امام احمد رحمہم اللہ تعالیٰ کا مذہب: ان تینوں آئمہ کے نزدیک میدان عرفات و مزدلفہ کے علاوہ سفر کے دوران، بارش کے وقت، بیماری کی حالت میں، یا دشمن کے ڈر سے دو نمازوں کو ایک ساتھ پڑھنا جائز ہے۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظيم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العالمية (ایم۔اے۔سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

الوقت المحدد	الورقة الخامسة:	مجموع الارقام
ثلاث ساعات	سنن النسائی و ابن ماجة	۱۰۰

الملاحظة: اجب عن سؤالين من كل قسم .

القسم الاوّل --- سنن النسائی

السوال الاول:۔(الف) عن ابى هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا تشد الرحال الا الى ثلثة مساجد مسجد الحرام و مسجدى هذا و مسجد الاقصى .

شكل هذا الحديث و ترجمه الى الاردية؟

(ب) ذهب البعض الى حرمة شد الرحال الى غير المساجد الثلثة عملا بظاهر الحديث فما جوابه عندك؟ اذكره مفصلا؟

السوال الثانى:۔ (الف) عن عائشة رضى الله عنها ان رسول الله صلى الله عليه وسلم افرد الحج .

ترجم هذا الحديث و بين اقسام الحج؟

H_M_Hasnain_Asadi

(ب) قد روی انه صلی الله علیه وسلم افرد الحج وروی انه تمتع وروی انه قرن؟

اذکر التوفیق بین الروایات الثلثة و بین افضلها بالدلیل؟

السوال الثالث :۔(الف) عن عبد الله بن مغفل ان رسول الله صلی الله علیه وسلم امر بقتل الکلاب و رخص فی کلب الصید و الغنم وقال اذا ولغ الکلب فی الاناء فاغسلوه سبع مرات و عفروه الثامنة بالتراب .

(ب) ما الحکم لسؤر الهرة و سؤر الکافر؟

(ج) اذکر اختلاف الائمة الکرام فی تطهیر الاناء اذا ولغ الکلب فیه؟

القسم الثانی ـــ سنن ابن ماجة

السوال الرابع :۔عن علی رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یؤمن عبد حتّٰی یؤمن باربع بالله وحده لا شریك له و انی رسول الله و بالبعث بعد الموت و القدر .

(الف) ترجم هذا الحدیث بعد تشکیله؟

(ب) بین تعریف القدر و اقسامه وجواب الاعتراض علیه؟

السوال الخامس :۔عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من سئل عن علم یعلمه فکتمه الجم یوم القیمة بلجام من نار؟

(الف) ترجم الحدیث و اکتب اسم ابی هریرة وعدد مروياته .

(ب) اکتب فضیلة العلم و العلماء فی ضوء القرآن و الحدیث و لا تکن اقل من خمسة عشر سطرا؟

السوال السادس :قال اغارت علینا خیل رسول الله صلی الله علیه وسلم فاتیت رسول الله صلی الله علیه وسلم وهو یتغدی فقال ادن فکل قلت انی صائم قال اجلس احدثك عن الصوم او الصیام ان الله عزوجل وضع عن المسافر شطر الصلٰوة و عن المسافر و الحامل و المرضع الصوم او الصیام و الله لقد قالهما النبی صلی الله علیه وسلم کلتا هما او احد اهما فیالهف نفسی فهلا کنت طعمت من طعام

رسول الله صلی الله علیه وسلم .

(الف) ترجم هذا الحدیث الی الاردیة؟

(ب) اذکر اختلاف الائمة الکرام فی صوم الحامل و المرضع مفصلًا؟

☆ ☆ ☆

درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

الورقة الخامسة: سنن النسائی و ابن ماجة

القسم الاوّل ـــ سنن النسائی

السوال الاول :۔(الف) عن ابی هریرة عن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لاتشد الرحال الا الی ثلثة مساجد مسجد الحرام و مسجدی هذا و مسجد الاقصٰی .

شکل هذا الحدیث و ترجمه الی الاردیة؟

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلٰی ثَلٰثَةِ مَسَاجِدَ مَسْجِدِ الْحَرَامِ وَ مَسْجِدِیْ هٰذَا وَ مَسْجِدِ الْاَقْصٰی .

جواب: اعراب: اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمہ حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ سفر کرو تم مگر تین مساجد کی طرف یعنی مسجد حرام، مسجد نبوی اور مسجد اقصیٰ۔

(ب) ذهب البعض الی حرمة شدالرحال الی غیر المساجد الثلثة عملا بظاهر الحدیث فما جوابه عندك؟ اذکره مفصلًا؟

جواب: دوسری مساجد کی طرف سفر کرنے کا حکم: مذکورہ مساجد ثلاثہ کے علاوہ کسی اور مسجد کی طرف سفر حرام نہیں ہے۔ مذکورہ حدیث پاک میں مساجد ثلاثہ میں قصر وحصر کا مطلب یہ ہے کہ اگر تمہیں زیادہ ثواب حاصل کرنے کا ارادہ ہو، تو ان مساجد کی طرف سفر کرو کہ یہ مساجد تمام سے افضل ہیں۔ ان میں نماز پڑھنے کا باقیوں کی بنسبت زیادہ اجر وثواب ہے۔ ان مساجد سے بڑھ کر کسی مسجد کو افضل ماننا منع ہے..... علاوہ ازیں اثر منقول ہے کہ "جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا ستائیس نمازوں کے مساوی ہے" تو

یہ حکم ہر مسجد کے ساتھ تعلق رکھتا ہے، جہاں بھی نماز باجماعت ہو۔ لہٰذا دوسری مساجد کی طرف سفر مذکورہ مساجد ثلاثہ کے علاوہ منع نہیں ہے۔

یہ بات ذہن میں رہے کہ اس حدیث سے مراد یہ ہے کہ ان مساجد کے علاوہ کسی اور مسجد کو ان کے برابر فضیلت کا خیال کرتے ہوئے اس کی طرف سفر کرنا منع ہے۔ ہر سفر منع نہیں ہے، کیونکہ ہر سفر اگر منع ہوتا تو علم حاصل کرنے والدین کی زیارت کے لیے جانے، تجارت کرنے، یا تبلیغ کرنے اور دیگر وجوہات کی بناء پر سفر کرنے کی ممانعت لازم آئے گی حالانکہ ان کے جواز میں کوئی رکاوٹ حائل نہیں ہے۔

مذکورہ مساجد کی فضیلت سے متعلق روایت ہے کہ مسجد حرام میں ایک نماز ادا کرنے کا ثواب ایک لاکھ نمازوں کے برابر ہے جبکہ مسجد اقصیٰ و مسجد نبوی میں ایک نماز ادا کرنے کا ثواب پچاس ہزار نمازوں کے برابر ہے۔

السوال الثانی:۔ (الف) عن عائشة رضی الله عنها ان رسول الله صلی الله علیه وسلم افرد الحج .

ترجم هذا الحدیث و بین اقسام الحج؟

جواب: ترجمہ حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج افراد کیا تھا۔

اقسام حج: حج کی تین اقسام ہیں:

۱۔ حج تمتع: حج تمتع میں حج کے مہینوں میں صرف عمرہ کا احرام باندھے، جب حاجی مکہ پہنچے تو عمرہ کا طواف اور سعی کر کے سر منڈوا لے یا بال چھوٹے کروا لے اور احرام کھول دے آٹھ ذوالحجہ کو صرف حج کا احرام باندھے اور حج کے تمام مناسک ادا کرے۔

۲۔ حج افراد: حج افراد یہ ہے کہ صرف اکیلے حج کا احرام باندھا جائے۔

۳۔ حج قران: میقات سے حج اور عمرہ دونوں کا احرام ایک ساتھ باندھا جائے۔

(ب) قد روی انه صلی الله علیه وسلم افرد الحج وروی انه تمتع وروی انه قرن .

اذکر التوفیق بین الروایات الثلاثة و بین افضلها بالدلیل؟

جواب: حج کی تینوں اقسام میں کونسا حج افضل ہے؟: اس بات پر تمام آئمہ کا اتفاق ہے کہ حج افراد، حج تمتع اور حج قران تینوں جائز ہیں، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تینوں صورتوں کو پسند فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کونسا حج کیا اور ان میں سے کونسی صورت افضل ہے؟ اس سے متعلق مختلف احادیث آئی ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ (حج کے ارادہ) سے نکلے تو آپ نے فرمایا: جو تم میں حج و عمرہ کا احرام باندھنا چاہے، وہ ایسا کرے، جو صرف حج کا احرام باندھنا چاہے، وہ حج کا احرام باندھ لے اور جو عمرہ کا احرام باندھنا چاہے وہ عمرے کا احرام باندھ لے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج افراد کیا، حج تمتع کیا اور حج قران کیا۔

ان میں سب سے افضل حج، حج قران ہے اور یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حج حجۃ الوداع میں قران تھا۔ تمتع یا افراد نہیں۔ احادیث صریحہ اور روایات صحیحہ سے یہی ثابت ہے۔ جس سے زیادہ صحیح اور صریح احادیث میں یہی ذکر کیا گیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج قران کا احرام باندھا تھا۔ حج قران کے افضل ہونے کے حوالے سے دلائل درج ذیل ہیں:

۱۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں عمرہ کا حج کے ساتھ تمتع کیا اور قربانی کی۔ ذوالحلیفہ سے اپنے ساتھ ہدی لے گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے عمرہ کا احرام باندھا اور پھر حج کا احرام باندھا۔

۲۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حج کا عمرہ کے ساتھ قران کیا۔ ان کے لیے ایک طواف کیا اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ایسا ہی کیا تھا۔

۳۔ مروان بن الحکم کہتے ہیں کہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا تھا، انہوں نے سنا حضرت علی رضی اللہ عنہ کہہ رہے تھے: "اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ وَبِحَجٍّ وَ عُمْرَةٍ" حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ قران سے باز نہیں آتے، تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حج اور عمرہ کے ساتھ تلبیہ کرتے ہوئے سنا ہے اور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کو تمہارے کہنے کی وجہ سے نہیں چھوڑ سکتا۔

تطبیق کی صورت: ان احادیث مبارکہ میں تطبیق کی صورت یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

احرام باندھتے وقت مختلف کلمات کہے۔ یعنی ۱- لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ، ۲- لَبَّيْكَ بِعُمْرَةٍ اور ۳- لَبَّيْكَ بِحَجٍّ وَّعُمْرَةٍ۔ تو جن صحابہ نے پہلے کلمات سنے ان کے نزدیک آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج افراد کیا۔ جن صحابہ نے دوسرے نمبر والے کلمات سنے، انہوں نے سمجھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج تمتع کیا ہے اور جن صحابہ نے تیسرے نمبر والے کلمات سنے ان کے نزدیک آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج قران کیا ہے۔ لہٰذا بعض صحابہ نے حج افراد کیا، بعض نے تمتع کیا اور بعض نے قران کیا۔ یوں ان تینوں روایتوں پر عمل ہو گیا۔

السوال الثالث:۔(الف) عن عبد الله بن مغفل ان رسول الله صلى الله عليه وسلم امر بقتل الكلاب و رخص في كلب الصيد و الغنم وقال اذا ولغ الكلب في الاناء فاغسلوه سبع مرات و عفروه الثامنة بالتراب؟

شكل هذا الحديث و ترجمه الى الاردية؟

جواب: اعراب:

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ وَرَخَّصَ فِيْ كَلْبِ الصَّيْدِ وَالْغَنَمِ وَقَالَ اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِي الْاِنَاءِ فَاغْسِلُوْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ وَّعَفِّرُوْهُ الثَّامِنَةَ بِالتُّرَابِ ۔

ترجمہ حدیث: حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں کو مارنے کا حکم دیا، پھر شکاری کتے اور گلے کے کتے کی اجازت دی اور فرمایا: جب برتن میں کتا منہ ڈال کر جوٹھا کر دے، تو اسے سات مرتبہ دھوؤ۔ آٹھویں مرتبہ اس برتن کو مٹی سے مانجھو اور صاف کرو۔

(ب) ما الحكم لسؤر الهرة و سور الكافر؟

جواب: بلی کے جوٹھے کا حکم: بلی کا جوٹھا پاک ہے لیکن مکروہ تنزیہی ہے۔ اگر بلی کے جوٹھے پانی کے علاوہ اور پانی نہ ملے تو اس سے وضو کرنا جائز ہے۔ اگر کسی نے جوٹھے پانی کے علاوہ اور پانی ہونے کے باوجود جوٹھے پانی سے وضو کیا، تو وضو تو ہو جائے گا مگر مکروہ ہوگا۔

کافر کے جوٹھے کا حکم: کافر کا جوٹھا پاک ہے، اس کے استعمال کردہ پانی کا بھی یہی حکم ہے کہ اس سے وضو کرنا جائز ہے۔

(ج) اذكر اختلاف الائمة الكرام في تطهير الاناء اذا ولغ الكلب فيه؟

جواب: اختلاف آئمہ: جب کتا برتن میں منہ ڈال کر اس جوٹھا کر دے، تو اسے پاک کیسے کرنا ہے؟ اس بارے میں آئمہ کا موقف بالدلائل درج ذیل ہے:

امام ابوحنیفہ کا موقف بالدلیل: امام ابوحنیفہ کے نزدیک جس برتن میں کتا منہ ڈال دے اسے تین مرتبہ دھونا کافی ہے۔ آپ کی دلیل یہ روایت ہے:

دلیل: امام ابن عدی نے کامل میں اور امام دار قطنی نے سند صحیح کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کتا جس برتن میں منہ ڈال دے تو برتن کی اس چیز کو گرا دو اور اسے تین مرتبہ دھوؤ۔

امام شافعی، امام مالک، امام احمد اور جمہور فقہاء کا موقف: ان تمام فقہاء کے نزدیک جس برتن میں کتا منہ ڈال دے، اس برتن کو سات مرتبہ دھونا واجب ہے۔ ان کی دلیل یہ حدیث مبارکہ ہے۔

دلیل: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی شخص کے برتن سے کتا پانی پی لے، تو اسے سات مرتبہ دھو لو۔

القسم الثاني ــــ سنن ابن ماجة

السوال الرابع:۔ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُؤْمِنَ عَبْدٌ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِاَرْبَعٍ بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَبِالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْقَدْرِ ۔

(الف) ترجم هذا الحديث بعد تشكيله؟

جواب: اعراب: اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمہ حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ چار چیزوں پر ایمان نہ لائے: اللہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں، میں اللہ کا رسول ہوں، مرنے کے بعد دوبارہ اٹھائے جانے پر اور تقدیر پر۔

(ب) بين تعريف القدر و اقسامه وجواب الاعتراض عليه؟

جواب: تعریف قدر: کسی چیز کے علم و ارادہ اور قول کے مطابق ہونے کو قدر / تقدیر کہتے ہیں۔

اقسام قدر: اقسام قدر تین ہیں:

ا۔ مبرم حقیقی: یہ علم الٰہی میں کسی چیز پر معلق نہیں ہے۔
۲۔ معلق محض: ملائکہ کے صحائف میں کسی شے پر اس کا معلق ہونا ظاہر کر دیا گیا ہے۔
۳۔ معلق شبیہ بہ مبرم: ملائکہ کے صحائف میں اس کی تعلیق نہیں پائی گئی جبکہ اللہ کے علم میں اس کی تعلیق موجود ہے۔

تقدیر پر کیا جانے والا اعتراض مع جواب:

اعتراض: جب سب کچھ تقدیر میں لکھ دیا گیا ہے کہ انسان نے کیا کیا کرنا ہے، تو پھر گناہ کرنے سے انسان کا قصور کیا ہے؟

اعتراض کا جواب: تقدیر کے مسئلہ میں غور و فکر کرنے اور پھر اس میں بحث کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ اسلامی عقائد میں ایک عقیدہ تقدیر ہے اس کا منکر کامل مسلمان نہیں ہو سکتا۔

اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے جو کچھ عالم میں وارد ہونے والا تھا' جو کچھ بندے کرنے والے تھے، اللہ تعالیٰ نے اپنے علم کے مطابق اسے پہلے ہی لکھ دیا تھا۔ کسی کی قسمت میں اچھائی اور کسی کی قسمت میں برائی لکھی۔ اس لکھے جانے نے بندہ کو مجبور نہیں کر دیا، جو اللہ نے لکھ دیا ہے بندہ وہی کام کرے گا۔ بلکہ حقیقت یوں ہے کہ اللہ نے وہ سب کچھ لکھا جو بندہ کرنے والا تھا۔ اگر وہ بھلائی کرنے والا تھا تو اس کی قسمت میں بھلائی لکھ دی اور اگر برائی کرنے والا تھا تو اس کی قسمت میں برائی لکھ دی۔

اس لیے تقدیر کے مسئلے پر بحث کرنے کے بارے میں منع کرنے کے حوالے سے بہت سی احادیث ہیں۔ ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگ تقدیر کے بارے میں بحث کرتے ہیں ان کے بیماروں کی عیادت نہ کرو اور نہ ان کے جنازوں میں شرکت کرو۔

السوال الخامس :۔عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سئل عن علم يعلمه فكتمه الجم يوم القيمة بلجام من نار .

(الف) ترجم الحديث و اكتب اسم ابی هريرة وّعدد مروياته؟

جواب: ترجمہ حدیث: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس سے علم کے حوالے سے کوئی سوال کیا جائے اور وہ اسے جانتا ہو، پھر وہ اسے چھپائے تو روزِ قیامت اسے آگ کی لگام ڈالی جائے گی۔

ابوہریرہ کا نام: عبدالرحمٰن بن صخر

روایت کردہ احادیث کی تعداد: پانچ ہزار تین سو چوہتر (5374)۔

(ب) اكتب فضيلة العلم و العلماء فی ضوء القرآن و الحديث و لا تكن اقل من خمسة عشر سطرا؟

جواب: علم و علماء کی فضیلت پر تراش: علم ایک مینارۂ نور ہے جس سے انسان دوسری مخلوق سے ممتاز ہے۔ قرآن و حدیث میں علم و علماء کی بہت شان بیان ہوئی۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: "اَلرَّحْمٰنُ٥ خَلَقَ الْاِنْسَانَ٥ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ٥" دوسری جگہ ارشاد ہے: "اللہ تعالیٰ تم میں ایمان والوں اور جنہیں علم دیا گیا ہے ان کے درجات بلند فرماتا ہے۔" ارشاد باری تعالیٰ ہے: "هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ط" اس آیت کریمہ میں علم سے عاری لوگوں کو غیرت و حمیت دلائی جا رہی ہے کہ وہ علم سے محروم رہ کر اپنے مرتبہ و مقام سے نہ گریں نہ بلکہ علم حاصل کر کے انسانی مرتبہ پر فائز ہوں۔ اشرف المخلوقات میں اپنا شمار کروائیں۔ اسی طرح بے شمار آثار مبارکہ ہیں، جو علم کی فضیلت پر دال ہیں۔

علماء کی شان میں ارشاد ربانی ہے: "اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ط" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ" یعنی علماء کو انبیاء کا جانشین قرار دیا گیا۔ پھر علماء کو بروز قیامت یہ حق بھی حاصل ہوگا کہ وہ جس کی چاہیں شفاعت کریں گے، اللہ ان کی شفاعت قبول فرمائے گا۔

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قرآن سیکھا اور اسے یاد رکھا' اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کرے گا' اس کے گھر والوں میں سے دس ایسے لوگوں کے حق میں شفاعت قبول کرے گا، جن پر آگ (دوزخ) واجب ہو چکی ہوگی۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے بہتر وہ شخص ہے، جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔"

علم کی طلب ہر مسلمان پر فرض ہے۔

علماء کے لیے زمین و آسمان کی ہر چیز حتیٰ کہ پانی میں موجود مچھلیاں بھی اس کے لیے دعائے مغفرت کرتی ہیں اور عالم شخص کو عابد پر وہی فضیلت حاصل ہے، جو چاند کو ستاروں پر ہوتی ہے۔

السوال السادس :۔قال اغارت علينا خيل رسول الله صلى الله عليه وسلم فاتيت

رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو يتغدى فقال ادن فكل قلت انى صائم قال اجلس احدثك عن الصوم او الصيام ان الله عزوجل وضع عن المسافر شطر الصلوٰة وعن المسافر و الحامل و المرضع الصوم او الصيام و الله لقد قالهما النبى صلى الله عليه وسلم كلتا هما او احد اهما فيالهف نفسى فهلا كنت طعمت من طعام رسول الله صلى الله عليه وسلم .

(الف) ترجم هٰذا الحديث الى الاردية؟

ترجمہ حدیث: وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھڑ سواروں نے ہم پر حملہ کر دیا، تو میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا، آپ اس وقت کچھ کھا رہے تھے، تو آپ نے فرمایا: ''آگے ہو جاؤ اور کھالو۔'' میں نے عرض کیا: میں نے روزہ رکھا ہوا ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بیٹھو میں تمہیں روزے کے بارے میں بتاتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے مسافر سے نصف نماز معاف فرمادی ہے اور مسافر اور حاملہ و دودھ پلانے والی عورت سے روزہ کو معاف کر دیا ہے۔ (یہاں صوم/صیام لفظ میں راوی کو شک ہے) راوی کہتے ہیں اللہ کی قسم! نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یا تو دونوں الفاظ استعمال کیے یا ان میں سے ایک' مجھے اپنے اوپر افسوس ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دسترخوان سے کیوں نہ کھایا۔

(ب) اذكر اختلاف الائمة الكرام فى صوم الحامل و المرضع مفصلًا؟

جواب: امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف: اگر حاملہ اور مرضعہ کو اپنی یا بچے کی جان کا خطرہ، تو دفع حرج کے لیے روزہ نہ رکھیں اور بعد میں قضاء کریں۔ ان پر کفارہ واجب نہ ہوگا، کیونکہ ایسا عذر کی وجہ سے ہے اور ان پر فدیہ بھی واجب نہیں ہوگا۔

امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف: امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک حاملہ اور مرضعہ روزے کی قضاء بھی کریں گی اور ان پر فدیہ بھی ادا کریں گے۔

☆ ☆

کتب کا مرکز
ادارہ ضیاء السنہ
0306-6521197
آن لائن ڈیلیوری کی سہولت موجود ہے

تنظیم المدارس، کنزالمدارس، نظام المدارس، وفاق المدارس العربیہ اور دیگر بورڈز
کی کتابیں، داخلہ جات، امتحانی مسائل کے حل، گزشتہ پیپرز، اور دیگر اپڈیٹس حاصل
کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں۔

www.ahlesunnatboardspak.com

Follow Our Social Media Account:

1. **Whatsapp Channel (https://whatsapp.com/channel/0029VaFmkdD0VycHbvDRY70I)**
2. **Youtube (https://youtube.com/@ahlesunnatboards)**
3. **Tiktok (https://www.tiktok.com/@ahlesunnatboardspak)**
4. **Facebook Page (https://www.facebook.com/ahlesunnatboardspak)**